[illegible] لکھا

[illegible] فضل خلاق زمان [illegible]

[illegible] مسمّیٰ

تاریخ متقدمین

جسکو

مولوی غلام مصطفیٰ (مولوی فاضل و زبدۃ الحکماء) بی اے

مدرس علوم [illegible] آرٹ فنون حکمیہ کالج علوم مشرقی لاہور نے

زیر ہدایت

جناب عالی [illegible] ڈاکٹر جی ڈبلیو لیٹنر صاحب بہادر ایم اے پی ایچ ڈی

رجسٹرار [illegible] بانی [illegible] پنجاب

باہتمام [illegible]

[illegible] اردو زبان میں تالیف و طبع ک[illegible]

[illegible] مطبع انجمن پنجاب لاہور میں چھاپا گیا

[illegible] ذخیرہ [illegible]

134947

فہرست مضامین تاریخ متقدمین

ابواب	فہرست مضامین تاریخ متقدمین	صفحہ
پہلا باب	مصر کی تاریخ مین	۱
دوسرا باب	اتھیوپیا (نوبیا یا سینیا) کی تاریخ مین	[illegible]
تیسرا باب	آسیریا (آشور) و ببلونیا کی بیان مین	[illegible]
چوتھا باب	ایشیا کوچک و سیریا (شام) و پیلسٹائن) کے بیان مین	[illegible]
پانچوان باب	پیلسٹائن یعنے کنعان کی تاریخ مین	[illegible]
چھٹا باب	میڈیا (ماده) و فارس کے تاریخ مین	[illegible]
ساتوان باب	کارتھیج کے بیان مین	[illegible]
آٹھوان باب	یونانی ریاستونکے بیان مین	
نوان باب	یونان کی ریاستون اور بستیونکی تاریخ مین جنگ فارس [illegible]	
دسوان باب	یونان کی قدیم زمانہ کی تاریخ مین فارس کی لڑائیونکی [illegible]	[illegible]
گیارہوان باب	مقدونیہ (میسیڈونیہ) کی تاریخ مین	[illegible]
بارہوان باب	اُن ریاستون کی تاریخ مین جو مقدونیہ کی سلطنت کی زوال کے بعد [illegible]	[illegible]
تیرہوان باب	ملک اطالیہ کی قدیم تاریخ مین	[illegible]
چودہوان باب	جزیرہ سسلی (صقلیہ) کی تاریخ مین	
پندرہوان باب	روما کی جمہوری سلطنت کی تاریخ مین	
سولہوان باب	سلطنت روما کی جغرافیہ اور ملکی حالات کی [illegible]	[illegible]
سترہوان باب	سلطنت روما کی تاریخ مین	[illegible]
اٹھارہوان باب	ہندوستان کی قدیم تاریخ مین	[illegible]

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حمد اُس احکم الحاکمین کو سزاوار ہی کہ جسکے حکم کے محکوم جن و انسان ہین زیر فرمان زمین و آسمان ہین شمس و قمر اطاعت کے حلقہ مین سرگردان ہین متقدمین اور متاخرین فرمانبردار ہین اور جسکی شان مین یہ شعر شایان ہین

قدم ہے ذات کبریا ہی کہ جسکی ذات مبدا خلق کا ہی - وہی ہی ابتدا ہر ابتدا کی وہی ہی انتہا کے انتہا ہے

نعت اُس سید المرسلین امام المتقدمین فخر المتاخرین کو زیبا ہی کہ جسنے عالم برایا خلایق کو کوچہ غوایت سے نکالکر منزل صحیح کا راستہ بتایا اور ثنا اُس سلطان الانبیا و تاج الاصفیا کو لایق کہ جسنے تمام شاہان جہان کو اپنا مطیع اور منقاد بنایا صلی اللہ علیہ وعلی والہ واصحابہ اجمعین -

بی شک ہی شاہنشاہ اقلیم نبوت کا ولی ہر ملک کا اور کارفرما ہر ولایت کا سرفراز ان مین اسکو خود خدا نے تاج بخشا ہی سعادت کا سیادت کا شرافت کا نجابت کا حمد و نعت کے بعد اقل العباد ہی بندہ غلام مصطفی ولد مولوی فضل الدین سلمہ اللہ القوی المتین ارباب فطرت اور اصحاب خبرت کی خدمت مین عرض پرداز ہی کہ جب جناب معلی القاب وحید العصر جناب ڈاکٹر جی ڈبلیو لیٹنر صاحب بہادر ایم اے کے ارشاد سے تعلیم تاریخ متقدمین ٹیلر صاحب اِس عاصی پر معاصی کیطرف گذشتہ ایام مین تحویل ہوئی تو اُسوقت یہ فکر لاحق اور دامنگیر ہوئی کہ یہ کتاب لاجواب چونکہ اردو مین نایاب ہی اور جسکے ترجمہ کی ضرورت پنجاب یونیورسٹی کو عرصہ دراز سے بسبب ہی کسیطرح ترجمہ ہوکر رایج اور شایع ہو تاکہ طلبا پنجاب یونیورسٹی کو فایدہ تام حاصل ہو اسلئے مینے نہایت جانسوزی اور عرق ریزی سے تدوین اور تالیف پر کمر باندہکر اُن اوراق [illegible] اکمل المترجم افضل ماسٹر جودھیا پرشاد صاحب [illegible]

بسم اللہ الرحمن الرحیم

134947

مصر وہ ملک ہے جہان سب سے اول ریاست کا قاعدہ نکلا۔ اور انتظام ملک کے دستور اور آئین جاری ہوئے مگر یقیناً یہہ نہین کہا جا سکتا کہ سنہ مین اس سے پہلے یہہ صورت نہ تھی +

سب سے اول اس طرح کی عقل اور شائستگی مین ترقی کرنے کا باعث غالباً اس ملک کی حیثیت ہوئی۔ چونکہ اول اہل زراعت کی غرض سے دریا کی کنارون پر اکثر لوگ متفق ہوکر رہنے لگے اسلئے یہ اختلاط شائستگی کا باعث ہوا ملک مصر صرف دریاے نیل کے باعث سے ہے شاداب و سیراب نہین ہے بلکہ اوسکی سالانہ طغیانی لوگون کے عادات و اطوار و مذاہب و علوم و طریق معاشرت پر اوس سے زیادہ تر موثر ہے یہی سبب ہے کہ حزقیل نبی نے مصر پر غضب الٰہی کو ان الفاظ سے تعبیر کیا۔ کہ دیکھ مین تیرا اور تیری دریا کے خلاف ہوکر یہ سرزمین مصر کو بالکل ویران کردونگا۔ غالباً مصر مین شائستگی جنوب سے شمال کیجانب پہیلی ہے اسلئے ہم مصر کا حال سرحد جنوبی سے شروع کرتے ہین دریاے نیل شہر سینی کے قریب آبشار سے نیچے مصر مین داخل ہوکر کیمیس یا چیمیس تک ایک تنگ قطعہ مین جو ۹ میل فراخ ہے بہتا ہے۔ وہان سے آگے بڑھکر وہ قطعہ کشادہ ہوتا جاتا ہے۔ شہر سرکی سورس تک جو اوسکے دہانہ سے ۲۰ میل وری ہے برابر بہتا چلا جاتا ہے +

وہان پہونچکر دو شاخون مین منقسم ہو جاتا ہے جسکو ڈلٹا کہتے ہین اوس تنگ قطعہ اور چیمیس کے مابین واقع ہے اپر ایجپٹ یعنی مصر علیا کہتے ہین۔ اور درمیانی قطعہ کو مڈل ایجپٹ یعنے مصر وسطی۔ اور ڈلٹا کا نالور ایجپٹ یعنی مصر سفلی۔ مصر سفلی مین بارش بہت ہوتی ہے اور اوسکی شمالی اضلاع مین بالکل مینہ نہین برستا۔ صرف دریا کی سالانہ طغیانی

Marfat.com

پر اسملک کی زرخیزی منحصر ہے اگر یہہ نہو تو یہہ سرسبز قطعہ چند روز مین بنجر اور جنگل بنجاے۔
اس طغیانی کا باعث وہ کثرت بارش ہے جو ملک حبش مین مئی سے ستمبر تک رہتے ہے۔
[illegible] جنکا حال آجتک معلوم نہین ہوا نیل مین آکر گرتے ہین نیل کی طغیانی
[illegible] جون سے شروع ہوکر جولائی مین بڑہتی جاتی ہے اور اگست مین پانی کنارون سے باہر
[illegible] بہا کر اول اکتوبر سے کم ہوتا جاتا ہے یہانتک کہ آخر اکتوبر کو اصلی حالت
پر آجاتا ہے اس [illegible] سیرابی کی باعث سے اکثر ایک سال مین دو فصلین ہوتی ہین وادی نیل کے مشرق
[illegible] ایک سلسلہ پہاڑ کا بحرہ قلزم تک چلا گیا ہے اسملک مین زراعت نہین ہوتی مگر بعض جگہہ
[illegible] پانے کے قابل ہین البتہ سنگ مرمر اور اکثر عمدہ عمارتی پتہر انہین کانون سے نکالا ہوا ہے۔
اور [illegible] ضلع نیلی اور آبشار کیطرف سے نکلتا ہے۔ قدیم زمانہ مین جو مصریون نے
[illegible] عمارتین اور بہت بنائی تہے وہ بڑے بڑے پتہر انہین کانون سے نکلے تہے چنانچہ ایسی [illegible]
[illegible] پہاڑون کی شمال کیجانب لیٹوپولس تک بہریری پتہر کی پہاڑی قطار [illegible]
[illegible] نظر آتی ہے۔ مصر علیا مین کل مندر ایسے پتہر کے بنے ہوئے ہین [illegible]
[illegible] انہین پتہرونسے چونا بن سکتا ہے جو کہ منارونکی تعمیر مین مصالح کا
[illegible] ہے۔ [illegible] تجارتی اسباب ان کہانیون سے لائے جاتے ہین نیل کے مغرب کیطرف ایک
[illegible] ہوتی ہوئی صحرائی اعظم سے جاملتی ہے اسمین ریت کی ٹیلی [illegible]
[illegible] زمانہ قدیم کی سیکڑون قبرین مقبرے [illegible] ہین جنکے دیکھنے
[illegible] صحرا کی [illegible] سے وادی نیل کی بڑی [illegible] ہے
[illegible] ریت مین غرقاب ہوجاتا۔
[illegible] کی بڑی جو صحرا ہے وہ ریگستان ایک بحر ذخار ہے اور کہین کہین اسمین نخلستان
[illegible] بھی واقع ہین۔ انمین سے بڑے نخلستان مین جو [illegible] امن دیوتا کا مندر
[illegible] علیا مین قدیم زمانہ کی نشانیان بکثرت پائی جاتی ہین نیل کی پہلی آبشار کے

Marfat.com

سررشتہ تعلیم نے ہنگام اسسٹنٹ پروفیسری اورینٹل کالج مین اس احقر کو ترجمہ کروایا تھا اور جس ترجمہ کی وساطت سے کئی طلبار نے آجتک امتحان پروفیشنسی کا پاس کیا تھا معہ بعض حصص تراجم دیگر اسسٹنٹ پروفیسرونکے جو انہون نے اپنے اپنے عہد مین وقتاً فوقتاً کیے تھے باہم مقابلہ کیا اور سبکو جمع کرکے ایک نئی کاپی کو جو کہ ساتھ اصل کتاب کے ہر باب مین مطابق اور ہر فصل مین موافق ہے لکھنا شروع کیا۔ اور احباب ذی استعداد کی امداد سے جنکا مولف نہایت مشکور و ممنون ہے عرصہ تین سال مین پورا کیا۔ اور حسب ہدایت کمیٹی کارکن مختصر کو باتفصیل اور مفصل کو بالاجمال بیان کیا۔ بعض احبار عظام اور دوستان کرام کی تحریک سے قصد چھپوانیکا کیا۔ اگرچہ مین جانتا تھا کہ ایسے کام مشکل مین ہاتھ ڈالنا از قبیل محالات ہے کیونکہ وہی بات ہے کہ چھوٹا منہہ اور بڑی بات ہے مگر اس بات کے خیال کرنیسے کہ اپنے معظمون اور مکرمونکے حکم کی تعمیل کے قصد کرنے مین خدا کی تائید ہوتی ہے خاصکر کے ایسی حالت مین جبکہ وہ کام سراسر مفید عام ہو علاوہ اسکے حسب مضمون اس بیت کے۔ بہر کارے کہ ہمت بستہ گردد۔ اگر خارے بود گلدستہ گردد۔ میری ہمت قوی ہوگئی اور خدا پر بھروسا کرکے اس حکم کی تعمیل کرنی شروع کی۔ مینے اسکی طیاری اور محنت اور جانفشانی مین کسی نوع کی کوتاہی اور کاہلی وجودی نہین کی بلکہ کئی فصلین جو مختصر ٹیلر مین نہین تھین بڑی کتاب سے ترجمہ کراکے ایزاد کین۔ اور حتی الوسع اپنی دانست مین کوئی شمہ صحت الفاظ اور نام وغیرہ کا یا کوئی دقیقہ جسکا جاننا طالب العلم تاریخ ہذا کو ضروری ہے فروگذاشت نہین کیا۔ باب اول سے اخیر باب تک ترتیب ابواب اور فصول کے وہی ہے جو کہ اصل کتاب سالم مین مصنف نے لکھی ہے۔ ناظرین پڑھکین جسوقت چاہین ترجمہ ہذا کو اصل کتاب کے ساتھ مقابلہ کرین ممکن نہین کہ تا عموماً مطلب مین فرق نہ پائینگے اور لغزش اور خطا کو جو کہ مقتضائے بشریت ہے معاف کرینگے اور اصلاح اغلاط وغیرہ سے طبع ثانی کے لئے بندہ کو ممنون فرماوینگے +

[illegible]

چونکہ کتب مترجمہ مین عبارت آرائی بہت ہی مشکل بلکہ ناممکن ہی لہذا ہر باب اور ہر فصل مین مولف سلیس اُردو قریب الفہم کو کام مین لایا ہی تاکہ مطلب جدا اور عبارت مربوط ہو۔ اور ترجمہ کرنا اور ایک زبان کے مطلب کو دوسری زبان مین لانا نہایت دشوار ہی مگر مینے حتی المقدور ایسی کوشش کی ہی کہ باوجود رعایت لفظی ترجمہ کی عبارت کو مطلب خیز اور مضمون کو معنی انگیز ایسا صاف لکھا ہی کہ شاید ہی وہ دقتین پیش آئینگین جو لفظی ترجمہ کے سمجھنے مین اکثر لاحق ہوتی ہین ہرچند اسامی انگریزی اور لاٹن کے پڑھنے مین ناظرین کو دقت ہوگی لیکن یہ امر لاچاری ہی کیونکہ ہر ایک نام کو دوسری زبان مین بدلنا ناممکن ہی۔ اور اکثر نامون کے معانی خط قوسی مین انکے فارسی عربی وغیرہ نام مندرج ہین اور مجھکو کچھ مولف یا مصنف کہلانے کا شوق نہین ہی میری غرض صرف اتنی ہی کہ میرے ہموطنونکو حالات متقدمین کے سہولت کیساتھ دریافت ہون اور پنجاب یونیورسٹی کے متعلمین کو امتحانات متعینہ مین سہولت تام حاصل ہو اور نیز صاحبان یورپین اور گورنمنٹ کالج کے متعلمین کو اسکے ترجمہ سے اُردو زبان مین دسترس اور واقفیت عمدہ پیدا ہو ✦

قبل اسکے کہ مولف اس دیباچہ کو ختم کرے چاہتا ہے کہ اُن صاحبون کا کہ جنسے اس کتاب کے مسودہ نقل طباع مین مقابلہ کے وقت مدد پونہچی ہی شکریہ بجالاوے اُن مین سے میرے عنایت فرما مولوی محمد حسین صاحب ایم بی اے اسسٹنٹ پروفیسر ریاضی کالج علوم شرقی اور ناسخ شیخ الدین صاحب انصاری مترجم انجمن پنجاب وغیرہ و منشی محمد علی صاحب مدرس اسٹنٹ جان لارنس کے سید اولاد علی صاحب بی اے ہین - ان صاحبون نے مجھپر ایسی عنایت کی اور تقویت بخشی کہ اُسکا شکریہ مجھسے ادا نہین ہوسکتا سچ تو یون ہی کہ اگر مولف کو ایسی مدد نہ ملتی تو کتاب ایسی خوبصورتی اور صفائی کیساتھ نہ چھپتی ✦ و آخر دعوانا الحمد للہ رب العالمین

Marfat.com

آگے فلی اور ایلفن ٹائن دو جزیرے واقع ہین اور انمین بہت سی عمارتین کہنہ یعنے کہنڈرات جنکو
یونانیون اور رومانیون اور عربون نے بنایا تہا پائی جاتی ہین سینی سے شمال کیطرف شہر ہاے
آومبوس اور سلسیلس اور ایلتہیا واقع ہین انسے آگے ای ڈیو دیوتا کا مندر ہے جو کہ
تہیبز کے مندر کے سوا سب سے افضل ہے وہان سے شمال کیجانب جیتولیس اور لیٹو پولس اور
ہرمون تہس کے کہنڈر ہین ۔ مصر علیا کی دار الخلافہ کا نام عفریت تہیبس جسکو ڈاس پولس
یعنے جیوپیٹر یا امین کا شہر بہی کہتے ہین دنیا کی ایک عجائبات مین سے ہے ۔ اسکی ۱۰۰ دروازے تہی
اسکی نام پر ایک شہر ملک یونان کی صوبہ بیوشیا مین تہا اسلئے یونانیون نے تہیبس مصر کا نام ہکیٹم پلاس
رکہا ہوا تہا ۔ اسمین ایک مندر بنام ممنن تہا اور جب اسپر آفتاب کے کرنین پڑتے تہین تو مثل آدمی کی صاف آواز سے
باتین کرتا تہا اور اس شہر کے ہومر شاعر یونان نے بہت تعریف لکہی ہے ۔ اور یہہ شہر دریا کی دونون
طرف جو کہ آدہ میل چوڑا ہے بنا ہوا تہا اور اسکی ۹ میل کی گردی مین بڑے مندر اور ... اور
ابلسک اور قبرستان واقع تہی ۔ دریا کی مغرب کے طرف ایک محل مندر جسکو مدینہ ... تہا ممنون کا ...
کا مندر اور خاندان عثمانیہ کے شاہی محل اور قبرین تہین ۔ سب سے بڑا ... ۲۲ ...
ہوگا ۔ مشرق کیطرف ہندر لکسور اور کارنک کے تہے ۔ انمین عجیب مورتین بنی ہوئی تہین دریا کی مغرب کیطرف ...
پہاڑون مین بڑی بڑی غار موجود ہین اور بادشاہون اور امیرون اور علما کی مقبرے ہین جنکو دیکہنے سے قدیم
باشندون کا حال منکشف ہوتا ہے ۔ تہیبز سے آگے ... شہر ... تی رس ... ہین واقع
یہان ایک بڑی عالیشان مندر منطقۃ البروج کا نقشہ لکہا ہوا ہے جو کہ سب سے اول ... ہے

مصر وسطی کا بیان

اسکو ہپٹی نومیز بہی کہتے ہین یہہ علیا سے زیادہ چوڑا ہے پہلی دار الخلافہ ... جسکو بائبل مین
منف کہتی ہین اور یہہ آرسینی کے آگے نیل کے مغربی کنارہ پر واقع ہے اور فرعون کا ... جبکہ مین ابراہیم یوسف ...
مصر مین آکر بسے تہی دار الخلافہ تہا اور قوم ہکسوس کا بہی تہا ۔ بعد خارج ہونے قوم ہکسوس کے تہیبز مقرر کیا گیا ۔
اور یہان ایک عجیب ... جو قدیمی تاریخ مین بہت مشہور ہے شہر آرسینو کے پاس تہا جسے شہر کروکو ڈائلس یعنے نگرمچہ نگر کا

شہر ہی کہتی ہین اور میرس کی جہیل واقع تہی اور ضلع فیوم بباعث زرخیزیکی نہایت مشہور تہا اور ممفس کا شہر یا آرسینو خاصکر زیادہ زرخیز تہا اور بہول بہلیان اسکی قریب تہین لیکن اب صرف پتہرونکا ٹیلہ نظر آتا ہے ہیریکلیو پولیس اہرام ممفس سے لیکر ڈیلٹا تک بنی ہوئی تہے بڑی مینار کے احاطہ کی زمین کا رقبہ دس لاکہہ ستر ہزار مربع فٹ کی قریب تہا انہین سی دو مینار چیالیس اور کیفرنیس کے بہت مشہور ہین ٭

مصر سفلی کا بیان

مشرقی پہاڑیکا سلسلہ قاہرہ پر ختم ہوجاتا ہے مگر مغربی کا صحرائی لیبیا تک چلا گیا ہے - یہہ مقام زرخیز ہے مگر کل ڈیلٹا زرخیز نہین ہے٭ چونکہ یہہ صوبہ بشکل مثلث ہے اسلئے اسکا نام ڈلٹا ہوگیا ہے جسکی سرحد کیسورس سے شروع ہوئی اور وہانسے متعدد دہارین نیل کی بحیرہ روم مین گرتی ہین اور ایک دہانہ کا نام پلوسیم اور دوسریکا نام کناپک ہے کہ بسبب دو شہر پلوسیم اور کناپس جنکو حال مین ڈمیاط اور روسٹا یعنی رشید کہتے ہین مشہور ہین - اور اس صوبہ مین پانچ شہر مشہور ہین ہلیوپولس ہیریکلیوپولس ناکریٹس اور سیس اور ٹینس اور پلوسیم و کناپس بڑی شہر زمانہ قدیم مین تہی لیکن اب سکندریہ اور [illegible] وغیرہ مشہور ہین - بنی اسرائیل ٹینس مین رہتی تہی اور شہر سیس مین مزوا دیوتا کا مندر تہا - اور ہلیوپولس مین سورج کی نام کا ایک مندر تہا - لیکن کامبوسیز - بادشاہ ایران نے ان سب مندرون کو مسمار کرادیا تہا٭ شام کی سرحد پر جہازونکی بندرگاہ کی لئے شہر رای نوکورورا - جسکو اب ال اریش کہتے ہین واقع تہا - مغرب کیطرف سکندریہ جسکو سکندر نے بنایا تہا واقع ہے مصری لوگ گڈریونسے بڑی نفرت کرتے تہے اسلئے بنی اسرائیل کو فرعون نے علاقہ گوشن عطی دو فایدونکی بخشدیا تہا - اول یہ کہ قطعہ زمین کا زرخیز ہوگیا دوسرا شام اور عرب کے لٹیرون سے روک ہوگئی

٭ اس صوبہ مین عہد قدیم کی عمارتین خصوصاً بشکل مثلث سنگ مرمر کی درگاہ و دم چوبیل مینار اور بہول بہلیان [illegible] جو کہ [illegible] میل [illegible] بعض [illegible] ایک نہر تہی جو بحیرہ روم کو بحیرہ قلزم سے وصل کرتی تہی چونکہ [illegible] اسکا [illegible] تہا اور عرض ۱۵۰ فٹ کا [illegible] سیاسٹرس اور [illegible] نے بنانیکا ارادہ کیا تہا [illegible] بعد بادشاہ [illegible] چہوڑدی تہی مگر دیرس نے [illegible] مصر کا [illegible] بند کرادیا [illegible] ممفس مین [illegible] دیوتا کا مندر [illegible] شہر کو عمرو بن العاص نے فتح کرکے ویران کردیا تہا اور شہر فسطاط دریای نیل کی شرق کی جانب آباد کیا [illegible] قلعہ [illegible] شہر قاہرہ اور فسطاط ایک ہی [illegible] معز بن منصور اسمعیلی [illegible]

٭ اول علامت سی اخیر علامت تک [illegible] صاحب کی تاریخ سے لکہا گیا ہے -

دوسری فصل مصریون کے طریق معاشرت اور انتظام ریاست میں

مصری لوگ اکثر بھوری رنگ کے آدمی تھے مگر دین کے پیشوا وغیرہ کا رنگ کسیقدر اوجلا تھا اگر [illegible]
اختلاف سے اونکی نسل مین بھی اختلاف ہوگا۔ اور سردار لوگ ملک میں رہتے [illegible] تھے۔ اور زبان [illegible]
اور سلطنت کے طریقے اپنی ہمراہ لائے جو کہ بعد ازان وہ جگہہ بہت عرصہ تک رائج رہے [illegible]
شائستگی کا طور ہندو یونسے حاصل کیا ہو کیونکہ اہل ہند اور اہل مصر کے اکثر [illegible] اور [illegible]
مگر یہہ ثابت کرنا مشکل ہے کہ کسطرح ہندوستان سے یہہ لوگ آئے ہونگے کیونکہ [illegible]
کوئی جہازرانی نہ تھی مگر اسقدر ثبوت ضرور ہے کہ کئی پودی چھوٹی [illegible]
کنارہ تک آتے تھے اور پھر دریا نیل کیطرف آباد ہوئے [illegible]
قوم کے اور شاہی وقت کی بانی ہوان شاید ہندو اور مصری لوگ انہیں [illegible]
ناممکن ہے۔ مختلف جگہون کے رہنے سے مصر کے لوگون کی عادات [illegible]
پہاڑی اضلاع اور ڈیلٹا کی گذری رہتے تھے کیونکہ کاشتکاری وہان [illegible]
ماہیگیر اور ملاح رہتے تھے۔ وادی اور زرخیز ملکا نو نہین تھا [illegible]
[illegible] اصل کی اختلاف سے یہہ مختلف ذاتین بنی۔ دین کے پیشوا اور [illegible]
اور اونسے اوترکر کاشتکار اور ملاح اور سوداگر وغیرہ اہل حرفہ کے لوگ تھے [illegible]
سب سے کم درجہ کی ذات گڈریونکی تھی یادیون نے [illegible]
اپنی بستیان قائم کین جنگلو درمیان [illegible] ایک مندر بنا [illegible]
منہ تہہ بنجاتے تھے جب مصر کی تقسیم ہوئی تو ہر ایک قسمت کا [illegible]
[illegible] ایک طرح کا [illegible] اختلاف تھا کیونکہ [illegible]
[illegible] سلطنت مین شامل ہوگئی۔ چنانچہ [illegible]
[illegible] دیہات وغیرہ کو کہتے [illegible] قدیم [illegible]

Marfat.com

شہر کے مصر سفلی اور مصر وسطی پر قابض ہو کر بادشاہ ہکسوس یعنے گلہ بان کے نام سے ملقب ہو کر [illegible]
تھے - اور انھون نے پلوسیم کے پاس ایک قلعہ اوری رس بھی تعمیر کرلیا تھا - گلہ بانون کے بعد مصر
ایک بادشاہ کے ماتحت ہو گیا - اور ہر ایک خاندان کے لوگ علیحدہ علیحدہ پختہ طور پر پوجاری مقرر ہوتے تھے
مثلاً امن مندر کے پوجاری سورج مندر کے پوجاری نہین ہوتے تھے اور مندرون کے پنڈتون کو
بادشاہون پر بڑا اقتدار حاصل تھا کیونکہ یہہ لوگ علاوہ پوجاری ہونیکے جج یعنے منصف و وکیل بھی
اور حکیم اور معمار و سنگ تراش بھی تھے غرض کہ سب کام جانتے تھے - سپاہی کا فرقہ دو حصوں پر
منقسم تھا اور کئی بستیونکی آمدنی خاص انکے واسطے مقرر تھی سب سے اول فوج کا انتظام باقاعدہ
مصریون نے کیا تھا - حال کے رسالون کیطرح مصر مین جنگی رتھونکا لشکر ہوتا تھا اور لڑائی مین رسالہ
کا کام دیتا تھا - اور رتھ والا ہمیشہ کھڑا رہتا تھا مگر سفر طول مین چوکی پر بیٹھ جاتا تھا اور رتھ مین
اکثر دو سپاہی ہوتے تھے - قدیم مین مصری تیر اندازی مین بہت استاد تھے جیساکہ زمانہ متوسط مین
انگلستان کے لوگ تھے چنانچہ **یرمیاہ** نبی نے کہا **لدین** جو ہاتھون مین کمان رکھتے تھے الخ
لدین سے مراد وہ قوم ہے جو افریقہ شمالی مین رہتی تھی اور مصریونکی مطیع تھی مصر مین پیادی برچھی
خنجر - خود - ڈہال - رکھتے تھے لیکن بعضی تیغہ بھی باندھتے تھے اور گرز بھی رکھتے - مصریونمین ڈہال کے
چھن جانے کو بڑی بیعزتی سمجھتے تھے انکی خود کبھی پیتل یا لوہے کی ہوتی تھی مگر اوپر سے کپڑا لپیٹے
ہوئے ہوتے تھے - اور پیادہ سپاہی زرہ بھی پہنتی تھی اور خاص سپاہی جیسے گوبیتہ یا چمین وغیرہ
[illegible] بھی پہنتی تھی - مصریونکی فوج مین قواعد کا طریقہ نہایت عمدہ تھا ہر ایک حصہ سپاہ کے
پاس جھنڈا ہوتا تھا جسپر اوس فرقہ کے آئین کی تصویر ہوتی تھی جب سپاہی بھرتی ہوتا تھا تو اوسکا [illegible]
سکہ سے لکہا جاتا تھا - مصری اپنے قیدیون سے بڑی بیرحمی سے پیش آتے تھے اونکو مار ڈالتے تھے یا اونکو غلام
بنا لیتے تھے - مصریونکا آداب مذہب و طرز حکومت ملی ہوئی تھی اور ہر ایک کام کیواسطے کئی خاص
رسومات مقرر تھین جنسے بادشاہ [illegible] تھا [illegible] پوجاریونکو ہر ایک کام مین بڑا دخل تھا
اور پوجاریونکا مذہب [illegible] بت [illegible] تھا اور انکی پرستش کی بڑی

حمایت کرتے تہے اور زراعت کو لوازمات ریاست سے سمجہتے تہے چنانچہ اسی سبب انکی مذہب مین ہیئت کو دخل تہا۔ مصری علم نجوم کے قائل تہے اور ہر کام مین ستارون سے صلاح پوچہتے تہے اور یہہ منصب سوا دوسرے کو حاصل نہ تہا۔ کل مصری دوسرے جہان کا عقیدہ رکہتے تہے مگر دو طرحسے ایک بطریق تناسخ اور دوسرا یہہ کہ جبتک جسم کو قیام ہے تب تک روح کو قیام ہے اسلئے مصری اپنی مردونکی لاشون کو بڑی احتیاط سے مصالح وغیرہ لگا کر رکہتے تہے۔ مصر کے لوگون مین پیشے موروثی ہوتے تہے۔ اور مصری فن عمارت مین تمام قومون پر سبقت لیگئے تہے خاصکر شہر تہیبس کی عمارت جو کہ ایک طلسمات کا نمونہ ہے جسکی دریافت کرنیسے ہمارا آجکل کا علم جر ثقیل سرگردان اور حیران ہے۔ مصریونکو نغمہ وغیرہ سے بہت دلبستگی تہی۔ کہانیکے وقت میز کرسی لگا کر بیٹہتے تہے۔ مشرقی ملکون کی بہ نسبت یہان کی عورتون کی زیادہ عزت کیجاتی تہی لیکن خاوند کو قانوناً اپنی عورت پر ہر طرح سے اختیار تہا۔ خفیف جرمون کی سزا صرف بہت سی ہوتی تہی مگر سن رسیدہ اور معزز آدمی کی عزت کیجاتی تہی مصر مین لذیذ میوے یہہ پیدا ہوتے تہے۔ سکمور۔ انجیر۔ انار۔ آڑو۔ لوکاٹ۔ انگور۔ اسکی بہت حفاظت کرتے تہے اور امیر اور سوداگر انگوری شراب کثرت سے پیتے تہے اور اناج اور مختلف قسم کی دالین اور ترکاریان کثرت سے پیدا ہوتی تہین۔ سکندریہ مین ۴۰۰ کنجڑے ترکاریان فروخت کرتے تہے۔ مصر مین بلی کی بباعث شکار کرنیکی نہایت تعظیم کرتے تہے اور کتے کئی قسم کی ہوتے تہے اگرچہ صیاد ایک علیحدہ قوم تہی مگر امیر لوگ بہی شکار کا بہت شوق رکہتے تہے اور ہرنون کے شکار کیلئے شیر پالے جاتے تہے۔ صحرائی جانور یہہ تہے۔ بکرا۔ بہیڑیا۔ ہرن۔ خرگوش۔ شتر مرغ شکاری جانور چیتا۔ بہیڑیا۔ گیدڑ۔ کفتار۔ حبش اور جنوب کی ملکونسے ہاتہی۔ زرافہ۔ بندر۔ وغیرہ خراج مین آتے تہے۔ نیل کے آبی جانورن سے مگرمچہہ۔ اور دریائی گہوڑا نہایت عمدہ تہے۔ اور دریائی گہوڑا جسکی ڈہال عمدہ ہوتی تہی شکار وغیرہ سے حاصل ہوتا تہا۔ مصر مین مرغیان۔ اور ہنس۔ بٹیر۔ اور بطلین بہت تہین۔ ہنس کے انڈونکو تنور وغیرہ مین رکہکر بچہ نکال لیتے تہے جو آجتک رائج ہے +

Marfat.com

تیسری فصل مصریون کی تاریخ کے بیان مین

ابتدا سے شاہ سیمٹیکس کے جلوس تک ورمسیح کی پیدایش کی

۱۵۰۰ برس پہلے سے ۶۵۰ تک

وہ چہوٹی چہوٹی ریاستین جوکہ مینی تہوس کے مرتب کی ہوئی فہرست کے مطابق مصر علیا مین قایم ہوئے تہین - تہیبس - ایلی فن ٹائن - تہینس - ہر کلیا - مصر وسطی مین ممفس مشہور ریاست تہی - مصر سفلی مین یہہ تہین ٹانس - منڈز - بوباسٹس اگرچہ تہیبس کی نہایت قدیم ریاست تہی مگر جیسے ممفس کے ابتدائی حالات معلوم ہوتے ہین ویسے اوسکے معلوم نہین ہوتے - حضرت ابراہیم اور فرعون کے عہد مین بہی یہی دار الخلافہ تہا - اور تجارت کی بڑی بہاری منڈی تہی - ھکسوس یعنی گڈریا بادشاہون کا بہی یہی دار السلطنت تہا - مصری عبرانیون کو ساتہ ملکر کہانا نہین کہاتے تہے - جب حضرت ابراہیم یہان آئے - تو فرعون بادشاہ نے جواوس زمانہ مین وہان حکمرانی کرتا تہا بڑی مہمان نوازی سے حضرت ابراہیم کا استقبال کیا حضرت ابراہیم کے مصر سے رخصت ہونے اور یوسف کے پوٹی فر سوداگر کے پاس فروخت ہونیکے عرصہ مین ھکسوس اور اور اگرد قومون نے مصر پر حملہ کرنے شروع کر دیئے تہے - بادشاہ فرعون نے (فرعون) جو اوس زمانہ مین حکمران تہا ضلع گوشن کے زمین بنی اسرائیل کے لوگون کو دینی بڑی دانائی کی کیونکہ اوس سے یہہ ضلع جس جراگاہین بہت تہین اور جسپر حملہ آورون سے بہت ہی خوب محفوظ ہو گیا بنی اسرائیل اپنا کام خیرخواہی اور جانفشانی سے کرتی رہی حضرت یوسف کی وفات کی بعد کسی زمانہ مین شاہی خاندان بدلگیا اور بہت دلیلون سے ثابت ہے کہ اس تبدیل خاندان سے ھکسوس لوگونکا مصر کو فتح کرنا مراد ہے پہلی دلیل یہہ ہے کہ مصر کا ایک وطنی سکہ بنی اسرائیل سے جنسے مصر کو بہت فایدہ پہنچتے تہے ظلم سے پیش آتا تہا - دوسری دلیل یہہ ہے بنا لینے سے جو فرعون نے کہا کہ بنی اسرائیل کے لوگ ہمسے زیادہ زور آور ہین - اب یہہ بات معلوم ہوتی ہے کہ اگر ہم اس سے مصر کے کل قوم مراد لین - تیسری دلیل یہہ ہے کہ وہ بوجا نہ ہیون کی بلا کے بعد فرعون بادشاہ اگر مصر کا باشندہ ہوتا تو حضرت موسی کو

اون جانورونکی قربانی کرنیکی اجازت نہ دیتا جو اس ملک مین پاک سمجھے جاتی تہے - چوتھی دلیل یہہ ہے کہ حضرت موسی نے بنی اسرائیل کے لوگون کو کہا کہ خبردار کسی مصر کے آدمی کو حقیر نہ جاننا کیونکہ تم اس ملک مین مسافر ہوکر آئی تہی - یہہ کلمہ کہنے سے حضرت موسی نے اون بادشاہون مین جنہون نے حضرت یعقوب کی اولاد کو مہمان تو اعلے ہو بلوایا تہا اور اونمین جنہون نے اونکے اوپر ظلم کیا تہا ایک قسم کا فرق ظاہر کیا - جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ جس فرعون نے بنی اسرائیل پر ظلم کئے وہ مصری نہ تہا - اون تکلیفون مین سے جو بنی اسرائیل پر اس زمانہ کی بادشاہون نے ڈالین تہین خصوصاً اینٹونکا بنانا تہا جو ملک مصر کے جلا دینے والی دہوپ مین ایک سخت کام اور قلعونکا جو کہ مصر کی لوٹ جمع کرنیکے لئے بنائے گئے تہے - لیکن جب فرعو بادشاہ نے دیکہا کہ باوجود اس سخت کام دینے کے بنی اسرائیل پہر بہی طاقت ور ہوتے جاتے ہین تو اوسنے حکم دیا کہ اونکے تمام لڑکے قتل کئے جاوین لیکن موسی کو خدا نے بچایا اور فرعون کی بیٹی نے محل شاہی مین اوسے پالا اور اسکے بعد یہہ حکم منسوخ ہوگیا - چونکہ حضرت موسی نے ایک ظالم کو تنگ ہوکر مار ڈالا تہا اسلئے اسکو مصر چہوڑنا پڑا اور سرزمین مدین مین پناہ گزین ہوا - کوہ حورب پر موسی کو خدا کے تجلے نازل ہوئے اور حکم دیا کہ اپنے لوگون کو رہا کراوے اور اوسے معجزے عطا کئے - چونکہ فرعو بادشاہ نے بنی اسرائیل کے جانے سے انکار کیا اسلئے خدا نے دس بلائین نازل کین اور آخری بلا سے مصر کے ساری پلوٹھون کو ہلاک کیا جس سے بنی اسرائیل کو جانیکی جلدی اجازت دی گئی مگر جب بنی اسرائیل مصر سے روانہ ہوئے تو فرعون نے بمعہ فوج کے اونکا تعاقب کیا - خدا نے ۱۹ سنہ مین فرعون کو بمعہ اوسکی لشکر کثیر کے بحر قلزم مین غرق کیا اور بنی اسرائیل کیلئے سوکہا پانی مین رستہ کہولدیا - ھکسوس یعنے گلہ بانون کی طاقت کو روز بروز تنزل ہوتا گیا اوس کے بعد بادشاہون کا پورا پورا اور واقعی حال نہین ملتا مگر جسقدر ظاہر ہوا ہے ذیل مین لکہا جاتا ہے -

اول اول شاہ مینس یا مزریم بن حام بن نوح بانی سلطنت ہوا اور حضرت ... اول فرعون تہا مینی تہو کے فہرست کے مطابق اٹہاروان ... خاندان حکومت کرتا رہا بادشاہ امینوفس اول کے عہد مین تہیز والون نے جنوب کیطرف ملک نوبہ کی ایک حصہ پر قبضہ کیا اور ... مسیح کی اینٹون کے مقبرہ مین نہین ... کا رواج جاری ہوا - اس خاندان کے ... بادشاہ

تہوتہمیز (تہوت موسس) کے عہد مین بنی اسرائیل مصر سے چلے گئے اور گلہ بانون کو مصر سے خارج کیا گیا
اسکے بعد تہوتہمیز چہارم نے گلہ بانون کے قلعونکو فتح کرکے اونکو شام کیطرف جانیکی اجازت دی اسکے بعد
امینوف سوم مشہور بادشاہ ہوا یہہ معہ اپنے بہائی کے سلطنت کرتا تہا لیکن آخر کو بہائی کو ملک سے نکالدیا
اور اوسکا بہائی یونان کے ملک **آرگوس** مین جاکر ۱۴۳۰ قبل مسیح کے مسمی بہ **ڈمیناس** بادشاہ ہوا۔
امینوف کیوقت مین بت اور مندرونکی تعمیر ہوئی ملک نوبہ کا بہت سا حصہ شامل کیا گیا۔ انکی
جانشینونمین سے اٹہارویں اور انیسویں خاندان کے دو بادشاہونکا نام **ریمیسیز** تہا۔ انمین سے پہلے کو
اوسکے بہائی نے نکالدیا اور اسکو بعضے ڈمیناس کہتے ہین اور دوسرے کو **می امین** (محب امین) اسنے
تہیبز مین **محل مدینا ابوکا** بنایا۔ **امینوف** چہارم کے عہد مین جو اٹہارویں خاندان کا آخر بادشاہ
تہا حملسیس یعنی گلہ بانون نے پہر حملہ کرکے بادشاہ کو ۱۳ سال تک ملک ایتہیوپیا مین نکالدیا اس عرصہ مین
گلہ بانون نے مصریونکو نہایت تنگ اور لاچار کیا۔ آخرکار **امینوفس** نے اپنی بیٹے اور فوج حبش کی مدد سے
گلہ بانون کو نکالکر ملک مصر مین پہر امن کیصورت پیدا کی۔ **ریمیسیز** چہارم جسکو سیتہاز یا **سیسا سٹرس**
بہی کہتے ہین مصر کی بادشاہونمین بہت مشہور اور نامور بادشاہ گذرا ہے اسمین شک ہے کہ آیا وہ ریمیسیز ہے جسنے
مدینہ ابوکا محل بنایا یا امینوفس کا لڑکا تہا اگرچہ کچہہ ہو مگر اسکی عظمت اور جلالت مین کسیطرحکا شک نہین ہے
اسنے مشرق مین **باختر** اور مغرب مین **تہریس** تک فوجکشی کی اور اسکے تخت کے سامنے کوہ قاف اور ملک
حبش کے قیدی کہڑے رہتے تہے یہہ عرب کے ایک حصہ کو فتح کرکے ایک جہاز لیکر ہندوستان کے مغربی ساحل تک
پہونچ گیا تہا۔ اور ملک حبش ایتہیوپیا فتح کرکے آبنوس سونا ہاتہی دانت خراج مین لیا غرضکہ اسکا ایشیا اور
یورپ تک پہونچنا بخوبی ثابت ہے شمال کیجانب شام اور ایشیا کوچک اور تہریس اور مشرق مین باختر اور
ہندوستان تک پہونچنا ہے اور ملک اشور اور دریای فرات تک فتوحات کین سب سے بڑی مہم یہہ ہے
کہ اسنے شام اور فلسطین کے بہادرونسے قلعے جو لیئے تو مواجہ بنا کے ہزیمت کیئے چونکہ اس بادشاہ کی فتوحات
اسوقت ہوئین جب بنی اسرائیل ریگستان مین آوارہ پہر رہے تہے اسلیئے اسکا ذکر بائبل مین نہین لکہا۔ اسکی
ان فتوحات پر وہ مورتین جو کہ بڑے بڑے معابد اور مندر والی مغربی برج کی دیوارون پر اب تک بنے

Marfat.com

ہین شاہد ہین۔ چونکہ اسکی جانشین عیاشی مین پڑہ گئی اسلئی اسکی بعد ۳۰۰ سال مین اسی [illegible]
بادشاہ نامور گذرا ہے اسنے ۹۷۰ قبل مسیح کی رحبعام کی پانچوین سال جلوس مین فوج کثیر لیکر بیت المقدس
لوٹا۔ اس فوج مین ۱۲۰۰ رتہہ اور ۶۰ ہزار سوار اور بے شمار پیادہ تہے۔ دوسرے [illegible]
کو زوال حاصل ہوا اور حبش کے سردار سباکو نے اسے فتح کرلیا جسکا ذکر آگے آئیگا اور کچھ عرصہ [illegible]
سیتہوس نامی مالک تخت بن بیٹھا چونکہ رعایا اور سپاہ لوگ اس سے ناراض تہے [illegible]
جب آشور کے بادشاہ سنحرب یا سیناکریب نے مصر پر حملہ کرکے پلوسیم تک بڑہا تو اسنے مزدوروں [illegible]
کی فوج کو جمع کرکے مقابلہ کو روانہ ہوا مگر اتفاقاً اشور کے لشکر کو وبانے آگھیرا اور مجبوراً اسکو [illegible]
سیتہوس کے بعد بارہ سرداروں نے ملک کو باہم تقسیم کرلیا لیکن حسد کے جھگڑے سے ایک سردار [illegible]
جو کہ سائس کا حاکم تہا جلا وطن کردیا۔ اسنے یونان اور کیریا کے لوگوں کی مدد سے کل مصر کو فتح کرلیا اور بادشاہ
بن گیا چونکہ یہہ غیر ملک کی لوگون پر جنکی ذریعہ سے بادشاہ بنا تہا زیادہ شفقت کرتا تہا اسلئی کل سپاہ [illegible]
برس قبل مسیح مصر سے نکلکر حبش مین جا بسی ۔

چوتھی فصل مصر کی تاریخ مین

سیمٹیکس کے عہد سے شاہ فارس کے تسلط تک مسیح کے ۶۵۰ برس پہلے سے ۵۲۵ برس پہلے تک

سیمٹیکس کے عہد مین مصر کی نظم و نسق مین بڑا انقلاب واقع ہوا۔ سپاہی کی جگہ غیر ملک کے لوگ [illegible]
ملک شام کی فتح کی تدبیرین ہونے لگین۔ پوجاریونکی پرستش وہ نہ رہی۔ تجارت کو ترقی ہوئی [illegible]
اور فینشیا اور بحیرہ ہند اور بحیرہ شام کی بیچ کے رستہ پر قبضہ کیا۔ اور شہر ازوتس کا جو کہ شام کی [illegible]
واقع ہے ۲۹ سال تک محاصرہ کرکے آخر کو فتح کیا سیمٹیکس کے بعد اسکا بیٹا نیکس جب [illegible]
۶۱۶ برس قبل مسیح تخت نشین ہوا اسنے بحیرہ شام اور بحیرہ احمر مین جہازون کی [illegible]
سویز کو کہود کر دونون بحیرونکی ملانیکا ارادہ کیا تہا مگر یہہ ارادہ ڈیڑہ سو برس بعد دارا ہستاسپس بادشاہ [illegible]
کے عہد مین پورا ہوا۔ اسنے آشور کی بادشاہ پر فوج کشی کی ارادہ سے دریای فرات تک کوچ کیا
مگر یہود کا بادشاہ جوسیاہ نے اسکو روکا اور کارکمش یا سیسیم کا محاصرہ نہ کرنے دیا پہلے نیکو نے

چنانچہ ہیروڈوٹس صاحب لکہتے ہین کہ اسکی دو [illegible] مین اب تک موجود ہین ایک ایشیا کو جاتا مین بقدر پانچ ہاتھ لمبی [illegible]
[illegible]

Marfat.com

اوسکو سمجہایا مگر بعد ازان وادی مگدو (گلش یا مگدو) مین دونونکا مقابلہ ہوا آخر یوسیاہ شکست کہاکر مارا
گیا۔ نیکو نے سیحم کو فتح کرکے بوقت واپسی کے اورشلیم پر قبضہ کرکے بادشاہ یو آخز کو گرفتار کرلیا اور
اوسکے بہائی الیاقیم کو تخت پر بٹہایا سلطنت آشور کی بعد بابل مین کسدیونکی طاقت زیادہ ہوئی۔
بنوکدنذرکا نیکو نے مقابلہ کیا مگر شکست کہا اور سوای یاسیم کے سب ملک قبضہ سے جاتا رہا یرمیاہ
نبی نے اسکی مفصل کیفیت لکہی ہے نیکو نے ایک جہازونکا بیڑا تیار کروا کر اور اوسپر فنیشیا کی ملاح نوکر رکہکر
بحر احمر مین بہیجا وہ الٹے آہنائی باب المندب سے گذر کر افریقیہ کی کنارے کنارے چلکر راس امید پر پہونچکر
اور قبادس اور آبنائی جبرالٹر اور بحیرہ شام کو طے کرتا ہوا تین برس کے بعد پہر مصر مین واپس آگیا اس سے
ثابت ہے کہ اس امید کا رستہ اول پہلے دریافت کیا۔ ... اور واسکو ڈیگاما نی جوکہ ۲ ہزار برس کے
بعد اس راہ گذرے تہے دوسرے دفعہ دریافت کیا۔ ۵۹۶ قبل مسیح مین اپریز یا فرعون جافرہ
نے فنیشیا اور صیدا کو قبضہ مین لایا اور یہودا کی بادشاہ زدقیہ کیا (صدقیاہ) سے دوستی کیکے اوسکو
بنوکدنضر کے برخلاف بغاوت پر آمادہ کیا بنوکدنضر نے بمطابق حزقیل اور یرمیاہ انبیاؤن کے
پیشین گوئی کے مصریون کو شکست دیکر صدقیاہ کو گرفتار کرکے لیگیا۔ اسکے بعد یونانیون نے
تنجن قورین مین ایک بستی بنائی تہی یہان کی لوگون نے اپنے تئین بادشاہ باطوس کی سرداری سے لیبیا کا ملک   یا سائرین
ملک چہین لیا۔ یہان کی اینٹی کون نامی سردار نے فرعون جافرہ سے مدد چاہی مگر دونون نے
شکست کہائی جسسے ملک مین بغاوت پہیل گئی۔ بنوکدنضر نے بہہ موقع دیکہکر مصر سفلی کو برباد کیا
اور آخر کار اماسس ایک شخص نے فرعون جافرہ سے تخت چہین کر آپ تخت نشین ہوا۔ اور ۵۶۹
قبل مسیح کے قیدخانہ مین اوسی مروڈالا۔ اماسس ذات کا کمینہ تہا۔ اسنے اپنی عقلمندی سے تمام مصریون اور یوچاریون
اور یونانیونکو اپنا دوست بنایا۔ اور سائرن یا قورین کی ملکہ سے نکاح کرکے اوسکو شریک سلطنت کیا۔
جزیرہ قبرس (سائپرس) کو فتح کرکے مطیع کیا اماسس یا (کریسس نے) قارون سے عہد کیا۔ سائرس شاہ
ایران کے برخلاف دوستی کی ... سائرس نے شکست دیکر اماسس کو اپنا خراج گذار بنایا بعد مرنے سائرس
کے اماسس آزادی کا طالب ہوا لیکن جب دیا سائرس کی بیٹی کیمبائیسس نے برہم ہوکر اماسس پر

نیلو کے ... سائرن کو ... قبل مسیح ... نے مصر مین ... لیبیا کی ملکو نکی کیفیت دریافت ... قاعدے

Marfat.com

چڑہائی کی چونکہ قسمت کی خوبی سے ادہر سے یونانی سپاہ کے افسر فینیز سے بگاڑ ہوا - اور نیز سیموس کی بادشاہ پولی کریٹیز سے ان بن ہوئی اسلیئے یہہ دونون کمبائی سیز کے معاون ہوئے مگر اجل سے ۵۲۵ قبل مسیح کے مرگیا اسکے بعد اسکا بیٹا ہیمینٹس تخت نشین ہوا - فارس کی فوج نے مصر کے شہر پلوسیم کا محاصرہ کرکے ایک بڑی قلعہ کو فتح کرلیا آخر ہیمینٹس نے ایسی شکست کہائی کہ انہے دارالخلافہ کو بہی نہ بچا سکا بالآ کیمبائیسیز نے اپنی ایلچی کی عوض مین امیرون کو مرواڈالا اور انکی جورو بچون کو غلام بنایا اور بادشاہ کو بہی زہر کہلا کر مرواڈالا - کیمبائی سیز نے پاک جانورونکو ذبح کیا اور بتون کو توڑا - اور پجاریون کو کوڑے لگوائے اور انکی مندرونکو لوٹا فارس والونکو مصر سے کچہہ مذہبی مخالفت نہ تہی بلکہ اونکا زور کم کرنے کی لیئے یہہ حکم صادر فرمایا تہا کیونکہ جس ملک مین پجاریونکا زور ہوتا تہا اوسکو فارس والے اپنا جانی دشمن سمجہتے تہے اور حزقیل پیغمبر کی پیش گوئی حرف بحرف پوری ہوئی ؛

پانچوین فصل مصریونکی صنعت اور تجارت کی بیان مین

انکی صنعت کی فروعات سے کپڑیکا بنا ایک بڑی مشہور صنعت تہی - اور روئی اور سن خاص مصر مین پیدا ہوتی تہی - ریشم کے کچہہ نہیں جال اور ٹاٹ طیار ہوتا تہا چنانچہ یسعیاہ نبی نے لکہا ہے - یہہ کپڑے بڑی بڑی کارخانون مین بنے جاتے تہے جنمین سونے اور چاندیکا کام بہی ہوتا تہا اور پجاری اونکا اہتمام کرتے تہے اور کپڑے ایسے رنگین اور مخلوط رنگدار اور چمکدار ہوتے تہے جو کہ آجتک یورپ والونکو نصیب نہین ہوئے - اور ایسے باریک ہوتے تہے کہ عضو نظر آتا تہا اور مختلف قسم کے رنگ جیسے سفید زرد نیلا سبز سرخ کالا ہوتے تہے مگر یہہ ہوئے مین تعجب تہے جسمین عجائبت ہے کہ رنگ امیزی انکو نہین آتی تہی - اسکی بعد دہات کی صنعت تہی لوہا مصر مین بہت کم تہا - مصریون کو تانبے کو سخت اور نرم کرنیکی ترکیب خوب یاد تہی اور ہتہیار و اوزار بہی انہین دہات کے بناتے تہے مصری لکڑی کے کام مین بہی سب سے سبقت لیگئے تہے چنانچہ پلنگ و ستارین اور چرخے نہایت عمدہ بنتے تہے - اور مصر مین مٹی کے برتن بہی بہت عمدہ ہوتے تہے جو کہ یونان اور اٹالیہ کی ہمسری کرتے تہے اور پاک جانورونکی لاشین رکہنے کے لیئے بنائے جاتے تہے - فنیشیا کے فتح سے پیشتر یہان جہازرانی کا کچہہ پتا نہ تہا - مگر دریائے نیل مین اسباب کے لیجانیکے لیئے مختلف قسم کی کشتیان بنائی جاتی تہین تہی بیڈ (تہیبس) تجارت کا مرکز تہا

اور جنوبی ایشیا اور اضلاع مغربی اور اتھیوپیا اور شمالی افریقیہ کے مال کا دین لین ہوتا تھا یہہ مقام بہت عمدہ موقع پر تھا کیونکہ اسکے نزدیک زر ریز کانین بھی واقع تھین اور حبش سے سوداگر سونا ہاتھی دانت آبنوس چمڑے غلام لاتے تھے اور عود عرب سے آتا تھا۔ گرم مصالحہ ہندوستان سے اور یہہ سب چیزین مصر سے یونان اور فنیشیا مین جاکر فروخت ہوتی تھین۔ اور شام وغیرہ والے مصر کو اناج کی منڈی جانتے تھے۔ پہلے یونانی بیوپاریون نے تجارت کو پہیلانے نہ دیا مگر سیمیٹیکس کے زمانہ سے جبکہ یونانی مصر کی فوج مین بہرتی ہوئی تجارت کی خوب رونق اور گرم بازاری ہوئی۔ فارس کے حملون سے تجارت کو کچھہ نقصان ہوا تھا مگر بالکل بند نہوئی اور بطلیموس یا (ٹولمی) کے خاندان کے عہد مین تجارت کو ویسی ہی رونق ہوگئی جیسی کہ پہلے تھی +

باب دوم اتھیوپیا کی تاریخ مین

اتھیوپیا کا بیان جسکو حال مین نوبیا اور عربی مین نوبہ کہتے ہین

فصل اوّل

جغرافیہ و نباتات و حیوانات و معدنیات کے بیان مین

اتھیوپیا کی حدود اربعہ شمال مین مصر مشرق مین ریڈ سی مغرب مین صحراے لیبیا و ریگستان جنوب مین ابی سینیا افریقیہ کے شمالی حصہ کے مغرب کیطرف لیبیا کی نیم وحشی قوم آباد تھی۔ مور اور عرب قدیم سے اس ملک پر قابض ہین جو کہ ابتک ایکدوسرے کے برخلاف ہین۔ بربری جو کوہ اطلس مین رہتے ہین انہین کی اولاد مین سے ہین ٹروگلوڈائٹس قوم جو کہ ان پہاڑون کی غارون مین جنسے افریقیہ کا مشرقی حصہ بنتا ہے سکونت رکہتے تھے نہایت مشہور ہے میکروبین یعنے دراز عمر کے لوگ حبش کے کچھہ قطعہ پر قابض تھے اور اکتھوفیگائی یعنے ماہی خور بحیرہ قلزم کے آس پاس رہتے تھے۔ گو بدبر لوبان غلامون کی تجارت کثرت سے ہوتی تھی ماہی گیر سب سے زیادہ وحشی تھے۔ غرضکہ مصر کی جنوب مین ماہی گیر سے لیکر گدڑیے تک سب قسم کی آدمی آباد تھے لیکن اتھیوپیا کے کچھہ حصہ مین ایک مہذب قوم آباد تھی جو کہ قوانین اور کچھہ لکھنا پڑھنا جانتے تھے۔ علوم اور طریق تمدن مین سب سے زیادہ ترقی دیکر انہون نے سب عمدہ عمدہ عمارتونکے کہین پاس اور کہین کچھہ فاصلے پر واقع تھی۔ پہاڑون کی دونو طرف

ریگستان ہین - بعض جگہہ کی زمین مثل مصر کی زرخیز اور سیراب ہے - ریگ روان سی بہت عمارات دبی ہوئی ہین جس مقام پر دریای نیل دریای ایسٹی پورٹس یا ارگیم سی ملتا ہے وہان کا مقام مختلف حاکمون کا تابع رہا ہے کبھی قوم کوش اور کبھی مصر یونکا - نوبہ کی وادی مین بڑی عالیشان عمارتین پائی جاتی ہین - مصر اور نوبہ کی پیداوار مین کچھہ بڑا اختلاف نہین نوبہ مین شکاری جانور اور زہریلے سانپ کثرت سی پائے جاتے ہین نیل گائی - ہرن کثرت سی ہوتے ہین میرو کی جزیرہ مین اونٹ بکثرت سی ہوتے تھی مگر مصر مین کم آتے تھے ہاتھی دانت - آبنوس - اور مصالح نوبہ سی ہوکر وسط افریقہ سی مصر مین آتے تھے - ہندوستان کی تجارت کے لئے میرو کے بندر مصر کے بندرونسی بہ نسبت جہاز وغیرہ کے پسندیدہ مقام پر واقع تھی - میرو کی جنگلون مین زرافہ یعنی شتر گاو پلنگ کا شکار کرتے تھے -

دوسری فصل اتھیوپیا کی تاریخ مین

میرو کی ابتدائی تاریخ کا بخوبی پتہ نہین لگتا - مصر کی بڑی بڑی عمارتین نوبہ کے عمارتین کی نمونہ پر بنی ہوئین معلوم ہوتی ہین - روایت ہے کہ مسیح سے پیشتر ۱۱ صدی مین سمیرامس ملکہ آشور نے اسکے فتح کرنیکا ارادہ کیا مگر یہہ بات صحیح معلوم نہین ہوتی - لیکن یہہ بخوبی ثابت ہے کہ ۹۷۱ قبل مسیح مین شیشنق نے ملک یہودیہ پر چڑہائی کی اوسوقت نوبیا بڑا زبردست تھا - کیونکہ اہل اتھیوپیا نے اسوقت بہت سوارونسی اوسکی مدد کی تھی - اس واقعہ کے ۲۷ سال بعد اہل اتھیوپیا نے بغیر مدد مصر کے یہودیہ پر حملہ کیا چنانچہ کتاب مقدس مین یہہ قصہ مفصل لکھا ہوا ہے . . . . . . ††

جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اتھیوپیا والے بڑی طاقت ور تھے اور بحیرہ قلزم اور عرب کے مالک تھے اور اونکی طاقت یہانتک بڑہی کہ اونہون نے مصر کو فتح کیا انمین سے تین بادشاہ یعنے سباکون اوسکے بیٹا ایک دوسرے کی بعد تخت مصر پر متمکن ہوئے - سیوی کس سب سے زبردست بادشاہ ہوا

بنی اسرائیل کے بادشاہ ہوسیع نے بادشاہ آشور کے برخلاف بغاوت کی مگر نتیجہ یہہ نکلا کہ یہودیونکی دس قومین قید کی گئین - ٹراکس یا (ٹرفا) بڑا جنگی بادشاہ تھا جب والی آشور سنحریب نے اورشلیم کا محاصرہ کیا تب اسنے اوسپر حملہ کیا - ہیروڈوٹس کی روایات سی پایا جاتا ہے کہ اوسوقت آشور والونکی

†† آسا کی لشکر مین جو اسکی ہمراہ تھی یہودیہ مین ۳ لاکھہ ۸۰ ہزار کل ۵ لاکھہ ۸۰ ہزار تھی اسکی مقابل مین کوشی شارق دس لاکھہ فوج اور ۳۰۰ رتھہ لیکر آیا تھا مگر اسکے لشکر کو مار بھگایا اور بہت غنیمت ہاتھہ آئی ... مین کہ یہہ واقعہ ہوئے اسوقت تہاسب بعد اوٹھا کر ... جناب باری سے مدد مانگی ...

Marfat.com

غرور کو خدا نے توڑا ✣

یمیٹکس کے عہد مین بہت سپاہی مصر سے خفا ہوکر اتہیوپیا مین چلے گئے تہے اونہون نے وہان جاکر تمام نئے طریقہ لڑائی کے اور قواعد وغیرہ اہل اتھیوپیا کو سکہائے اور انکو اس لائق کر دیا کہ کیم بائی سیز کے خلاف سر اوٹہا وین ✣

کیمبائی سیز نے اہل کارتہج اور اہل امونیا اور میگروبین پر حملہ کرنیکا ارادہ کیا اور انکو پیغام اطاعت کا کہلا بہیجا مگر اونہون نے جواب حقارت سے دیا۔ اسلئے اوسنے فوراً اتھیوپیا پر حملہ کرنیکا ارادہ کیا۔ مگر وہ تہوڑے ہی دور گئے تھے جاکر رسد وغیرہ کے احتیاج سے بہت تنگ اور لاچار ہوکر اولٹا واپس آیا۔ روایت ہے کہ اتہیوپیا کی بادشاہ ہمیشہ پوجاری لوگون کی قوم سے منتخب ہوتے تہے۔ انمین دستور تہا کہ جب اپنی بادشاہ سے اکتا جاتے تہے تو اوسکی پاس قاصد بہیجکر مرجانیکا پیغام بہیجتے تہی۔ آرگیمی نس نے جو بطلیموس دوم کی عہد مین تہا اس بیہودہ رسم کو توڑا اور نیا مذہب قایم کیا یعنے مذہب بہی دیہ جاری کیا۔ اتہیوپیا مین عورتین بہی فرمان روا ہوئی ہین منجملہ اونکی ملکہ قندا قی نے ۲۰ برس قبل مسیح اگسٹس سے ہنگامہ آرائی ہوئے مگر شکست کہا کر صلح کرلی۔ اسنام کی یکا اور ملکہ کے عہد مین یہودیونکا مذہب جاری تہا چنانچہ اسکے وزیر کو اورشلیم مین ۳۴ء عیسوی مین مقدس فیلیپوس نے عیسائی کیا اور اوسکی ذریعہ سے اتہیوپیا مین مذہب عیسائی پہیلا۔ میرو کسی زمانہ مین بڑا شہر تہا مگر فی الحال وہان وحشی بستے ہین

تیسری فصل میرو کی فنون تجارت و صنعت کی بیان مین

میرو کے مناری مصر وسطے کی منارونسی اگرچہ چہوٹے ہین مگر عمارت کی خوبصورتی مین اوسے فایق ہین۔ مقبرے اور محرابین سی واضح ہوتا ہے کہ اہل اتہیوپیا نے فن عمارت مین کامل ترقی کی ہے۔ ہوسکین صاحب کہتے ہین کہ اومین مدور اور نوکدار دونو قسم کی محرابین موجود ہین وہانکی منارے مصر کے منارونسی زیادہ قدیم اور نزاکت و صفائی مین بڑہکر ہین مگر اونمین مصر جیسا تکلف نہین پایا جاتا۔ میرو۔ شمال جنوب مشرق کی درمیان جاکر ہندوستان اور وسط افریقہ کی تجارت کا ایک بیش بہا موقع پیدا ہوتا تہا۔ زمین زرخیز یہان کی کارخانے رونق پر تہے اسی سبب سے کو عظمت اور شان و شوکت شہرون مین حاصل ہوئی اور سب قسم کی قافلوں یہان چلتے تہے۔ باعث [illegible]

Marfat.com

باب سیوم بابل ور اشور کی تاریخ مین

پہلی فصل جغرافیہ طبعی اور مدنی کے بیان مین

ببلونیا یا کیلڈیا مابین دو بڑی دریاؤن یعنی دجلہ اور فرات کی جوکہ مشرق اور مغرب مین ہین واقع تہا دونون دریا کوہستان آرمینیا سے نکلکر جنوب کیطرف بہکر خلیج فارس مین ملکر گرتے ہین نیل کی طرح اونہون نے بہی اوس قطعہ زمین کو رونق اور سیرابی بخشی ہوئی تہی اور یہان بہی طغیانی کے لئے نہرین اور جہیلین کہود وائین گئین تہین ببلونیا وہ ملک تہا جو فرات کی اسفل کیطرف واقع تہا - اسکی شمال مین مسوپوٹیمیا * واقع تہا اور انکی پرلیطرف آرمینیا تہا - مورخ قیاس کرتے ہین کہ طوفان کے بعد نوح کی اولاد اول اول اسجگہ آباد ہوئی سوپوٹیمیا اور بابل کی بیچ مین اہل مادہ اور لیڈی قومونکی روک کے لئے ایک دیوار بنی ہوئی تہی - اسی غرض سے ۴ نہرین ایسی کہودی ہوئی تہین جو جہاز اونمین بخوبی چل سکتا تہا - آجکل دریا فرات سمندکی ورے ۶۰ میل کے فاصلہ پر دجلہ مین ملجاتا ہے بابل فرات پر واقع تہا اور دجلہ کے دوسرے کنارے پر اشور کا علاقہ اور شہر نینوہ تہا وہانکی زمین مرتفع کوہستان سے محدود تہی - رب ساقی اشور کا جرنیل لکہتا ہے کہ یہہ غلہ اور شراب اور روٹی اور تاکستان اور زیتون اور شہد کا ملک تہا لیکن بباعث تاخت اور تاراج بادشاہونکی ویران اور سنسان ہوگیا ہے - فرات کی زمین مصر کی زمین سے پیداوار وغیرہ مین ہمسری کرتی تہی لیکن درخت وہان کم ہوتے تہے اسلئے لکڑی کی کمی کی باعث سے بابل والون نے جہازرانی نہین کی اور تجارت کو کہو بیٹھے - اور پتہر لکڑی سے بہی کم تہے مگر مٹی کی خوبی سے کچی اور پکی اینٹین ایسی سخت اور پائدار تہین جو کئی سو برس کے بعد بہی ویسی ہی سخت موجود ہین کہجور کی نر اور مادہ مین پہلے اہل بابل نے فرق دریافت کیا تہا - نفط یعنے معدنی تیل ور رال بابل مین گارے اور چونے کا کام دیتے تہے اور ناگرموتہہ اور کہجورون اور درختون کے پتے دیوارونکی تہہ مین بچہائے تہے *

دوسری فصل اہل بابل و اہل اشور کی طریق تمدن و طریق حکومت کی بیان مین

سلطنت اشور مین حکومت شخصی نہایت ظالمانہ اور بے قانونی تہی - اور بادشاہ کو اختیار کلی حاصل تہا

* اسکو ارم النہرین اور عراق عرب اور دیار بکر بہی کہتے ہین -

مثل اوتارونکی اپنی پرستش کرواتا تہا - اسکی محل مین بی بیون بیشمار تہین جنکی خواجہ سرا رہتے اوسوقت بڑی رتبہ کی لوگ یہہ ہوتے تھی ناظر - میر خواجہ سرایان - میر منجمان - وزیر اعظم - پوجاری کہ عموما کلدی یا کسدی کہلاتے تھی موروثی ہوتے تہے - اس ملک مین لوگ آفتاب اور ماہتاب کی پرستش کرتے تھی انکی دیوتا کا نام بعل تہا - اور دیوی کا نام ملیتہ تہا جسکو اہل شام اسٹارٹی کہتے تھی اور اسی مراد چاند یا ملکہ سمیرامس تہی - اہل بابل و اہل اشور کی پرستش مین بیرحمی و بیحیائی بیحد پائی جاتی تہی - انسانکی قربانیان دیتے تہے - اور فرائض مذہبی مین حرام کاری پائی جاتی تہی - بتون اور دیوتونکی سر آدمی کا اور دہڑ شیر کا یا سر ہاتہی کا اور دہڑ انسانکا ہوتا تہا لڑکیان خوبصورت بازارونمین فروخت کیجاتی تہی اور انکی قیمت کا روپیہ بدصورت لڑکیونکی جہیز مین دیا جاتا تہا اور کل آدمی شرابخوار تہے - جر ثقیل و ہیئت اور ریاضی مین اہل بابل نے بہت ترقی کی تہی - اور کپڑا بنے اور دہات کی برتن اور اوزار بنانے کا کام بہی ہوتا تہا - پہاڑونکی پتہرون مین نقش کھدے تھے - بابل کی زبان شامی زبان کی فروعات مین سے تہی جسکی عبرانی اور عربی اور ارمنی بہی شاخین ہین - انکی حرف الف بی کے طور پر تہے - اور اینٹون و ستونپر لکہتے تہی

تیسرا فصل اہل آشور و اہل بابل کی تاریخ مین ۲۲۰ قبل مسیح سے ۵۳۸ قبل مسیح تک

جب برج بابل کی تعمیر خدا کی قدرت سی بند ہوگئی تو نمرود بمعہ رفقا کے وہانسے چلا گیا اور ملک سرزمین سنعار مین بابل اور ارک اور اکاد اور کلنہ مین سلطنت کی بنیاد ڈالی پہر آشور مین جاکر نینوہ کئی شہر تعمیر کئے - اس سے معلوم ہوتا ہے کہ نمرود وہی تہا جسکو تاریخ مین نائی نس لکہا ہے اور جسکو زبردست اور شکاری اور فاتح شہرونکا بنانے والا اور بانی سلطنت کا بیان کیا ہے -

سلطنت آشور کی بنا مسیح سے ۱۲۳۷ برس پہلے پڑی اور نینوہ اسکا دار الخلافت تہا

نائی نس کی بی بی کا نام ملکہ سمیرامس تہا جوکہ بڑی عقلمند اور مدبر تہی - نائی نس کے بعد اسکا بیٹا منیاس بادشاہ ہوا اور ملکہ مذکورنے بطریق نیابت انتظام ریاست کیا - اس ملکہ نے شہر بابل کے رونق بڑہائی اور وہان بڑی بڑی عمارتین تعمیر کین - اور یہہ ملکہ مغرب مین مصر کو فتح کرکے حبش تک حملہ کیا

Marfat.com

اور مشرق مین ہندوستان پر یورش کی۔ سیمیرامس کے بعد اسکا بیٹا نیناس تخت نشین ہوا یہہ بہت
سست اور عیاش تہا اور ہمیشہ محلون مین رہتا تہا اسلئے سلطنت مین زوال نے دخل پایا (جیسا کہ
فی الحال مشرقی سلطنتونمین جاری ہے) اسکے بعد کئی پشت تک ایسی ہی بادشاہ ہوئے جنکی باعث روز
بروز تنزل ہوتا گیا ۷۷۰ برس قبل مسیح پل کی عہد مین آشور کی سلطنت دریای فرات کی مغرب کیطرف
زیادہ بڑھ گئی یہہ بادشاہ سلطنت بنی اسرائیل کے بادشاہ غاصب مناحیم سے ہزار قنطار چاندی کی لیکر
واپس چلا آیا پل کے بعد ۷۴۷ برس قبل مسیح تگلت پلاسر تخت نشین ہوا۔ اسنے بنی اسرائیل کی سلطنت کو
فتح کرکے وہان کی باشندونکو مختلف حصونمین بسایا۔ اسنے یہودا کی بادشاہ آخز کے ترغیب سے شام پر فوج
کشی کی اور دمشق پر حملہ کرکے اوسکی رعایا کو فرات پر آباد کیا اسکے بعد ۷۲۸ برس قبل مسیح سلمناسر
بادشاہ ہوا۔ اسنے بنی اسرائیل کے بادشاہ ہوشیع پر حملہ کرکے ۳ برس کی بعد سمرون کو فتح کرکے بنی اسرائیل
دس قومونکو قید کرکے اپنی ہمراہ لایا اور وہان اور ملکون کے آدمی بسالئے۔ اسکے بعد اسنے فینشیا پر
حملہ کیا اور ٹائر یعنی صور کے سوا وہانکی سب شہر فتح کرلئے۔ سلمناسر کے بعد سنخرب یا (سناکرب) بادشاہ
ہوا۔ اسنے ۷۰۲ برس قبل مسیح یہودا کی بادشاہ خزقیا پر چڑہائی کی اور مصر پر بہی حملہ کیا مگر خدا کی غضب سے
اسکی کل فوج نیست و نابود ہوگئی جب یہہ واپس آیا تو اسکی بیٹون نے اسے آتے ہی قتل کیا سنخریب کے
بعد اسکا تیسرا بیٹا جسے کتاب مقدس مین سرہدون اور تاریخون مین سردانا پالس لکھا ہے تخت نشین ہوا
اور قاتل محروم رہی * اسنے یہودا کی سلطنت کو فتح کیا۔ اور مصر پر بہی حملہ کیا۔ آخر اسکی عیش
طلبی سے اسکی فوج نے باغی ہوکر اسکا محاصرہ کیا یعنے ارباسیز حاکم میدیا اور اہل بابل نے ننوہ کا محاصرہ
کرلیا۔ اسنے مقابلہ دشوار سمجھکر خزانہ اور سب مال و متاع بمعہ اپنی بی بیونکی جلادیا۔ اور یہہ آپ بہی
جلکہ خاکستر ہوگیا اسطرح سلطنت آشور کی ختم ہوکر بابل مین منتقل ہوئی اور یہہ [illegible]
وقوع مین آیا۔ شاہان آشور نے کوہ قاف اور کوہ طارس کی خانہ بدوش قومونکو جنہین کسدی یا
کلدی کہتے ہین فوج مین بہرتی کرکے بابل مین رکہا تہا۔ انہون نے اپنے آقاؤن سے بغاوت کرکے
نئی سلطنت بابلونیا کی قایم کی بابلونیس کا پہلا بادشاہ نبوپلاسر تہا جو ۶۲۵ قبل مسیح مین تخت نشین ہوا

* بعضے کہتے ہین کہ اس نام کے دو بادشاہ ہوئے ہین مگر غالب یہہ ہے کہ اسنے اول سپاہی اور چالاکی سے کام کیا اور پہر عیش و عشرت مین پڑگیا۔ اس سبب سے دو کا شبہ ہونے لگا۔

Marfat.com

اس بادشاہ کی عہد مین مصر کیطرح سال شمسی کا رواج ہوا۔ بنولصر اور اوسکی ۱۲ جانشینون کے عہد مین
بابل پہر آشور کا تابع ہوگیا۔ اور پوری آزادی بوقت سارڈاناپالس کی ہوی۔

آشور کی تباہی کے بعد ۶۲۶ برس قبل مسیح بنوپلاسر بابل کا بادشاہ ہوا۔ اسکے عہد مین فرعون نکو
نے سلطنت کو دریا فرات تک بڑہانا چاہا اور کارکمش پر قبضہ کیا اور سیلی سریا اور فنیشیا کی صوبہ داروں
کو اکسا کر باغی کروا دیا مگر اسکی بیٹی بنوکدنضر یا بنوکل عصر نے ان باغیونکو دبایا اور کارکمش پر ۶۰۵ سنہ مین
فتح نمایان حاصل کرکے مصر پر حملہ کرنیکا ارادہ کیا مگر باپکے مرنے کی خبر سنکر بابل مین واپس آیا۔

پہر وڈوٹس شہر بابل کی بعض عالیشان عمارتین جو حقیقت مین بنوکدنذر کے عہد مین تعمیر ہوئین
ملکہ نیٹوکرس کیطرف منسوب کرتا ہے۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ بنوکدنذر کی ملکہ کا نام نیٹوکرس
تہا۔ بنوکدنذر نے یہودا کو فتح کیا اور دانیال نبی کو قیدکرکے لایا آخر دانیال بابل کا گورنر ہوا ستہیاس
بادشاہ میڈیا کی ایک گروہ نے ملک آشور پر حملہ کیا اور یہودیون نے بہی موقع پاکر آزادی مین کوشش کی
بنوکدنذر بعہد سایکزریز سردار میدیا کے ننوہ کی محاصرہ مین تہا بعد فتح کرنے ننوہ کے اورشلیم پر چڑہائی
کی اور اسکو فتح کرکے فنیشیا کو فتح کیا۔ اسکے بعد مصر عالیا کو لوٹا جب واپس آیا تو اسنے ڈورا کی میدان مین
سونیکی مورت نصب کروا کر اوسکی پرستش کا حکم دیا مگر شدرک اور میسک اور ابدنیگو نے پرستش سے
انکار کیا اسلئے انکو جلتی بہٹی مین ڈلوایا مگر خدا کی شان سے انکا بال بہی نہ جلا۔ آخر یہہ بادشاہ
دیوانہ ہوگیا اور بیلون کی طرح چرتا رہا اسلئے اسکو بلشضر بہی کہتے ہین۔ اسکے بعد ایول مرودک بادشاہ
ہوا مگر چند روز کے بعد اسکے بہنوئے نیریگلاسر نے اسکو قتل کرڈالا اور شاہزادہ بیلشضر کو بہی قتل کرنا
چاہا تہا مگر نیٹوکرس جسکو بعضے انکی والدہ اور بعضے اسکی بی بی کہتے ہین کسی امن کی جگہہ مین لیگئے۔

اسوقت میڈیا والی عروج اور ترقی پر تہی جسکا حاکم سایکزریز تہا۔ اہل بابل نے تمام مغربی ایشیا کے
بادشاہونکو انکی طاقت توڑنے کیلئے جمع کیا مگر سایکزریز اور اوسکے پہانجی سائرس نے اونکو شکست دی
جسمین نیریگلاسر مارا گیا اور ۵۵۵ برس قبل مسیح اسکا بیٹا لبوشور تخت نشین ہوا مگر چند ماہ کے بعد بباعث
ظلم کے معزول کیا گیا اسکے بعد بنوانڈل اصل وارث تخت کا جسے بنونادیس اور بینیٹس بہی لکہا

Marfat.com

تخت نشین ہوا اور اپنا لقب بیلشضر یعنے زبردست بادشاہ بابل کا رکہا۔ چونکہ یہہ بچہ تہا اسلیے اسکی والدہ نیتوکرس منتظم مقرر ہوئے اسنے قلعہ اور فصیل کی عمارت کو پورا کیا اور دریا فرات کے اوپر پل اور نیچے سے بہی ایک سرنگ نکالی۔ بابل کی شمال مین ایک نہر اور ایک جہیل بنوائی۔ جب بیلشضر خود مختار ہوا تو اسنے اہل میڈیا کے ساتھہ دشمنی ٹہان لے اور انجام کار یہہ ہوا کہ سائرس اور اسکے بہانجے سائرس نے بابل پر چڑہائی کرکے دار الخلافہ کا محاصرہ کرلیا۔ اسوقت بیلشضر امید فتح پر اپنے وزیرون کی دعوت مین مصروف تہا۔ ناگہ دفعتاً اہل میڈیا کا لشکر نہر رستہ سے شہر مین داخل ہوگیا اسوقت مین بیلشضر کی محفل مین ایک ہاتہہ نمودار ہوا اور اوسنے یہہ عبارت لکہی جسکو دانیال نبی نے پڑہا منی منی تقل فارسین یعنے تیری سلطنت میڈیا او فارس مین جائیگی جب لشکر اندر آگیا تو اوسنے معہ چند رفیقون کے دادِ مردانگی کی دی لیکن آخر مارا گیا اور ۵۳۸ھ مین سلطنت بابل کا خاتمہ ہوا۔

چوتہی فصل نینوہ اور بابل کی بیان مین

نینوہ کا بیان۔ غالباً شہر نینوہ نائنس کے نام سے نکلا ہوا ہے جو کہ اوسکا بانی تہا۔ یہہ شہر دریاے دجلہ کے مشرقی کنارہ پر قریب ۳۰۰ میل بابل کے شمال کی طرف واقع تہا۔ اور بصورت مستطیل طول مین ۱۵ میل اور عرض مین ۹ میل اور محیط مین ۴۶ میل بنا ہوا تہا۔ آجکل کے یورپین خیالات کے مطابق نینوہ ایک شہر نہین تہا بلکہ قصبات اور دیہات اور امیرونکی مکانات کا مجموعہ تہا۔ کہتے ہین کہ آبادی اسکی ۲۰۰۰۰۰ سے زیادہ تہی ایک فصیل اور قلعات عالیشان سے محصور تہا۔ فصیل ۱۰۰ فٹ بلند اور اسقدر فراخ تہی کہ تین گاڑیان باہم اوسپر چل سکتی تہین۔ علاوہ اسکے ۲۰۰ بلند مینار اور ۱۵۰۰ برج عظیم حفاظت کیلیے موجود تہے ✣

بابل کا بیان۔ بابل ایک مربع شہر تہا۔ دریاے فرات ٹہیک اوسکے درمیان گذرتا تہا۔ فصیل مین سو دروازے جنکی کواڑ پیتل کے تہے جڑے ہوئے تہے بازار سیدہے اور کشادہ تہے۔ بخت نصر کے عہد مین ٹہیک مربع تہا جسکا ہر ضلع طول مین ۱۵ میل اور محیط ۶۰ میل کا تہا۔ مشرقی کنارہ پر کا حصہ سمیریون یا کلدیون نے بنایا تہا۔ اور بخت نصر کا محل بہی اسیطرف تہا۔ بابل

[illegible] نفط پیدا ہوتے تھے جو کہ چونے کی جگہہ کام دیتے تھے بابل کی فصیل کا آثار
[illegible] ہوئی تھی ۸۷ فٹ تہا اور بلندی اوسکی ۳۰۰ فٹ سے زیادہ تھی - اور فصیل کے
[illegible] برج بنے ہوئے تھے - اس شہر میں ۲۵ پہاٹک تھے جنکا ہر ضلع [illegible]
[illegible] دریای فرات کا اوپر جسکے بیچ [illegible] پل جسکا طول ایک [illegible]
[illegible] اسکے دونوں طرف دو سڑکین ملی ہوئی جاتی تہین - شہر کی عمارت
[illegible] بلند تہا [illegible] تہا - آخر [illegible] میں تعلق بابل بڑی
[illegible] تب آہستہ وہان آ گیا [illegible] دوبارہ بنانیکا ارادہ
[illegible]

[illegible] بابل کی تجارت اور صنعت کے بیان مین

[illegible] تیار ہوتے تہی - ایک قسم کے [illegible]
[illegible] گلاب - کیوڑا - اور نگینی کہدی ہوئے [illegible]
[illegible] کا فن بابل میں نہایت ترقی پر تہا - [illegible]
[illegible] یہان سے وہ سونا اور جواہرات اور عمدہ پارچات لیجاتے [illegible]
[illegible] تے تھے - بابل سے ایک سڑک نکلکر کوہ ارارات [illegible]
[illegible] دوسرے ایشیاکوچک کو جاتا تہا - اور جہاز دجلہ اور فرات
[illegible] ہوکر جزیرہ لنکا کو جاتی تہی لیکن آخر [illegible] کے باعث
[illegible] بابل کو جزائر بحرین سے جو خلیج فارس پر واقع ہین [illegible]
[illegible] تھے اور لکڑی بھی جہاز بنانیکے لئے انہین [illegible] ملتی تھی

[illegible] اور شام اور فلسطائن کے بیان مین

134967

پہلی فصل ایشیاکوچک کے جغرافیہ مین

[illegible] بحر یونان اور [illegible] اور بحیرہ خضر اور لونٹ کے واقع ہے - [illegible]

Marfat.com

جسکو حال مین اینی ٹولیا بہی کہتے ہین ایشیا کوچک مقرر ہوا - اس ملک مین شمال کیطرف [illegible]
تہین - مسیہ - بہتینیا - پیفلی گونیا - پونٹس - وسط مین - لیڈیا - فریجیا - گاپشیا - [illegible]
- آہی سوریا - قپی ڈوقیا - آرمینیہ - جنوب مین - کیریا - لسیا - پسڈیا - پیمفلیا - سلیشیا [illegible]
مغربی حصہ جسمین شہر ٹرائی واقع تہا فرگیہ کوچک یا ٹروآس کہلاتا تہا - راس [illegible] اور [illegible]
کے درمیان ایک لنگر گاہ تہی جسکو جزیرہ ٹینی ڈوس سے مدد پہنچتی تہی اور یہان [illegible] کوہ ایڈا [illegible]
تہا جوکہ دریاے زنتس یا سکے مینڈر اور سیموئس سے سیراب تہا یہہ دونون کوہ ایڈا سے نکلکر [illegible]
ٹریلینین مین گرتے ہین - شہر ٹرائی جسکو الیم بہی کہتے تہے کوہ ایڈا پر واقع تہا - اور [illegible]
درجہ پر شہر تہرنی کس ایک جزیرہ پر تہا بہتینیہ پیفلی گونیا پونٹس بحیرہ اسود پر واقع [illegible]
بہتینیا مین دو بڑے دریا ہالس اور سنگیریس جوکہ بحیرہ اسود مین گرتے ہین بہت مشہور [illegible]
ایشیا کوچک کے مغربی کنارہ پر یونانی [illegible] آبادیان تہین [illegible]
[illegible] - [illegible] کیریا [illegible] پہاڑی ریاستین تہین - لیڈیا کا دارالسلطنت
تہا - فریجیا مین گورڈیم اور [illegible] دو بڑے شہر تہے - جب اہل مقدونیہ نے اس ملک
تو یہہ مین شہر تعمیر کیے - آپامی - لاوڈیقیا - قلوسی - گلیشیا کو [illegible]
یہان آکر بسایا تہا الیساریا اور لیقاونیہ کی باہین کوہ طارس واقع تہا - [illegible] کا
تہا آرمینیہ مین ایرکیز اور سارس دو بڑے دریا تہے - [illegible]
شہر تگری نوسٹریا آباد کیا - کیریا مین یونانی بستیان سب سے زیادہ تہین - لسیا
پیمفلیہ پہاڑی علاقہ تہی - سلیشیا جو شام کی سرحد پر واقع تہا [illegible]
سارڈانا پالس نے تعمیر کیا تہا مشہور شہر تہے

دوسری فصل ایشیا کوچک کی قدیم تاریخ مین

ایشیا کوچک مین سے صرف تین سلطنتون یعنے ٹرائی - فرگیہ - لیڈیا کا حال بیان [illegible]

ٹرائی کا بیان روایت ہے کہ ڈارڈینس سیموتہریس کے باشندہ نے جو کرا [illegible]

Marfat.com

جلاوطن کیا گیا تھا اور جسکی شوسر بادشاہ ایشیا نے اپنی بیٹی کا نکاح کرکے جاگیر عطا کی تھی پیدا قبل
مسیح کی اپنے نام پر شہر دانیئا ٹونیا قایم کیا اسکے بعد ارکٹ ٹیونس جسکو گھوڑونکا بہت شوق تھا تخت نشین
ہوا۔ اسکے بعد جب ٹروس بادشاہ ہوا تو اسنے اوس شہر کا نام ٹرائی مقرر کیا۔ ٹروس کے بعد
ایلس جسنے اس شہر کا نام ایلیم رکھا۔ ایلس کے بعد لیومیڈن جسکے زمانہ مین ہرکیولس نے ٹرائی کو
لوٹا تھا تخت نشین ہوا۔ اسکے بعد پوڈارکیز یا پرائم بادشاہ ہوا چونکہ اسکا بیٹا سکندر یا پیرس
سلطنت پر قبضہ کیا - جب یہہ بات کو سنتا ہے مقابلہ کیواسطے واپس آیا اور وطن مین پہونچا تو اتفاقاً اپنی تلوار
سے زخم کہا کر مر گیا مگر مرنے سے پہلے ارکین کے روبرو قسمیہ بیان کیا کہ یہہ میرا بہائی نہین ہے چونکہ اسکا وارث
کوئی نہین تہا اسلئے حکومت خاندان کیانی کی جسمین اہل فارس و مادہ شامل تہے ۵۲۲ء مین ختم ہوئی

پانچوین فصل فارس کی تاریخ زیر حکومت خاندان اہستاسپ کی بیان مین ۵۲۱ء قبل مسیح سے ۳۳۴ قبل مسیح تک

سمرڈیس کاذب کا حال اچہی طرح تو معلوم نہین ہے مگر ایسا ... معلوم ہوتا ہے کہ پوجاریون نے اوسکو بادشاہ بنایا
تہا - چونکہ فارس کے امرا اوسکی برخلاف ہو گئے تہے اسلئے اونہون نے اوسکو مار کر ہالی **ٹیس یعنی**
گشتاسپ کو اپنا بادشاہ بنایا - اس بادشاہ نے تخت پر بیٹہتے ہی اپنا نام **دارا ہستاسپ یعنی**
ڈیریس ہسٹیس رکہا - اس بادشاہ نے پوجاریون کی بڑی خبرلی - اور روایت ہے کہ زردشت
یعنے زورو آسٹر اسکے زمانہ مین تہا - اسنے اپنی حکومت کو مستحکم کرنیکے لئے خسرو کے دونو بیٹیون سے
بیاہ کیا - کچہہ عرصہ کے بعد بابل والون نے سرکشی کی لیکن دارا ہستاسپ نے اوس شہر کا ۲۰ ماہ تک محاصرہ کیکے
دغا سے اوسکو فتح کیا یعنے اسنے ایک آدمی کو دو گونیان مار کر اونکے لشکر مین بہیجا تہا اوسکو سردار لشکر کا بنا کر لڑائی شروع کی وہی لشکر کو

Marfat.com

اب اس بادشاہ نے مغربی ایشیا پر حملہ کرکے تہریس کو فتح کیا - اس فتح سے اسکی ایسی جرأت بڑہی
کہ سدیا یا ستہیا پر حملہ کرنیکا ارادہ کیا مگر بڑی شکست کہائی اور ایسی بدتر حالت سے
واپس ہوا کہ جسکا بیان نہین ہوسکتا - اسوقت ملٹیاڈیز تہریس کے حاکم نے یونانیون کو صلاح
دی کہ دریائے ڈینوب کا پل توڑدو اور بادشاہ کو ہلاک کرو - مگر میلٹس کے حاکم ہسٹیس نے
اوسکی خلاف صلاح دی جسکا اوسکو یہہ نتیجہ ملا کہ دارا کی قیدخانہ قید کیا گیا - ہسٹیس کے بہتیجے ارسٹوگورس
کو بادشاہ کے ظلم پر غصہ آیا اور اوسنے یونان مین جاکر اتہنز والون سے مدد چاہی - اتہنز والون نے
ہسٹیاس کو نکالی ہوئے تہوڑا ہی عرصہ ہوا تہا اور ہسٹیس فارس کی بادشاہ کے پاس چلا گیا تہا
سے اہل اتہنز نے ارسٹوگورس کی مدد کی اور سنہ ۵۰۰ قبل مسیح مین ارسٹوگورس نے شہر سارڈس کو جلا دیا
مگر جب بادشاہ دارا کی فوج نے اوسکا تعاقب کیا تو ارسٹوگورس ... مارا گیا ... اوسکا ...
تمام بغاوت پس پا ہوگئی - اب دارا کو یہہ سوجہی کہ یونان پر حملہ کرے اسواسطے اوسنے ...
فوج جسکا حاکم اپنے داماد مارڈونیس کو بنایا تہا طیار کی - مارڈونیس نے بہت ...
مگر ایک طوفان نے کوہ ایتہوس مین اوسکی تمام بیڑیکو غارت کردیا - اور تہریس ...
اوسکے بہت سی لشکر کو تباہ کرکے مارڈونیس کو زخمی کیا - یہہ دیکہکر دارا نے ایک اور لشکر ...
ڈیٹیس اور آرٹی فرنیز سنہ ۴۹۰ مین روانہ کیا - اہل اتہنز نے بسرداری ملٹیاڈیز ...
کو مراتہن* کے مقام پر شکست دی - ان شکستون کی عوض لینے کے واسطے دارا نے ...
کرنیکا ارادہ کیا مگر ایک طرف سے مصریون نے بغاوت کی اور دوسری طرف اسکے بیٹون مین تخت
نشینی کی باعث سی فساد پڑا - ان فسادون کو ابی رفع کرنے نہ پایا تہا کہ سنہ ۴۸۵ مین ...
یہہ بادشاہ جنگی - لئیق - دلیر - بہادر - ہوشیار - جوانمرد - عاقل ...
اوسنے شکستین پائی تہین مگر مشرق مین اوسنے اسقدر فتوحات کین کہ کسیطرح اوسکی جوانمردی کو
دہبہ نہین لگ سکتا *

(*یہہ اول لڑائی مراتہن کی شمار کیجاتی ہے -)

زرکسیز سنہ ۴۸۵ مین تخت نشین ہوا اور تخت پر بیٹہتی ہی اوسنے مصر پر حملہ کرکے وہانکی باغیونکو

پس پا کیا - اس فتح سے مغرور ہوکر اوسنے یونان پر حملہ کرنیکے ارادہ سے اسقدر فوج بری بحری
کو جمع کیا کہ کبہی اوسکے نظیر دنیا بہر مین نہین ہوئی - علاوہ ازین اس مطلب کے واسطے اوس نے
کارتہیج والون سے بہی دوستی پیدا کی کہ جب مین یونان پر حملہ کرون تو وہ اٹلی اور سسلی پر حملہ کرین
کیونکہ یونانیونکی وہان بہت سے بستیان قایم تہین - تین برس تک اس لڑائی کے لئے تیاریان
ہوتی رہین - اس عرصہ کے بعد اوسکی فوج ابنائے ہلسپونٹ کے کنارہ پر وارد ہوئی اس بحر پر
ایک بڑا کشتیون کا پل باہندا گیا تہا اور خاکنائے اتہوس کے درمیان ایک بڑی نہر کہودی
گئی تہی اسکو عبور کرکے مقام تہرموپلی پر دونو فوجون کا مقابلہ ہوا تہرموپلی کے مکان پر سپارٹا
کے بادشاہ لیونی ڈاس نے چند آدمیون کی مدد سے اس تمام فوج کو شکست دی مگر آخرکار فریب
ایکا اور رستہ سے جاکر اس فوج نے اسکو گہیر کر سبکو قتل کیا - اب زرکسیز یونان مین گہسا مگر
چونکہ تری اور خشکی دونون مین شکستین کہائین تہین سلمی آخرکار بیعزت ہوکر فارس کو اولٹا پہرا
لیکن تہوڑیسی فوج زیر حکم مارڈونیس کے چہوڑ گیا جسنے پلیٹی کے مقام پر یونانیونکی فوج سے شکست
کہائی بلکہ یونانیون نے فارس والون کو بحیرہ میڈیٹیرینین سے نکالدیا اور ایشیا کوچک پر حملہ
کرنا شروع کیا - اس بادشاہ کا نام فارس مین اسفندیار ہے جب وہ یونان سے واپس آیا تو
حرم خانون کے جہگڑون مین مصروف رہا - اور اپنی لونڈی ہامن کی خوش کرنے کیواسطے یہودیون
کے قتل کرنیکا حکم دیا - مگر آستر کے کہنے سے اس امر سے باز رہا - سنہ ۴۶۵ قبل مسیح مین زرکسیز اور اوسکے
بڑے بیٹے کو کپتان آرٹی بینس نے قتل کیا اور اوسکی تیسری بیٹی آرٹی زرکسیز کو تخت پر بٹہایا
اور یہہ سوچا کہ اب ہم ہی سلطنت کرینگے - مگر بادشاہ نے اوسکو اور اوسکے دوستون کو بہت
جلدی قتل کیا - اس بادشاہ کا نام اردشیر بہمن تہا یہہ بڑا فیاض اور منصف تہا - اوسنے یہودیون
کو اورشلیم کے بنانے کی اجازت دی باوجود اسکے نیکیون کے اوسکی سلطنت نے زوال پکڑا
اور روز بروز تنزل پر چلی گئی اسوقت فارس والون نے یونانیون کے ہاتہ سے بہت سی
شکستین کہائین - اور آخرالامر صلح ان شرائط پر سنہ ۴۴۹ مین مقرر ہوئی - اول یونانیونکی

بستیان ایشیا کوچک مین ازاد رہین - دوم - فارس کا بیڑا سمندر مین نہ جاسکے - سوم فارس کی
فوج بحیرہ شام کے کنارہ سے تین دن کے فاصلہ تک دور رہے - اس بادشاہ کے عہد مین [illegible]
اور بغاوتین بھی بہت ہوئین - اول ملک بکٹریہ مین بادشاہ کا بڑا بھائی ہائڈسٹس پس باغی ہوا اور
مشکل سے مطیع ہوا - اسکے بعد مصریون نے ایملوس اور انی رس کے ترغیب اور اتہنز والون کی
مدد سے سنہ ۴۶۳ مین بغاوت کرکے مصریونکی فوج کو شکست دی - اور بادشاہ کے بھائی کو مار ڈالا - مگر شام کے
صوبہ دار مگی بزیس نے مصریون کو شکست دیکر شہر ببلس مین انکو قید کیا - آخر کار انی رس سنہ ۴۵۵ مین
مطیع ہوا - مگر ایمل ٹوس بھاگ گیا - اور مدت تک فارس والون کو ناگہانی حملون سے تکلیف دیتا رہا
چونکہ ارٹی زرکسیز کا بھائی مصر کی بغاوت مین مارا گیا تھا اسلئے ارٹی زرکسیز کی مان نے بادشاہ سے درخواست
کی - کہ قیدیون کو میرے حوالہ کردی کیونکہ انہون نے میری بڑی بیٹے کو مارا ہے - پانچ برس تک بادشاہ
انکار کرتا رہا - مگر آخر کار اون قیدیونکو اپنی مان کے سپرد کردیا جنکو اوسنے بہت تکلیف دیکر مار ڈالا - اسپر
مگی بزیس بڑا خفا ہوا - اور سنہ ۴۴۷ مین بغاوت کا جھنڈا قایم کرکے بادشاہ کی فوج کو کئی دفعہ شکست دی -
مگر آخر کار بادشاہ نے اسکے پاس صلح کی درخواست بھیجی - جب وہ مطیع ہوگیا - تو اسکو بے ایمانی سے پکڑ کر
عمر بھر قید رکھا - اور اس سبب سے اس بادشاہ کی تمام عہد مین مگی بزس کے بیٹے اس سے لڑتے رہے - آرٹی
زرکسیز سنہ ۴۲۵ مین مرگیا اور اسکا بیٹا زرکسیز دوم تخت پر بیٹھا - مگر ۴۵ روز کے بعد اپنے بھائی سوگڈیانس کے
ہاتھ سے مقتول ہوا جو اپنے باری مین اوکس کے ہاتھ سے مارا گیا - اوکس نے تخت پر بیٹھتے ہی دارا دوم
اپنا نام مقرر کیا - اس بادشاہ کے عہد مین سلطنت مین زوال آیا اور صوبہ دار باغی ہونے لگے
ایمرٹیوس نے مصر مین سلطنت قایم کی چونکہ اسوقت یونانی خود اپنے خانہ جنگی [illegible]
تھے اس سبب سے فارسیون پر حملہ نہ کرسکے - بلکہ شہزادی سائرس نے جسکو اسکے باپ نے [illegible]
بنایا تھا - سپارٹا والونکو بڑی مدد دیکر اتہنز والون کو شکست دی - دارا کے مرنے کے بعد اسکا بیٹا
ارٹی زرکسیز دوم ملقب بہ نمین سنہ ۴۰۵ مین تخت پر بیٹھا مگر اسکے بھائی سائرس نے جسکو اسکی مان
پیری سیٹس بہت چاہتی تھی اسکا مقابلہ کیا اور دس ہزار یونانیون کی مدد سے اپنی بھائی پر -

حملہ کیا مگر کیونک کی لڑائی مین ان ہٹہ مین مارا گیا - اور اسکے دس ہزار مددگار بسرداری زنوفن
اسکے ملک سے نکل گئے - اس بادشاہ کے باقی عہد مین خانگی جہگڑے ہوتے رہے اور جب یہہ حالتین ہو رہین
تہین تو سپارٹا کے بادشاہ آجس ایلاس نے مغربی فارس پر حملہ کیا - اور یقین تہا کہ سلطنت فارس کو
غارت کردیتا اگر اسکے ملک مین لڑائی نہ ہوتی - اس بادشاہ نے مصر کے فتح کرنیکا ارادہ کیا تہا مگر کامیاب
نہ ہوا - جزیرہ سایپرس ازاد ہو گیا اور تمام مغربی ایشیا مین بغاوت پہیل گئی - اسکے بڑے بیٹے دارا نے
بادشاہ سے بغاوت کی لیکن آخر کار مارا گیا - یہہ دیکہا اس سبب اسکے چہوٹے بیٹے اوکس نے اپنے بہائی کو
مار ڈالا - جب یہہ بادشاہ خانگی مصایب سے شکستہ دل ہو کر مر گیا - تو اوسکا بیٹا اوکس ۳۵۹ قبل مسیح مین بنام
ارٹی زرکسیز سوم تخت نشین ہوا - اسنے اپنے تین تخت پر مستحکم کرنے کی غرض سے ۸۰ شہزادون کو مار ڈالا
یہہ دیکہکر مغربی ایشیا کے صوبہ دار آرٹی بیزس نے تخت چہیننے کا ارادہ کیا - مگر اوکس نے اسے شکست دی
اور اوسکو یونان مین بہاگنا پڑا - اور اسکے بعد اوسنے فنیشیا پر حملہ کرکے شہر سیڈون کو زمین کے
برابر کر دیا اور نیز سامدوس و اجپس لیلیا ۳۳۸ء مین ایک خواجہ سرا بیگاوس نے بادشاہ کو زہر دیا
اور اوسکی سب سے چہوٹے بیٹے ارسیز کو تخت پر بیٹہایا - تہوڑے دنون کی سلطنت کے بعد اس خواجہ
سرا نے اس بادشاہ کو بہی زہر دیا - اور ڈیرس کڈومی نس کو تخت پر بیٹہایا - اوسکا یہہ ارادہ تہا کہ
سلطنت مین کوئی بادشاہ برائے نام رہے مگر ڈیرس یا دارا اوسسے ازاد ہو گیا اور خواجہ سرا نے
یہہ ارادہ کیا تہا کہ اوسکو بہی زہر دے مگر دارا نے پہلے ہی زہر کہلا کر مروا دیا - اسکے بعد سکندر اعظم نے
ملک پر حملہ کیا اور اسس اور آربیلا کی دو لڑائیون مین بادشاہ کو سخت شکست دی جسسے دارا البرز کی
طرف بہاگ گیا اور ایک خواجہ سرا بیجس کے ہاتہ سے مقتول ہوا ✚

فارس والون نے بابلونیا اور فنیشیا کی تجارت کی طاقت پر قبضہ حاصل کیا لیکن اونہون نے
کوئی نئی شاخ تجارت کی قایم نہین کی بلکہ جو پہلے سے قایم تہی اوسکو بہی پورا پورا فروغ
نہین دیا ✚

Marfat.com

ساتوان باب کارتھیج کے بیان مین

پہلی فصل شمالی افریقہ کے جغرافیہ مین

افریقہ کے شمالی حصہ پر یونانیون اور اہل فنشیا کی بہت بستیان قایم تہین جو کہ بباعث تجارت کی رونق پر تہین خصوصاً انمین سے کارتھیج نہایت مشہور شہر تہا - اس علاقہ کے تین قدرتی نامساوی حصہ تہے - اول ملک بحری جسکو بربر کہتے ہین - دوسرا - ملک کوہستانی جسکو قدیم مین ماسد یا جبال الاسد اور حال مین بلد الجرید اور رومادای جی ٹولیا کہتے ہین - تیسرا وہ ریگستان جسکو عرب صحرا کہتے ہین - سلسلہ کوہ اطلس سے کئی چھوٹے چھوٹے دریا نکلکر شمال کیطرف بحیرہ شام مین گرتے ہین - مگر اسکی جنوب مین سوای نایجر یا نایگر کے کوئی بڑا دریا نہین ہے مصر سے مغرب کی طرف بحیرہ شام کے کنارے کنارے ریاستہای ذیل واقع تہین اول مارمریکا جہان خانہ بدوش قومونکی سکونت تہی دوم سرینیکا اس مین یونانیون کی ایک بستی تہی - جسمین سرینی اور بارکا دو بڑے شہر تہے - سوم ریجیو سرٹیکا جو سرٹس کلان یعنے خلیج سدرا اور سرٹس خورد یعنے خلیج کیبس کے بیچ کا علاقہ اسکو حال مین ٹریپولی کہتے ہین چوتہی کارتہیج خاص - پانچوین وہ زرخیز قطعہ جسکی شمالی حصہ کو بیزیسینا اور جنوبی کو زیوگی ٹانا کہتے ہین - چہٹا نیومیڈیا اور موریٹانیا انمین سے تیسرا چوتہا پانچوان کارتہیج کے قبضہ مین تہے شہر کارتہیج خلیج ٹیونس مین ایک جزیرہ نما پر واقع تہا اسکی مشرق مین راس ہرمیز یعنے راس بون اور مغرب مین راس اپولو یعنے راس زبید واقع تہین کارتہیج بر اعظم افریقہ سے بذریعہ خاکنای کے جسکی لمبائی تین میل تہی پیوستہ تہا - ایک اور رستہ اس سے مغرب کی طرف سمندر ... کنارے اور دو بندر محفوظ رکہنے کے لئے بنائی گئی تہی - اور خاکنائی کے حفاظت کی ... ہوا تہا - جسکی گرد ایک دیوار ۰ ۸ فٹ اونچی اور ۳۰ فٹ چوڑی بنی ہوئی تہی کارتہیج کا علاقہ مغرب کی طرف ہرکیولس یعنے جبل طارق کے منارون تک اور مشرق سے فیلی نے کی مذبحون تک پہیلا ہوا تہا یہہ وہ قربان گاہین دو بہائیون کے یادگار کیواسطے جنہون نے اپنے ملک کیلئے جانین قربان کین تہین

بنائی گئی تہین - کیفیت اسکی یہہ ہے - کہ کارتہیج اور سیرینیکا کے مابین کوئی حد فاصل نہ ہونے سے
ہمیشہ جہگڑا اور فساد برپا رہتا تہا - آخرکار یہہ بات ٹہری کہ جانبین سے دو ایلچی ایک ہی وقت مین
چلین اور جہان آنکر ملین وہ جگہہ حد فاصل ہوگی - اہل کارتہیج کے ایلچی دو بہائی ایسی جلدی چلے -
کہ سیرینی کے ایلچیون سے دگنا رستہ طی کر گئے اسلئے موافق عہدنامہ کے اہل کارتہیج ہی کے مستحق
ہوئے - آخرکار بعد تنازع کے یہہ بات ٹہری - کہ اگر کارتہیج کے ایلچی یہان زندہ دفن ہونا قبول کرین تو
یہی حدود - ورنہ وہ حد تسلیم کرنی چاہیے جہان ہم اپنے ایلچی کو دفن کر دین فیلی نی نے خوشی سے یہہ
شرط منظور کی - اور اپنے ملک کی بہبودی کے واسطے زندہ دفن ہوگئے - کارتہیج کی جنوبی حد جہیل ٹرٹن
تک تہی مگر اس سے پری خانہ بدوش قومین مطیع تہین - کارتہیج کا زرخیز صوبہ سراس بون سے
جہیل ٹرائی ٹن تک بخط مستقیم ۲۰۰ میل لمبا اور ۱۵۰ سو میل چوڑا تہا - صوبہ زیوگی ٹانا مین
دارالخلافہ کی سوا یہہ شہر مشہور تہے ہیپو زیرٹیس - یوٹیکا - ٹیونٹس - کلپیا - وسطی اضلاع
مین فینیشیا والون کی اولاد اصلی باشندونسی مل جل گئے تہے اور وہان یہہ بستیان مشہور تہین -
ڈکا - بلا - سکا - زیمیا - جنوبی حصہ مین جسکو بی زاسیٹیم باعث قوم بیزالٹس کے کہتے تہے
مندرجہ ذیل بندرگاہ واقع تہین - بائی زنیشیم - ایڈرومیٹم - لیٹس مائینر - ٹیکاپی -
کارتہیج والون کے قبضہ مین غیر ملکون کے یہہ جزائر تہے - بلیارک - کورسیکا - سارڈینیا
- اور بحیرہ شام کی کئی چہوٹی چہوٹی جزیرے اور جزیرہ صقلیہ - اور ہسپانیہ کا جنوبی حصہ اور بحر
اوقیانوس مین جزائر خالدات - جنسے شاید جزائر کنیری - اور میڈیرا مراد ہے ؀

دوسری فصل اہل کارتہیج کی طریق معاشرت اور انتظام ریاست کی بیان مین

یہان بہی ٹائر کیطرح جہان سے یہہ لوگ آئے تہے - حکومت شخصی تہی - مگر تہوڑی عرصہ کے بعد جمہوری سلطنت
ہوگئی - اسمین امیرونکو بڑی طاقت تہی انکے ان دو بادشاہ یعنے مجسٹریٹ اعلےٰ مقرر ہوتے تہے -
جنکو شفیٹ یعنے منصف اور عبرانی مین شوفیٹم کہتے تہے - انکو مجلس امرا یا کمیٹی کارکن منتخب کرتے تہے -

Marfat.com

مگر اسکے بعد عوام کے روبرو بھی پیش کرتے تھے - سنٹ کی دو حصہ تھے - ایک کو سینیڈریم یعنے دیوان عام
اور دوسرے کو جروشیا یعنی دیوان خاص کہتے تھے - اول مین تھے ۱۰۰ ممبر بذریعہ پانچ ممبرون کو دیوان
خاص بنانے کے لئے منتخب کئے جاتے تھے جسکو عدالت عالیہ بھی کہتے تھے - اور کاربار ریاست مین جماعت عام
کی رای نہ لی جاتی تھی مگر جب مجسٹریٹون اور مجلس امرا کے مابین اختلاف واقع ہوتا تھا - تو اسوقت
انکا فیصلہ قطعی سمجھا جاتا تھا - ملکی اور جنگی - کام اس ریاست مین علیحدہ علیحدہ تھے - جرنیلون کو
جروشیا مقرر کرتے تھے - انکے ساتھ چند آدمی جو انکی کامون پر نکتہ چینی کرتے تھے مقرر کئے جاتے تھے -
جرائم کی تحقیقات کے لئے سب سے اعلے عدالت دیوان خاص تھے - مگر اسکے سوا ایک اور عدالت تھی - جسمین
۱۰۴ حاکم اجلاس کرتے تھے اور اسکو بڑی بڑی مقدمات دیوانی وغیرہ کی سماعت کا اختیار تھا - چونکہ اسکے
ممبر میعاد معینہ پر بدلتے رہتے تھے - اور حکام سول الگ اور ملٹری الگ ہوتی تھی - اسلئے اسکو گورنمنٹ روما
اور یونان پر فوق تھا - جب کوئی بادشاہ لڑائی پر جاتا تھا تو اسکی واپسی پر قومی اختیارات ختم ہو جاتے
تھے اور دوبارہ جانیکے لئے نئی تقرری درکار ہوتی تھی - اہل کارتھیج کا وہی مذہب تھا جو انکے بزرگون اہل
فنشیا کا تھا - اسی سبب سے انسانی قربانی اور بت پرستی اور بے رحمی اکثر رسمین ان کے ہان بہت تھیں
ملکارٹ یعنی ہرکیولس اور ملک یا مولوک یعنے بعل اور اسٹارٹی یعنے زہرہ انکی بڑی دیوتا تھی -
مگر غیر قومونکی دیوتاؤن کے بھی پرستش کرتے تھے - سیرس کی پرستش صقلیہ والونسی پہونچی تھی اور [illegible]
کے جانب بھی وکیل بھیجا کرتے تھے - انکے ہان پوجاریونکا فرقہ علیحدہ نہ تھا - بلکہ مجسٹریٹ ہی پوجاریون کا
کام دیتے تھے - کارتھیج مین روپیہ کا اسطرح رواج ہوتا تھا کہ ایک مرکب دھات کے ٹکڑے کو ایک چمڑی کی تھیلی مین
رکھکر اسپر سرکاری مہر لگا دیتی تھی - اور کارتھیج مین آمدنی کے یہہ صیغے تھے - اول خراج جو مطیع شہرون [illegible]
افریقہ کی قومون سے وصول ہوتا تھا - دوم جہازرانی کا محصول سیوم کانون [illegible]
شہر کارتھیجینا کی پاس جسکو سلف مین نیا کارتھیج کہتے تھے پائی جاتی تھین - اہل کارتھیج جہاز بنانے اور چلانے
مین بڑی استاد تھے - چنانچہ اہل رومانی انسے یہہ ہنر سیکھا ہے - اور شہر ہرکیولینیم کے دیوارون پر جو
جہازون کی تصویرین موجود ہین - وہ کارتھیج کے جہازون سے مشابہ ہین اہل کارتھیج سمندری دیوتاؤن

Marfat.com

[illegible] ہوتے تھے - اور کشتیو نپر انکے - تصویرین بنی ہوئی تہین - کشتیونکی آگے ایک نوکدار آری
[illegible] دشمن کی کشتیون کو نقصان پہونچاتے تھے - اور غلام ہمیشہ کیلئے ملاحون کا کام کرتے تھے -
[illegible] فوج بہتر بہی تہی - مگر اسمین اکثر غلام اور اجنبی آدمی بہرتے ہوتے تھے جو کہ صرف روپیہ کے لالچ پر
[illegible] بباعث کثرت تجارت کے فوج مین بہرتی نہین ہوتے تھے - مگر ایک فوج کارتہج والونکی
[illegible] ہوتے تھے اہل غوالس و ہسپانیہ و اطالیہ و یونان کی لوگ نوکر رکھے جاتے تھے اور جزائر
[illegible] تھے - مگر نوہرا و برباست مین کچہہ ہمدردی نہ تہی - کیونکہ جب فوج کو
[illegible] تو سب ہا نوکری چہوڑ کر چلے جاتے تھے +

[illegible] شہر رسپار کیوز کے لڑائیون کا ذکر یعنی ۴۸۰ قبل مسیح سے ۲۱۶ قبل مسیح تک

[illegible] بانی گیلا ابن کے ظلم سے بہاگ کر ۴۸۰ قبل مسیح مین شمالی افریقہ پر وارد ہوکر شہر
[illegible] سکونت پذیر کارتہج والون کو عرب کی وحشی سرداروں کو خراج دینا پڑا - مگر جب
[illegible] قوت کر دو کیا او قریب کی قومونکو مغلوب کرکے ساحل بحر پر بستیان
[illegible] یوٹیکا اور لیس وغیرہ سے شریک ہوکر کارتہج کو اپنا صدر ٹہرایا -
[illegible] ہوئی اور جنگی درمیان دو قومین خانہ بدوش لوٹو فاجی اور
[illegible] کے مابین بہت لڑائیان ہوتی رہین جنکا
[illegible] سلطنت کو مشرق مین اقتدار حاصل ہوتا جاتا تہا
[illegible] میگو کے ذریعہ سو سو برس تک
[illegible] آخر کارتہج [illegible] ایک گروہ لوینا کی شمالی شہر نوشیہ کو باشند
[illegible] روانہ ہوا اور ایشیا کوچک کی بستیونکو مطیع کیا
[illegible] ہملیس [illegible] ایک بڑی فوج نے نوشیہ پر حملہ کیا یہہ لوگ آگے
[illegible] تاب لاکر بمعہ عیال و اطفال او رمال منقولہ کے

جہاز پر سوار ہوکر رستہ مین اپنی قدیم باشندگان فارس کی ... وتیم کرکے اور چلتا ہوا گو ... [illegible]
بمنزلہ قسم کے ڈالکر جزیرہ کورسیکا کیطرف چلی گئی - اس جزیرہ مین کارتہیج والی رہتے تھے انہون [illegible]
ساتھ دوستی پیدا کیے - ... جہان اہل فوشیہ کی نکالنے کیو اسطے روما کئی فوشیہ والون کی پاس اس ... [illegible]
جہاز تھے اونکی مدد ... کارتہیج والونپر فتح حاصل کی مگر یہہ سمجھکر وہ کارتہیج والون کو دوبارہ حملہ [illegible]
نہین رکھتے تھے اسلئے کورسیکا کو چھوڑکر فرانس کے جنوبی کنارہ پر شہر مارسلیز مین جا ... [illegible]
یا کمبنائی سیز نے مصر کے فتح کے بعد کارتہیج پر حملہ کیا - تو اسکے ملاحون نے جو کہ فنیشیا کی [illegible]
بہائیون خلاف جنگ کرنیسے انکار کیا اسواسطے کمبائی سیز اس ارادہ سے باز رہا - [illegible]
جب ٹارکیین کا خاندان روما سے نکالا گیا - تو اہل روما اور کارتہیج مین صلح ہوگئی - مگر یہہ [illegible]
ہوتاہے - کہ شمالی افریقہ کے ساحل پر سارڈینیا اور بلیارک ور سسلی - اور ... [illegible]
چونکہ یونانیون نے کورسیکا کے قریب کارتہیج والون کو شکست دی تہی - اسلئے ... [illegible]
حملہ کیا - تو کارتہیج والی بہت خوشی سے انکی معاون ہوئے - چنانچہ یونان کی ... [illegible]
سسلی پر حملہ کرنیکے لئے - بڑا بیڑا جسمین دو ہزار جنگی جہاز اور تین ہزار بار برداری [illegible]
فوج سوار تہی - ہملکر کے زیر حکم جو کہ خاندان میگو سے تہا روانہ کیا اگرچہ ... [illegible]
اور استاد تہے - اور شہر کی کہان بنتی اور نیچی پہلتے تہے - لیکن قواعد دان ... [illegible]
پنوس یا پلرمو مین اوتر کر شہر ہمیرا کا محاصرہ کیا - چونکہ یہہ شہر کچھہ مستحکم نہ تہا - اسلئے وہان [illegible]
بعد سخت مقابلہ کے سایرکیوز والون سے مدد کی درخواست کی - سایرکیوز ... [illegible]
اور ۵۰ ہزار پیادے لیکر روانہ ہوا - مگر خوش قسمتی سے رستہ مین ایک قاصد کو جو کہ ... [illegible]
امداد کی خبر لیکر ہملکر کیطرف جاتا تہا گرفتار کیا - اور ... جیسا ... [illegible]
اور وقت مقررہ پر اپنی فوج سے چیدہ جوان منتخب کرکے قریب کارتہیج والون کے لشکر مین ... [illegible]
ہملکر اور ... کو مار ڈالا اور جہازون کو جلا دیا - ... کارتہیج والے ... ہو گئے -
اسوقت ... حملہ کیا ... نصف سے زیادہ آدمی مقتول ہوئے اور باقی فاقہ کشی ... [illegible]

اتفاقاً اسی روز یونانیون سے فارس والون نے بہی نہر موئیکلی کی درہ مین شکست کہائی - اور اونکی جہاز بہی آرٹی میتیم پر تباہ ہوئے گویا یونانیونکو آزادی کیلئے تین بڑی فتوحات ایکدن ۴۸۰ قبل مسیح مین حاصل ہوئین - کارتہیج کی باقی ماندہ فوج نے ہملکر کے لڑکے گسکن کو اپنا افسر بناکر لڑنا چاہا - لیکن آخر ناچار ہوکر اپنے ہتہیار ڈالدیئے اور چند شرائط پر صلح ہوگئی - جس سے لوگون نے گسکن کو بے قصور جلاوطن کردیا - اِس شکست کے بعد ۷ برس تک انکا کچھہ حال معلوم نہین - مگر یہہ افریقہ کی قومون پر اپنا تسلط جماتے رہے - اور سسلی کی علاقونسی بہت سا حصہ حاصل کیا - جب ۴۱۳ مین اہل اتہنز نے سائرکیوز پر حملہ کرکے شکست فاش کہائی - تو اوسوقت شہر سگسٹا یا سجسٹا کے باشندون نے اہل اتہنز کی مدد کی تہی - اِسلئے سائرکیوز والون نے اِنپر حملہ کیا - جسپر سجسٹا والون نے کارتہیج والون سے مدد کی درخواست کی +

چوتھی فصل کارتھیج کی تاریخ جزیرۂ صقلیہ کی لڑائیون کے اخیر تک یعنے ۴۱۶ قبل مسیح سے ۲۷۴ قبل مسیح تک

چونکہ اہل کارتہیج مدت سے صقلیہ پر حملہ کرنیوالے تہے - اسلئے اہل سگسٹا کی درخواست کو منظور کرکے - گسکن کے بیٹے ہنی بل کے زیر حکم فوج کو روانہ کیا اس فوج نے شہر سلی ننٹم اور ہائی میرا پر حملہ کرکے اسکے باشندونکو قتل کیا اور شہرون کو ویران کردیا - اہل صقلیہ اور کارتہیج کے مابین ایسی شرائط پر صلح ہوئی جو کہ کارتہیج والونکو بہت مفید تہین کچہہ عرصہ تک کارتہیج والون کو اس کامیابی سے بہت فخر حاصل ہوا جسسے وہ جانتے تہے کہ کل سسلی کو فتح کرلینگے اس مطلب کیلئے اونہون نے ہنی بل اور ہملکو کے بیٹے اینولیکو کو فوج دیکر کل صقلیہ پر حملہ کرنیکیلئے روانہ کیا اور اونہون نے صقلیہ مین وارد ہوکر شہر اگریجنٹم کا آٹھہ مہینے تک محاصرہ کیا جسے محاصرین وباسے اور محصورین نے فاقہ کشی سے بہت تکلیف اوٹہائی - آخر اس شہر کے باشندے بڈہون - بیمارون - مجروحون کو چہوڑ کر رات کو دشمن کی صف کو چیر کر گیلا مین جا پہونچے - ہملکو نے جو کہ اپنے باپ ہنی بل کی جگہہ مقرر ہوا تہا - اِن سب کو مرواڈالا - اور اگریجنٹم کے بعد گیلا بہی مفتوح ہوا - اِسلئے سائرکیوز کے بادشاہ ڈائیونیسیس اول نے جو کہ صقلیہ کی فوج کا افسر تہا - صلح کا پیغام بہیجا - اور ۴۰۵ قبل مسیح مین صلح ہوگئی - اور جب کارتہیج والے جزیرہ صقلیہ سے باہر ہوگئے - تو ڈائیونیسیس نے کل یونانی بستیون کے سردارون سے اتفاق کرکے

کارتھیج کے سوداگرون کو جو سسلی کے بڑی بڑی شہرونمین مقیم تھے مار ڈالا اور کارتھیج کے قلعون کو چھین لیا
اس خبر کو سنکر کارتھیج والی غصہ مین آئی اور ہملکو کے زیر حکم لشکر کثیر روانہ کیا۔ ہملکو نے سائرا کیوز کا محاصرہ
کر کے قلعہ اکراگینا کو فتح کیا۔ مگر لشکر مین ایسی سخت وبا پڑی۔ کہ موت کا بازار خوب گرم ہوا۔ اور محصورین
نے یہہ خبر سنکر حملہ کیا جسمین ڈائیونیسیس نے قتل عام کا حکم دیدیا۔ آخر ہملکو نے عاجز ہوکر اپنی اور اپنے بھائیون کی
جان بچالی۔ اور باقیون یعنی افریقیونکو دشمن کے حوالہ کیا۔ ہملکو نے اپنے ہموطنون کی ملامت کی خوف سے
خودکشی کی۔ افریقہ کی خانہ بدوش قومون نے برہم ہوکر اپنے بھائیون کی عوض لینے کیلئے بڑی بڑی شہرون
کو فتح کرکے۔ خاص کارتھیج کا محاصرہ کیا۔ لیکن بباعث نہ ہونے کسی افسر کے بہت جلدہی پراگندہ ہو گئی
اسکے بعد اہل کارتھیج نے ایک اور بیڑا تیار کرکے میگو سردار کے زیر حکم صقلیہ کو روانہ کیا۔ مگر یہہ سردار معہ
فوج کے مارا گیا۔ اور اسکے چھوٹے بیٹے میگو نے ایک اور لشکر افریقہ والون کا جمع کرکے
سائرا کیوز والونکو بالکل شکست دی۔ جسپر ڈائیونیسیس اول نے [illegible] قبل مسیح مین
صلح کرلی۔ صقلیہ کے جنگ کے بعد اوسی سال مین کارتھیج مین ایک ایسی وبا آئی جسمین ہزارہا باشندے ہلاک ہوے
۔ اسیوقت صقلیہ اور سارڈینیا کی مابین بغاوت پھیلی مگر کارتھیج کی مجلس انتظامی نے پہلے سے بہی زیادہ ملک کو
رونق دی۔ ڈائیونیسیس اول کو اگرچہ ظالم بہی لکھاہے۔ مگر وہ بڑا عاقل اور ہوشیار تہا۔ چنانچہ مورخین
اوسکی بڑی تعریف لکھی ہے۔ چونکہ اسکا بڑا بیٹا ڈائیونیسیس دوم بڑا عیاش اور ظالم تہا۔ اسلئے ریاست
ضعیفی اور ابتری واقع ہوئی۔ اس وقت مین کارتھیج والون نے غنیمت جانکر میگو کے زیر حکم ایک اور بیڑا
روانہ کیا۔ اس نے پہلی ہی حملہ مین سائرا کیوز کے بندرونپر قبضہ کرلیا۔ اسوقت سائرا کیوز والون نے
اہل کورنتھ سے مدد طلب کی۔ اونہون نے ٹیمولین کو مدد کیلئے بھیجا۔ اسنے آتے ہی قلعہ چھین لیا۔ اور
محاصرہ چھوڑکر وطن کو واپس چلا گیا۔ میگو نے اگرچہ خودکشی کی۔ مگر کارتھیج والے
کہ اوسکی لاش کو سولی پر چڑھایا۔ اب ہملکر اور ہنی بل کی سرداری مین ایک اور بڑا لشکر بھیجا۔ لیکن
اس لشکر کو ٹیمولین نے دریائے کریمیس کے قریب سات ہزار آدمی سے شکست دی اسمین تین ہزار قید ہوئے
اور سات ہزار ان کے علاوہ اونسے مارے گئے باقی فوج بھاگ گئی۔ اور سائرا کیوز والون

اسکے بعد شہر فتح کرنے شروع کیے مگر کارتھیج والون نے صلح کرلی۔ اسوقت مین ایک اور جگہہ اظہار ہوا
وہ یہہ ہے کہ ایک بڑی سردار ہینو نے یہہ منصوبہ باندہا۔ کہ سنٹ کی ممبرون کو دعوت کی بہانہ سے
بلاکر زہر دیدے۔ اور آپ مالک ملک بن جاوے۔ مگر جب یہہ شیطانی حرکت کہل گئی۔ تو وہ غلامونکو باغی
ہوکر ۲ ہزار مسلح غلامونکی ساتھہ جنگ کرنے پر مستعد ہوا۔ لیکن سنٹ کی ممبرون نے اسے فرصت نہ دی
اور بڑے عذاب سے مار ڈالا۔ اور اسکے خویش و اقارب کا بھی یہی حال ہوا۔ اتنا مین بھی بے اتفاقی کی
باعث سے اہل کارتھیج کو نیا حملہ کرنیکا بہانہ ہاتہہ آیا۔ اسوقت مین ایگی تہوکلیز نے جو کہ خاک او کمینی نسل
سے تہا۔ اپنے ہموطنون یعنی کارتھیج والون کو چرب زبانی اور دغا سے کاٹہہ کر جنکی امداد سے مالک ریاست
بن گیا۔ لیکن اپنے ہی مددگارونپر زیادتیان شروع کرکے جلاوطن کرنیکا ارادہ کیا۔ مگر اس امر کے ظاہر
ہونے سے سنٹ نی ہملکر کو ایک زبردست فوج دیکر روانہ کیا۔ جسنے ہملکر نے شکست فاحش دیکر
شہر کا محاصرہ کیا۔ مگر ایگی تہوکلیز نے شہر والون سے اتفاق کرکے پوشیدہ طور پر ہتہیار جمع کرکے۔
افریقہ کا ارادہ کیا۔ اور [illegible] ایسی کیوز سے محاصرین کی نظر بچاکر صاف نکل گیا۔ اور ۳۰۲ قبل مسیح
افریقہ مین جسوقت [illegible] ہوا تہا پہنچکر شہر ٹیونس وغیرہ کو فتح کیا۔ کارتھیج والون نے ہینو اور
بوملکر کے زیر حکم فوج اسکے مقابلہ کیواسطے روانہ کی۔ مگر آخر ایگی تہوکلیز نے اونکو شکست دیکر ہینو کو
[illegible] مین مار ڈالا [illegible] بوملکر [illegible] بعد کچھہ انتظار نہ کیا تہا۔ اسلئے ایگی تہوکلیز نے آگے بڑھ
کر حملہ کیا [illegible] اور [illegible] کے دروازون پر پہنچ گیا۔ اہل کارتھیج اسکے قریب پہنچنے [illegible] ہمراہ لائی تھی
[illegible] شکست [illegible] اور نجومون اور [illegible] کے [illegible] اسوقت
[illegible] لڑکیون کی جگہہ [illegible] کی قربانی
[illegible] امیرون نے اپنی لڑکیون کو [illegible] قربانی مین [illegible]
[illegible] شہر [illegible] پر حملہ کرنیکا ارادہ کیا تہا اسلئے وہان کے لوگون نے
بوڑھیون اور بچون اور عورتون کو [illegible] دیے۔ [illegible]
خاطر [illegible] سے پیش آئے ۔

اودہر ہملکر کو یہہ حکم بہیجا - کہ جلد واپس آجا مگر اپنے ساتہی کیونز سے بغیر فتح آنا نہ چاہا - اور یہہ خبر مشہور کردی کہ تہوکلیز افریقہ مین مارا گیا - لیکن اس عرصہ مین ایک جہاز افریقہ سے واپس آیا ہوا نظر آیا تب اسنے محاصرہ اٹہا لیا - اور ۵ ہزار جوان وطن کو بہیجدیے - اور چاہا کہ پہر حملہ کرے مگر دشمن کی حملہ نے اوسکے سب ارادون کا خاتمہ کردیا +

سسلی والونکا

بوملکر بباعث اوس بدخواہی کے جو اوسنے کارتہیج کا خود مختار بادشاہ بننا چاہا تہا پہلے ... تہا مگر پیچھے سخت عذاب سے مارا گیا - ایگی تہوکلیز سے سرینی یا قورین کا بادشاہ اوفیلاس بہی آملا تہا - مگر اسنے اوسکو خفیہ زہر دلواکر مار دیا اسکے بعد اپنے بیٹے کو فوج کا سردار بناکر آپ صقلیہ کیطرف روانہ ہوا مگر اسکے جانیکے بعد اوسکی ہٹی کے بد انتظامی سی فوج مین قیامت اور ابتری پہیلگئی - یونانی ریاستون نے بباعث قتل ہونے اوفیلاس کے اعانت سی پہلوتہی کیا - اور آفریقہ کی سردار کارتہیج والون کے مطیع ہوئے - یہہ سنکر ایگی تہوکلیز نے اس معاملہ کو اونہین ہی چہوڑا - اسلئے آخر فوج نے اپنے افسرون کو مار کر اپنے تئین کارتہیج والون کے حوالہ کیا - چند روز کے بعد ایگی تہوکلیز اپنے بیٹے کی غم مین زہر کہا کر مرگیا - اسکے بعد کارتہیج والون نے صقلیہ والونسے سازش کرکے بڑا اقتدار حاصل کیا +

اسوقت یونانیون کی بستیون نے اپائی رس کے بادشاہ پہرس ... بدلہ ایگی تہوکلیز کا داماد تہا اور اسوقت آٹالیہ مین آیا ہوا تہا - مدد چاہی - اوسنے بموجب درخواست صقلیہ والون کے ... میں فوج کشی کی - اور للیبیم کے سوا کارتہیج کے سب شہر فتح کئے - مگر چند روز کے بعد ... جانا پڑا - اسلئے کارتہیج والون نے اپنے تمام شہر فتح کرلئے - لیکن سایرہی کی ... کے بادشاہ ... کوشش کے ... کارگر نہ ہوئی +

پانچوین فصل رومی کی لڑائیون کی جو کارتہیج کی ...

یعنی ۲۶۴ برس قبل مسیح سے ۱۴۶ قبل مسیح تک

صقلیہ کو بلت وقت ہیمبلکر اپنی ساتہیون سے کہا کہ ہم عمدہ میدان جنگ ... کارتہیج

والون کی چہوڑی جاتے ہین چنانچہ یہہ پیشین گوئی چندروز کے بعد ظہور مین آئی - اور تہوڑی سے
تکرار پر دونون کے مابین جنگ شروع ہوگئے - بیان اسکا یہہ ہے - کہ ایگی تہوکلیز کے مرنے کے بعد
اس کی سپاہ مین سے ایک گروہ **ممرٹائن** نے شہر **مسینا** پر حملہ کرکے قبضہ کرلیا - اور وہان کے باشندونکو
قتل کیا - اور اسیطرح روما کی فوج نے شہر **ریجیم** جو بالمقابل مسینا پر واقع ہے قبضہ کیا - اسلئے اہل
روما نے ایک لشکر بہیجکر اس تمام فوج کو مروا ڈالا + اسیوقت سائراکیوز کے بادشاہ **ہائروفی**
ممرٹین پر حملہ کرکے اونکو شکست دی - اب نصف فوج نے کارتہیج والون سے اور نصف نے
اہل روما سے مدد طلب کی - مگر کارتہیج والونے مسینا پر قبضہ جہٹ پٹ **حاصل** کرلیا - اسلئے اہل روما
نے ایک فوج ماتحت **اپیس کلاڈیس** کے انکے امداد کے لئے روانہ کی - اس فوج نے تہوڑے سے
محاصرہ کے بعد قلعہ اور مسینا کو فتح کرلیا - اسکے بعد ہائرو اور اہل کارتہیج نے لشکر روما پر حملہ کیا
مگر شکست کہائی اسلئے ہائرو اہل روما سے جاملا - اور اسوقت یہی لڑائی کارتہیج اور اہل روما کے
جوکہ ۲۳ سال تک رہے تہے واقع ہوئی - اور اسکو **پیونک وار** یعنے جنگ پیونک کہتے ہین اس لڑائی
مین اہل کارتہیج کے قبضہ سے **جزیرہ صقلیہ** اور **جزائر بحیرہ شام** نکل گئے - اور خزانہ خالی ہوگیا
آمدنی وخرچ کا انتظام بگڑگیا - فوج افریقیہ نے تنخواہ کے نہ ملنے سے **ٹیونس** کو جاگہیرا پہر اسکو چہوڑ
کر بمعہ رسالہ کے **یوٹیکا** کو لوٹا - **ہینو** جوکہ مجسٹریٹی کا عہدہ رکہتا تہا - انکا مقابلہ کیا - مگر
باغیون نے اور بہی فساد کیا - اسکے بعد ہملکر جوکہ خاندان بارکہ سے تہا - اسکا شریک ہوا - اور
ہملکر بارکانی اس فساد کو رفع کرکے باغیون کا زور توڑا - مگر اسکے بعد جزیرہ سارڈینیا کی فوج بہی
باغی ہوئی - چنانچہ روما والے اسموقع کو غنیمت جانکر جزیرہ مذکور پر قابض ہوئے ہملکر بارکانی
ملک کی یہہ حالت دیکہکر نہایت افسوس کیا اور ملک کی طاقت بڑہانیکے لئی ہسپانیہ پر حملہ کیا -
اسوقت اسکے بیٹے ہنی بل نے نو ہی سال کی عمر مین باپ سے کہا کہ مجہکو بہی جنگ مین لیچلو - اس کے
باپنے اسکے درخواست اس شرط پر منظور کی کہ قسمیہ بیان کرے کہ اہل روما کا ہمیشہ سے
دشمن رہونگا - اسوقت ہملکر بارکانی بباعث گہوڑون اور ہاتہیون کے جبل الطارق تک خشکی کی

رستہ لیا۔ اور دو برس تک ہسپانیہ مین فوج کا افسر رہا۔ اس عرصہ مین اوسنے ملک کچھ بزور شمشیر اور کچھ عہد پیمان سے فتح کر لیا۔ ہملکر کے مرنے کے بعد اوسکا داماد ہسڈروبل اسکا قایم مقام ہوا [illegible] کارتھیج سے علیحدہ ایک ہسپانیہ مین ریاست قایم کرنی چاہی۔ اسلیئے اوسنے شہر کارتھیجینا تعمیر کروایا جسکا نیو کارتھیج نام رکھا۔ اسنے اگلے جرنیلون کے برخلاف اہل ہسپانیہ کے اتحاد پیدا کرنے لئے ایک بادشاہ کی بیٹی سے نکاح کیا — اسکی ان کامیابیون سے اہل روما کو بڑا خوف پیدا ہوا۔ مگر آخر کار صلح ہوگئی۔ کہ دریاے ابرو تک کارتھیج والونکی حکمرانی رہی اور شہر سیگنٹم پر کبھی حملہ نہین کرینگے۔ جب ۲۲۱ مین ہسڈروبل کو ایک قاتل نے مار ڈالا۔ تو خاندان بارکا کی باعث کے ہنی بال اسکا جانشین ہوا۔ اوسنے ہسپانیہ پر فتح پائی اور عہدنامہ کے برخلاف سیگنٹم کو لوٹا۔ اس سببسے اہل کارتھیج اور اہل روما کے مابین دوسری لڑائی ہونے کے شروع ہوئی۔ جسکا حال روما کی تاریخ مین مفصلاً بیان کیا جائیگا۔ گویا کہ یہ لڑائی اہل کارتھیج کی تباہی کا ایک بہانہ تھا ✦ جسوقت اس لڑائی کا خاتمہ ہوا اس وقت تقریباً اس حکومت کا خاتمہ ہو چکا تھا یعنی اہل کارتھیج کے تمام علاقہ جو افریقہ سے باہر تھے انکے قبضہ سے نکل گئے۔ اور انکے کل جہاز [illegible] بحری کے روم والون کے قبضہ مین آگئے۔ اور اسوقت سے کارتھیج اہل روما کا ضمیمہ ہوا۔ اور اہل روما نے نیومیڈیا کے بادشاہ میسنیسا سے دوستی کی تاکہ کارتھیج والون [illegible] اس بادشاہ نے چند روز مین اکثر کارتھیج کی بستیون پر قبضہ کر لیا — اس اثنا مین [illegible] ہنی بال [illegible] سرگروہ رہا اور تمام خرابیونکی جو عدالت کے انتظام مین واقع ہوئی تھین [illegible] اس سے جلنے لگے۔ اور حسد کھا کر اہل روما سے جو کہ اسوقت مین بھی ہنی بال [illegible] لگے۔ آخر ہنی بال نے جلاوطنی اختیار کر کے بتھینیا کے بادشاہ کے پاس پناہ گزین ہوا [illegible] اسکا تعاقب نہ چھوڑا اسلیئے وہ زہر کھا کر مر گیا۔ اسکے بعد بھی روما والے [illegible] میسنیسا کو ترغیب دی کہ کارتھیج پر حملہ کرے۔ کارتھیج والون نے مقابلہ کیا۔ مگر [illegible] بات قرار پائی۔ کہ روما والے اس فساد کا فیصلہ کرین آخر اہل روما نے [illegible] سنا مگر فیصلہ تو پہلے ہی میسنیسا کے حق مین کر چکے تھے۔ اسوقت [illegible] ایک [illegible]

ہ پیش آئی۔ عوام نے یہہ سوچا کہ کارتہیج مین زوال کا سبب وہ دشمنی ہے۔ جو کہ امرائے خاندان بارکا سے خصوصاً ہنی بل کے ساتہہ کی۔ اسلئے ایک شورانگیز مجلس منعقد کرکے کونسل کے ۱۰۴۔ ارکان جلاوطن کردیا میسینا نے اپنے بیٹون کو ان وزرا جلاوطن شدہ کی سفارش کے لئے اہل کارتہیج کی پاس بہیجا۔ لیکن کارتہیج والون نے ان شہزادون کو اپنے شہر مین نہ آنے دیا۔ بلکہ بہت بے عزتی سے اپنے علاقہ سے نکالدیا۔ اسکے ہتک کی باعث سے پہر لڑائی شروع ہوئی مگر آخر کارتہیج والونے شکست کہائی۔ اور اونکی شرائط کو مجبوراً منظور کرنا پڑا۔

آخر روما کی کونسل نے کیٹو اعظم کے بار بار کہنے سے یہہ ارادہ کیا کہ کارتہیج والونکو بالکل نیست و نابود کر دیجئے۔ مگر کبہی کسی لڑائی کا موقع نہ ملا۔ کیونکہ ضعف کی باعث سے کارتہیج والے روما والون کے آگے دم نہ مار سکتے تھے۔ چنانچہ انہون نے اپنے ۳۰۰۔ امیر یرغمال کیطور پر اہل روما کے پاس بہیجدیئے تھے۔ اور اپنے کل جنگی جہاز اور اسلحہ اونکے سپرد کردیئے تہے۔ مگر جب روما والون نے یہہ حکم دیا کہ تم کارتہیج کو چہوڑکر اسکے پرے ۱۰۔ کوس پر جاکر بسو تو اونکو اس مایوسی سے ایک قسم کی جرأت پیدا ہوگئی جسسے اون فرمان کی تعمیل سے انکار کرکے خوب دل کہولکر لڑے مگر روما والون نے ۴ برس کی لڑائی کے بعد فتح پا کارتہیج پر قبضہ کرلیا اور اوسکے کل عمارات کو منہدم کرکے صاف کردیا۔

چہٹی فصل کارتہیج والوں کی جہازرانی و تجارت کے بیان مین

کارتہیج والے اپنی بستیون کے ساتہہ اہل فنیشیا کی نسبت زیادہ بیرحمی کے ساتہہ پیش آتے تھے۔ اور تجارت مین اہل فنیشیا سے زیادہ خودغرض تہے۔ کارتہیج کے بندرون مین غیر قومون کے تاجر آتے تہے۔ مگر اونسے محصول ضرورتہ زیادہ لیا جاتا تہا۔ افریقہ کے وحشی قومون سے انکی تجارت کا یہہ طریقہ تہا کہ جنس کا مبادلہ جنس کے ساتہہ کرتے تہے روپیہ پیسے کا لین دین مطلق نہ تہا۔ او جاہلون سے بڑی قیمتی چیزین کوڑیون سے مول لیتے تھے کارتہیج والے اسطے جسم رکہتی رسد فوج کے غلہ کو باہر نہین جانے دیتے تہے۔ اور کئی دفعہ اس روک ٹوک کے باعث شمالی افریقہ مین قحط بہی پڑا۔ مگر جسوقت اہل روما کے

عملداری ہوئی تو اوسوقت یہہ قحط وغیرہ دور ہوا۔ اِسوقت کارتہج والے جزیرہ صقلیہ مین یونانیونکی
بستیون اور اطالیہ کے جنوبی شہرون سی تجارت کرتے تہے۔ اور شراب اور تیل خریدتے تہے اور حبشی
غلام اور تہہرو سونا افریقہ کا اور کارتہج وجزیرہ مالٹا کا کپڑہ فروخت کرتے تہے بحیرہ سیکاسی شہد اور موم اور
غلام لاتے تہے۔ اور سارڈینیا سے اناج بکثرت آتا تہا۔ جزایر بلیبارک سے خچر نہایت عمدہ نسل کی آتی تہین
جزیرہ لیپری خشک انگور۔ گندہک۔ اور سنگ پیومس لیجاتی تہے۔ اور جنوبی ہسپانیہ سی قیمتی دہاتین آتی تہین۔
فنیشیا والون کی بعد کارتہج والون نے جنوبی جزایر برطانیہ اور بحیرہ بالٹک کی کئی ایک قومون کی ساتہہ
ٹین اور عنبر کی سوداگری کرتے تہے۔ افریقہ کے مغربی کنارہ پر کارتہج والون کی بستیان مراکو اور فیض
واقع تہین۔ لیکن اونکا بڑا تجارت کا بندر جزیرہ سرنی تہا جو کہ بحر اطلانٹک مین واقع ہے اور جسکو حال مین
سوآنہ کہتے ہین۔ کارتہج سے اشیاء مندرجہ ذیل ممالک غیر کی طرف جاتی تہین۔ چہوٹے زیور۔ کہلونے۔
گہورون کی زینین۔ کپڑے۔ مٹی کی برتن اور جنگلی اسلحہ جنکی عوض اونکی پاس چمڑا خام اور عاج آتا تہا۔
جزیرہ سرنی سے کارتہج والے خشک مچہلی اور ریگستانی اضلاع سے کہجورین اور نمک لاتے تہے اور ریگستان کے
پار کے ملکون مین سے حبشی غلام اور سونیکی مٹی آتی تہی +

آٹھوان باب یونانی ریاستونکی بنا مین

پہلی فصل ہلیس کے جغرافیہ مین

یونان یعنے گریس کی حدود اربعہ یہہ ہین۔ شمال مین پہاڑ کمبونیا جو کہ میسیڈونیا سے اسکو علیحدہ کرتا ہے۔
مشرق مین بحیرۂ یونان۔ جنوب مین بحیرہ شام یا میڈیٹرنین۔ مغرب مین بحیرہ الونیہ۔
طول شمال سے جنوب تک ۲۲۰ میل اور عرض ۱۶۰ میل اور رقبہ (۲۴۰۰۰) مربع میل ہے [illegible] ملک
تا ہموار ہے مگر یورپ مین کوئی ملک ایسا نہین جو اس سے عمدہ حالت پر واقع ہو۔ بحیرہ یونان مین بہت
جزیرے ہین جنکی ذریعہ سے ایشیا مائنر اور فنیشیا سے آمدورفت ہوسکتی تہی اور [illegible] کا رستہ بہی کچہہ مشکل
نہین تہا۔ کنارہ پر بہت سی قدرتی بندرگاہ اور خلیج واقع تہے جنکی باعث سے [illegible] ہوسکتی تہی

Marfat.com

اس ملک کے تین بڑی قدرتی حصہ ہین انہین سے بڑی دو حصے ایک ہیلس یعنے شمالی یونان دوسرا پلوپونیشیس یعنے
جنوبی یونان خلیج کورنتھ اور خلیج سرونیکا سے جدا ہوتے ہین - اور کوہ ایٹا جسکو مغرب مین اوتھرس
اور شمال مین پنڈس کہتے ہین ہیلس کو دو حصو نمین تقسیم کرتا ہے اور تھسلی اور اپائرس کو وسطی ہیلس سے
علیحدہ کرتا ہے تھسلی یونان کے صوبو نمین سے بڑا ہے اسکے تین طرف کوہ ہای مذکورہ بالا ہین اور مشرق کیطرف
کوہ اوسا اور المپس واقع ہین - اسمین دریا پینیس جو کوہ پنڈس سے نکلتا ہے بہت مشہور ہے - یہہ ضلع باعث
اپنی زرخیزی او ...اول اول کاشتکاری کی شہرہ آفاق تہا - اسمین ٹمپی گہاٹی اور قلعہ دمی برنس اور شہر مولیا
... جہان ... زرو کا گیا تہا واقع تہین - اور اس ضلع کی زمین جہان سب سے اول زرعت ہوئی
... زرخیزی ... شاداب تہے - اسکے مشہور شہر یہہ تہے - لیریسا - فریا - (وسط مین) آئل کوس
جہان سے ... حملہ آور ہوئے تہے ملنشیا جو کنارہ پر تہا تہسلی کی دولت منڈی ہے اسکی
... کا باعث ہوئی اور باشندے عیاش تہے اور ہر وقت ظلم اور تعدی ہوتی رہتی تہی - یہہ صوبہ اول
... اور ... مطیع ہوا - اپائرس وسعت مین تہسلی سے دوسرے درجہ پر تہا لیکن اکثر بنجر اور ویران
تہا یہہ دو حصو نمین منقسم تہا - (۱) مولیسس جسکا دارالحکومت ایمبریشیا یا آرٹا تہا (۲) تہسپروشیا
اسمین ... وڈیم اور ڈیڈونا ... واقع تہی - اسمین مشہور پہاڑ یہہ تہے کرانین - اکیرو
کرانین - اسمین ... مشہور تہین زمین کی ویرانی اور باشندون کی جہالت اسلئے باقی یونانی
اس ضلع کے ... اکیرون اور کوئیٹس یا کاسیٹس کو جہنمی بتلاتے ہین اسکی بیل اور کتے اور گہوڑے
... یونان وسطی مین ۹ صوبے تہے - اٹیکا - میگرس - بیوشیا - فوسس
... مغربی لوکرس - ڈورس - ایٹولیا - اکرنانیا - اٹیکا
... بحرہ یونان مین نکلا ہوا ہے جو کہ ... پر ختم ہوتا ہے اسکا عرض ... میل ہے
... ہے لیکن اسمین چاندی اور سنگ مرمر کی کانین موجود تہین اور شہد
زیتون - انگور ... سے پیدا ہوتی تہے - دریائے الای سس اور سیفیسس سے سیراب ہوتا تہا -

... جنہین ... کو ... ہوتی تہا اور جو ... کے لفظی معنی ... باپ کے ہین اسلئے تمام یونانی اور رومی ... کو خدا اور شہر کا مالک سمجہتے تہے +

Marfat.com

اِس کا بڑا شہر اتھنز تہا - کل صوبہ ۱۰ قسمتون پر منقسم تہا جنمین سے اکثر شہر اور دیہات ہوتے تہے
انہین سے مشہور اتھنز کی شمال مین یہہ تہین میراتہن جہان فارسیون نے پہلے حملہ مین شکست کہائی -
رہمنس جسمین نمیسس کا مندر تہا - اکاربی - ڈسریا - آروپس جو دریائے یوریپس کے
کنارہ پر واقع تہا - اتھنز کی مشرق مین برورن - سنیم - واقع تہے اور مغرب مین الیوسس
جہان سیریز کا مندر تہا - اسمین پہاڑ یہہ تہے - ڈائریکم پینٹلیکس - ہیمیٹس -
میگرس[1] یونان کی ریاستون مین سب سے چہوٹا ہے اور اٹیکا کی مغرب مین واقع ہے اس کا دارالخلافہ میگرا
جو اپنے فیصل کے باعث سی مشہور تہا - اسکے مشہور شہر یہہ تہے - لنسیا - کرومین جو سیکرونیا کے
پہاڑون کے قریب واقع تہا +

بیوشیا - یہہ ایک وسیع میدان تہا جو چارون طرف پہاڑونسی گہرا ہوا تہا - اسمین مشہور دریا یہہ ہین
الیوپس - اسمینس - سفیسس - اور جہیل کوپالیس - اس علاقہ مین سب سے بڑا شہر تہبس تہا
جو اپنے سات دروازے اور قلعہ کیڈمیا کی باعث مشہور تہا - یونان کی ازادی کے فیصلے اکثر یہان طی ہوئے
ہین چنانچہ فارسیوالون سی مقام پلیٹی پر لڑائی ہوئی جسمین یونانی فتحمند رہے - کیرونیا کے مقام پہ مقدونیہ
والون نے یونانیون پر فتح پائی - سپارٹا کی عظمت لیکٹرا کی لڑائی مین قائم ہوئی مگر لیکٹرا کی لڑائی پر
پہر زائل ہوگئے - مشہور شہر یہہ تہے - اولس جہان ٹرائی کی لڑائی کے لئے بیڑا تیار ہوا تہا -
لیبڈیا - کومینس +

فوسس یہہ صوبہ سلسلہ کوہ اٹیا اور تہرمس سے لیکر جنوب کیطرف خلیج کورنتہہ تک پہیلا ہوا تہا اسکا
دارالخلافہ کا نام الیشیا تہا - اسمین کوہ ہلیکس اور پارنیسس اور چشمی ایگی نیپے اور [illegible]
بڑے مشہور تہے - مندر ڈلفی کی باعث سی صوبہ فوسس مقدس خیال کیا جاتا [illegible] ایپولو
دیوتا کی پرستش ہوا کرتی تہی - اور ایمفکٹیونک مجلس قانونی یہان منعقد ہوتی تہی اور تماشے اور
مشاعرہ اور گہوڑ دوڑ ہوا کرتی تہی - اسمین دو بندرگاہ سرہا دریا پلسٹس پر اور [illegible]
خلیج کورنتہہ پر مشہور تہے

[1] اسکی اور اٹیکا کی مابین سیتہیرن پہاڑ واقع تہا جو بکیس شراب خواری اور ایکٹین کا تماشہ اور پنتہیس کے

[2] اور ایڈیپس کے خطرہ کی مشہور ہے - بیوشیا کی مغرب کیطرف دو پہاڑ پارنیسس اور ہلیکن تہی جو کہ اسکو صوبہ فوسس سے علیحدہ کرتا تہی اور ان
پہاڑون پر علوم کی مبادی رہتی تہی شمال پر سلسلہ کوہ تہمیس اسکو مشرقی لوکرس سے جدا کرتا تہا اور مشرق مین کوہ ٹورس تہا اور [illegible]

Marfat.com

مشرقی لوکرس دریائے **لوپیس** پر واقع تہا - اسمین دو قومین **اوپن ٹای** اور **ایپی نمیڑای** آباد تہین اور تہرموپلی گہاٹی جہان لیونیڈس لڑا تہا واقع تہی - اسکے اور مغربی لوکرس کی درمیان صوبہ فوسس حائل تہا +

مغربی لوکرس اسکے باشندون کو اوزولی کہتے تہے - اسکی بڑی شہر کا نام نوپیکٹس تہا حال مین اسکو لیپانٹو کہتے ہین - سنہ ۱۵۷۱ء مین یہان ترکیون اور عیسائیون کے مابین ایک بہاری لڑائی ہوئی تہی +

ڈورس کا بہاری علاقہ جسکو بہ سبب چار شہر مندرجہ ذیل کے **ٹٹراپولس** بہی کہتے ہین سب یاستون سے طاقتور تہا - اسمین یہہ شہر تہے **پنڈس** - **ایرینیم** - **سٹینیم** - **بوئیم** - اسمین سے بہت سی قومین نکلین جو آخر کو بادشاہ ہوگئین - یہہ صوبہ کوہ ایٹا اور پارنیسس کے مابین واقع تہا

ایکرنانیا - ہیلس کا سب سے مغربی علاقہ تہا - دریا ایکیلوس اور خلیج امریشیا کے مابین واقع تہا اسمین جنگل بکثرت اور باشندے بوحشت پائے جاتے تہے اسمین مشہور شہر یہہ تہے **آرگوس** - **سٹریٹس** ایکشیم یا راس الحد جسکی دوسری طرف آگسٹس کے بڑی خونریز لڑائی ہوئی تہی جسنے کل روما کا بادشاہ بن گیا +

ایٹولیا جو کوہ ایٹا سے بحیرہ ایونین تک پہیلا ہوا تہا - اسکے مشہور شہر یہہ تہے - **کیلیڈن** - **تہرمس** - زمانہ بہادری مین یہہ لوگ شجاع اور دلیر خیال کئے جاتے تہے چنانچہ مقدونیہ کی سلطنت کے بعد انہون نے رومیون سے لڑکر بڑی شہرت حاصل کی مگر تاریخی زمانہ مین اونکی شہرت نرہی +

دوسری فصل پلوپونیشس یعنے جنوبی یونان کے جغرافیہ مین

جنوبی یونان کو اصل مین اپیا کہتے تہے اور اسکا نام پلوپونیشس اس غرض سے ہوا کہ وہان ایشیا کوچک سے آکر ایک شخص **پیلوپس** نے صلح اور امن کے فنون جاری کئے ∴

∴ چونکہ شکل مین مثل پتے شہتوت کی ہے اسلئے حال مین اسکو موریا کہتے ہین -

Marfat.com

یہہ ملک آٹہہ صوبون پر منقسم تہا - آرگیڈیا - لیکونیا - مسینیا - ایلس - [illegible]
اکائیا - سیسونیا - کورنتہہ - ارگیڈیا پلوپونیشس کے وسط مین [illegible]
سمندر سے نہین ملا ہوا - یہہ علاقہ ندیون اور آبشار اور ہر قسم کی نباتات سے پُر تہا - [illegible]
سیلنی - مینلس - آرمیس اور مشہور دریا یہہ تہے - الیفس - اور الیمنٹس - اور کل [illegible]
اسمین مشہور شہر یہہ تہے مینٹینا - ٹیجیا - ارکومینس - اور سونس - اور [illegible]
جو دار السلطنت بنایا گیا تہا اور اسمین پولیبیس نامی مورخ پیدا ہوا تہا - لکونیا جو پلوپونیشس
جنوب مغرب کیطرف واقع تہا - اسکا دار الخلافت سپارٹا یا لسڈیمن دریائے یوروٹس
واقع تہا - اسمین مشہور یہہ تہے - ہیتیم - ایمی کلی - سلیشیا - تہریپنی - [illegible]
لکونیا کی مغرب مین واقع تہا اسکا دار الخلافہ مسینی - قلعہ بندی وغیرہ سے نہایت مستحکم تہا [illegible]
ایرا اور اتہومی دو بڑے قلعے تہے چنانچہ سپارٹا کی لڑائی مین اونہون نے بڑا سخت اور [illegible]
ساتہہ مقابلہ کیا تہا - اسمین پائلوس - میتہونی - ایکیلیا - بڑے شہر تہے - ار[illegible]
خلیج سرونیکا کی جنوبی کنارہ پر واقع ہے اسکا دار الخلافہ ارگوس دریائے انیکس پر واقع [illegible]
پرسیس کے عہد مین ایمیمنن کے شہر مسینی مین دار السلطنت تبدیل ہوگیا [illegible]
کے بعد قوم آرگائی نے اسکو منہدم کر دیا - اِسکے بہت مشہور شہر یہہ ہین ٹیرنز [illegible]

*[1] یہہ صوبہ سوئٹزرلنڈ کی مشابہ ہے اور دونون ملکون کے باشندونکا طریق بہی ایک جیسا تہا یعنی [illegible]
محبت رکہتے تہے چونکہ نہایت سیر تہا اسلئے متقدمین اسکو [illegible] کی پرستشگاہ قرار دیتے [illegible]
تہے بعض مورخون کی روایت ہے کہ قوم پلاسجی یہان سے نکلی ہے اور اسمین تو شک نہین کہ یہہ قوم [illegible]

*[2] یہہ ضلع پہاڑی تہا مگر اسقدر آباد تہا کہ اسمین ۱۰۰ شہر واقع تہے - اسکے اور سینا [illegible]
اور ٹینی رم دو راس تہے +

*[3] یہہ شہر بغیر فصیل اور دروازے کے تہا اِسکے حفاظت اسکی باشندون کی شجاعت پر منحصر تہی مگر [illegible] نہائی [illegible]
شہر بڑا تہا مگر شاندار نہین تہا اور آجکل اسکا پتہ بہی معلوم نہین ہے +

*[4] یہہ صوبہ لکونیا کی نسبت زیادہ ہموار اور زرخیز تہا جب سپارٹا والون نے شہر [illegible] باشندے [illegible]
جاکر اسے نام کا شہر آباد کیا -

Marfat.com

جہین شہر دیکہین - **اپیڈورس - نیمیا - ٹریزنی - ناپلیا** - جو مشہور بندرگاہ
تہا - **ایلس** جو پلوپونیشس کے مغرب مین واقع تہا - یہہ یونان کا بباعث امن اور زرخیزی
کے متبرک علاقہ خیال کیا جاتا تہا - اور دریا **الفیوس** اور **پینیوس** سے سیراب ہوتا تہا - اسکے تین
ضلعے تہے (۱) اول شمالی ایلس خاص جسکا دار الخلافہ **ایلس** دریای پینیوس پر واقع تہا (۲) وسطی
یا پی سالٹس جسکا دار الخلافہ پائیزا تہا اسکے قریب المپیا کی ہر پانچوین سال کہیل ہوتی تہی (۳) ٹرنیفیلیا
جو کہ علوم فنون کی باعث مشہور تہا اور پریکلیز کے زمانہ مین کل یونانیون نے **اولمپس** کا مندر بنایا
جسمین ۴ فٹ اونچی مورت رکہی ہوئی تہی) **اکایا** - پلوپونیشس کے شمال مغربی حصہ کو اصل مین ایلس یا
ایجیلیا کہتے تہے مگر جب ایونیا والے افریقہ سے آکر اس ملک مین آباد ہوئے تو اوسکا نام ایونیا ہو گیا اور
جب اکایا والون نے اسکو فتح کیا تو اوسکا نام اکایا مقرر ہوا جو کہ تاریخ مین مشہور ہے - اسمین ۱۲ شہر تہے
جو کہ باہم ملکر حکومت کرتے تہے اور اس حکومت کا نام اکین لیگ یعنی اتحاد اکایا تہا - اونمین مشہور یہہ تہے
ڈائم - پیٹری - ایجیم - **سیونیا** - اصل مین اکایا کا ایک حصہ تہا کہ اوسکا دار الخلافہ سسیئن
یونان مین سب سے قدیم تہا جو کہ سنہ عیسوی سے ۲ ہزار برس پیشتر قائم ہوا تہا +

خاکنای کورنتہہ - جو کہ صوبہ پلوپونیشس کو ہلیس سے وصل کرتی ہے اسکی جنوب کیطرف شہر
کورنتہہ واقع تہا جسکو زمانہ قدیم مین **افائیر** کہتے تہے اسکو قلعہ کا نام **ایکروکورنتہس** تہا
جو کہ مضبوطی مین اس شہر کی تجارت کی طرح مشہور تہا اور بندرگاہ ایک سنچری خلیج سرونیکا یہ دوسری
لیجیم خلیج کورنتہہ پر بڑی مشہور تہین +

یہہ صوبہ زرخیزی اور آبادی مین مشہور نہین یہان کی باشندی صلح پسند اور جنگ علوم کی خواہان نہین مگر آزادی کو پسند کرتے ہین

کورنتہہ سرونیکا اور کارنتہہ خلیجون کے مابین واقع تہا خاکنائے کورنتہہ جو ۵ میل چوڑی تہی اس کے قطع کرنے کے
لیے بہت بادشاہون نے کوشش کی مگر رائگان ہوئے چنانچہ اسکا قطع کرنا امر مشکل مین ضرب المثل ہو گیا ہے اس علاقہ
مین استہمیا کی کہیل ہوتی تہی اور اسی جگہہ یونان کی آزادی کے لئے بہت سی لڑائیان
واقع ہوئین +

Marfat.com

تیسری فصل یونان کے جزیروں کے بیان میں

جزائر تھریسیا۔ بحیرہ یونان کی شمال میں واقع ہیں انمین بڑی یہہ ہین (۱) تھریسوس (۲) سیموتھریس
قدیم زمانہ مین تھریسوس کہلاتا تہا کہتے ہین اسمین شراب اور بلور اور سونے کی کانین بہت تہین [illegible]
سیموتھریس کبیری دیوتاؤں کے لیے مشہور تہا۔ انمبروس سموتھریس کی جنوب مین واقع تہا۔ ایشیا کے
کنارہ پر اسکے مقابل جزیرہ ٹینیڈوس تہا جہان اپولو کا بڑا مندر تہا۔ ٹینیڈوس کی جنوب مغرب
مین جزیرہ لمنوس واقع تہا جو ولکن کی عبادت کے لیے مشہور تہا اسمین دو شہور [illegible]
[illegible] اور [illegible] اسکی مغرب مین جزیرہ [illegible] تہا [illegible]
[illegible] کو روکا تہا۔ اسکی جنوب مین [illegible]
واقع [illegible] شہر [illegible]
[illegible] پیدا ہوئی تہی اسکے [illegible] کا نام [illegible] تہا جہان [illegible] انگور پیدا [illegible]
دوسرا شہر [illegible] تہا جسکی باعث سے جزیرہ کا نام آخرکو [illegible] ہوگیا تہا اسکے [illegible]
کیوس تہا جہان کی انگور سب ملکون سے عمدہ شمار کیے جاتے [illegible]
یوبیا تہا جسکو آجکل ایگریپو یا نگروپانٹ کہتے ہین [illegible] یونان [illegible]
واقع تہے۔ اسکے مشہور شہر یہہ تہے چیلسس۔ ایریٹریا اور [illegible]
خلیج سرونیکا مین سیلیمس یا سلامس اور ایجینا۔ دو بڑے جزیرے [illegible]
مشہور ہے کہ زمانہ بہادری مین ایجاکس اور ٹیوسر کی باپ [illegible]
نے اس مقام پہ اہل فارس کو شکست دی تہی۔ ایجینا کی باشندے [illegible]
جنگ سیلیمس مین اہل اتہنز پر سبقت لیگئے تہے۔ ایجین کی [illegible] مشرقی [illegible]
اس نام کی یہہ وجہہ تہی کہ یہہ جزیرے ڈیلوس کے گرد واقع تہے ڈیلوس [illegible] مشہور [illegible]

٭ یہان کے باشندے بڑے دلیر اور جہاز ران تہے اور مدت تک اہل اتہنز سے ہمسری کرتے [illegible]

ایتھنس

ایپولو اور ڈائنا پیدا ہوئی تہی ﷲ اور مجمع الجزائر مین مشہور جزائر یہہ تہے - میکونی - جیمس - ٹی اوش - پیروس - میلوس - نیکسوس - آی اوس - جہان ہومر شاعر مرا تہا -

سالی کانیڈنی کی مین مشرق مین اور ایشیا کی کنارہ پر ایک جزیرون کا مجموعہ جسکو سپوریٹی ڈیز کہتے ہین انہین سے بڑی یہہ ہین - سیموس جہان فیثا غورث پیدا ہوا تہا - یہان شراب اور مٹی کا کام بہت ہوتا تہا - دوم ایکیریا - پیٹموس جہان نبی یوحنا نی مکاشفات لکہے - سوم ہیکوس (۴) کوس جہان ہیپوکریٹز یعنے بقراط پیدا ہوا تہا (۵) کارپتہیس (۶) روڈز یہہ جزیرہ آجکل خوبصورتی مین سب پر فائق ہے مگر ترکون نے خراب کردیا ہے - اسمین انگور نارنگی گلاب بہت عمدہ ہوتے تہے اسکا دار الخلافہ روڈز ایک خوبصورت شہر تہا - اور مشہور شہر تہے لنڈس کیمی رس - گریٹ جسکو آجکل کینڈیا یا قرلطش کہتے ہین یونان کی جزیرون مین - ایوبیا کی سوا سب سے بڑا تہا - زمانہ قدیم مین اسمین ایکسو اشہر تہے اور مشہور یہہ تہے - نواسس - سڈونیا - گورٹانا - یونان کے اکثر دیوتا اسمین پیدا ہوئے ہین - ﷲ

اس جزیرہ کی بابت کہتے ہین کہ جب لٹونا جوپیٹرا سے حاملہ ہوئی تو جونون نے قسم کہائی کہ مین زمین مین اسکو رہنے نہ دونگی اسلئے نپٹون نے سمندر مین جزیرہ ڈیلوس کو تلاش کرکے اسکو آرام دیا اسلئے ڈیلوس کو یونانی بڑا مقدس خیال کرتے تہے اسمین ایپولو کا ایک بڑا مندر واقع تہا - جسمین تمام یونان کی صوبجات سی لوگ حج کرنے آتے تہے - اور اتہنز سے ہر سال ایک کشتی قربانی کیلئے بہیجی جاتی تہی جبتک وہ واپس نہ آتی تہی مجرمون کو سزا نہ ملتی تہی - پلوپونیشس کی لڑائی مین یہہ جزیرہ صاف کیا گیا اور آیندہ سی یہہ بات مقرر ہوئی کہ نہ کوئی اسمین مرنی پاوی اور نہ اسمین کوئی پیدا ہو ﷲ اسکے بندرگاہ کا نام کلوسس تہا یہان سورج کی ایک تصویر بنی ہوئی تہی جسکے ٹانگون کی نیچے سے بڑی بڑی جہاز نکل جاتے تہی ایک زلزلہ نے اسکو گرادیا آخر اہل شرقی یعنے ترکون نے طمع سے اسکو توڑ ڈالا ﷲ اور سب سے زیادہ فضیلت جو اس جزیرہ کو حاصل تہی یہہ تہی کہ یونان کی تمام مفید اشیا یہان سے نکلی ہین - گریٹ تمام ان حملون سی محفوظ تہا جو یونان پر واقع ہوئے اور مصر کی ماتحت تہا جو زمانہ قدیم مین سرچشمہ شائستگی کا تہا - یہان کی بادشاہ مینوس کے قانون لائکرگس نے سپارٹا مین جاری کئے اور ڈیڈلس کی صنعتون کی ایجاد کی باعث علوم فنون مین ترقی ہوئی - اول زمانہ مین یہہ لوگ بڑا مرتبہ رکہتے تہے مگر آخر کار کم ہوگئے اور بہل

ہیپاکٹورث

(سلطان احمد ...)

Marfat.com

گریٹ کی شمال مین جزیرہ ساپرس یعنی قبرس جہان وینس کا بڑا مندر تہا اس جزیرہ کی خوبصورتی ضرب المثل ہے مگر قبرس کا روڈز سے بہی برا حال ہے کیونکہ سوائ غلامی اور ظلم کے اور کچھہ وجود نہین اور اسکی دار الخلافہ کا نام لیکا جو کیتم کی جگہہ پر بنا ہوا ہے +

چوتہی فصل آیونیا کی جزیرونکی بیان مین

(۱) کورسایرا - اس جزیرہ کا اور نام یہہ ہین ڈریپانی - نکایا - کورفیو - زمانہ قدیم مین اسمین ایک کورنتہہ کی بستی تہی اسقدر طاقت اور زور پکڑا تہا کہ اہل اتہنز کو کئی دفعہ شکست دی - (۲) لیوکیڈیا جسکو حال مین سینٹا مورا کہتے ہین - اسکی چوٹی سے بدقسمت عاشق اپنے تئین سمندر مین ڈالتے تہے اسمین مشہور شہر لیوکاس ہے - (۳) اکینا ڈیز جسکو آجکل کرزولاری کہتے ہین یہہ جزیرونکا مجموعہ تہا جو کہ دریائے اکیلوس کے دہانہ پر واقع تہا انمین سے ڈلیکم مشہور تہا اور اوسکی متصل اتہیکا تہا - (۴) سفی لونیا - یہہ جزیرہ کچھہ مشہور نہین تہا اسکی دار الخلافہ کا نام سیمی تہا - (۵) زیکنتہس (زینٹی) سفلونیا کی جنوب مین واقع ہے - پلوپونیشس کے مغرب مین جزایر سپروو ڈیز یا سٹرو فیڈیز اسفکٹیریا واقع تہی موریا کی جنوب مین سیتہیریا واقع ہے جو کہ وینس کے متبرک اور خوبصورت بت ... پلوپونیشس کی لڑائی مین اہل اتہنز نے اسکو برباد کر دیا تہا +

پانچوین فصل یونانیون کے طریق معاشرت اور انتظام ریاست کی بیان مین

یونانیون کا طریق معاشرت کا احوال زمانہ جہالت یعنی زمانہ بہادری کا تو معلوم نہین ہو سکتا مگر جب تاریخ شروع ہوئی تب سے اسمین دو قومین آباد تہین جو کہ ایکدوسری کے برخلاف تہین آیونین اور ڈورین - دو چہوٹی قومین اور تہین جنکا نام ایولین اور اکین تہا مگر ... کے نہ کسی سے ملتی تہین بعد کو آخر مین یہی دونون شامل ہوگئین قوم آیونین ریاست جمہوری کو پسند کرتے تہے فنون اور کاشتکاری اور تجارت مین بڑے ہوشیار تہے - اور موروثی حقوق کی برخلاف تہے - چالاک - تیز مزاج - مغرور - شجاع - مغیر قوانین - تجار - شایق تہذیب - قوم ڈورین سادی

Marfat.com

کو پسند کرتے تھے - اور رسومات قدیم کو قائم رکھنا چاہتے تھے - اور امرا حکومت کو پسند کرتے تھے -
[illegible] سے زیادہ سن رسیدہ آدمیوں کو دیجاتے تھے - اور بڑے جفاکش اور لڑاکے تھے - غلامی
[illegible] ہوئی تھی - اور غلام آزادی سے بے امید رہتے تھے [illegible] تجارت
[illegible] نہیں کرتے تھے - قوم ڈورین کو [illegible] استقلال اور
[illegible] انہیں ترقی کو دخل تھا [illegible] کی مخالفت
[illegible] انکے درمیان کی عداوت [illegible] تھے ہی
[illegible] لکونیا [illegible]
[illegible] شہر [illegible] ہوشیار [illegible]
[illegible] تھے جنکی اجازت کے سوائے کسی اور سے عہد و پیمان نہیں کر سکتے تھے اور [illegible] جنگ [illegible]
[illegible] اسکی شریک رہتی تہین مگر وہ کسی ریاست کو اندرونی کاروبار میں [illegible]
[illegible] یونانی ریاستین باہم عداوت رکھتی تھین لیکن بباعث اتحاد مذہب کے باہم متفق
[illegible] اگرچہ بعض مورخون کا رای ہے کہ یونانیون نے اپنا مذہب ایشیا یا مصر سے لیا لیکن
اسکا ایسا بدلا ہے کہ اسکا چشمہ معلوم نہین ہو سکتا - ایشیائی کل دیوتے اصولی ہوتے تھے یعنی آفتاب
[illegible] - پیدا یا مارنے کی طاقت رکھتے تھے بخلاف یونانیون کے دیوتاؤن کے [illegible]
[illegible] رکھتے تھے - اور ایشیا کے لوگ اپنے دیوتاؤن [illegible] ڈرتے تھے اور یونانی اپنے دیوتا
[illegible] - اور پوجاری کا عہدہ سب کے لیے تھا بخلاف ایشیا کہ خاص آدمی پوجاری تجویز تھے
[illegible] کی بنیاد ہومر - اور ہیسوڈ نے ڈالی تھی - ڈوڈونا - اور ڈلفائی - اور اولمپیا - اور
[illegible] جو کہ قوم ہلینز کے بنے ہوئے تھے پیشگوئی کے لیے بہت مشہور تھے مگر قوم ڈورین کو
[illegible] سب سے زیادہ اعتماد تھا - ڈلفائی کی حکومت امفکٹیونک کونسل کے سپرد [illegible]
ہی انکا اہتمام سے تجویز ہوتے تھے - بڑی قومی تماشہ چار تھے - اولمپین - پتھین - نیمین
استھمین - جنمین یونانی اور غیر ملک کے آدمی شامل ہو سکتے تھے لیکن قوم ہلینز زیادہ انکی قدر کرتی

Marfat.com

تہے یونان مین سب ریاستین جمہوری تہین مگر ایکدوسری کی نسبت اسقدر مختلف تہین کہ اونمین سے دو کا بہی باہمی اتفاق نہ تہا اور محنت کے کام غلامونسے لئے جاتے تہے۔ چنانچہ لکونیا مین کاشتکاری رعیت غیر ریاست سوداگرونکو اصلی باشندونکے حقوق عطا نہین ہوتی اور اونکو روپیہ وسکہ وخراج کیطرف خیال نہین تہا۔ جب تک باشندے لڑتے رہے تب تک محصول کی ضرورت نپڑی اور جب فوج رکہی گئی اور جہاز رانی کی ضرورت ہوئی تو اوسوقت محصول وغیرہ لگایا گیا۔ اور تماشون مین روپیہ خرچ ہوتا تہا اور اتہنز مین جا انکی ال جوری یعنے پنچائیت کو تنخواہ دیجاتی تہی اور انکا شمار سیکڑون پر ہوتا تہا مگر چونکہ ہر ایک شخص کے علیحدہ تنخواہ کم ہوتی تہی اسلئے سوائے رزیلون کے اور کوئی شخص جوری مین داخل ہوتا تہا جو کہ تعصب اور جذبہ سے فیصلہ کرتے تہے اور اس کمیٹی کا نام ڈائی کاس تہا۔ اور یونان علوم فنون وفلسفہ کے لئے نہایت مشہور تہا اسلئے علما اور حکما وشعرا کو بہی حکومت مین دخل ملتا تہا۔ ڈورین اور ائیونین کی مخالفت اور چہوٹے چہوٹے ریاستونکی باہمی تنازع اور مذہب کے رفتہ رفتہ زوال پانیکے سبب سے اسقدر یونانی سلطنت کو ضعف پہونچا تہا جیساکہ وہ پہلی شان شوکت پر تہی

چہٹی فصل یونان کی تاریخ ابتدا زمانہ سے جنگ ٹرائی کی آغاز تک یعنے ۱۲۰۰ قبل مسیح تک

تاریخ مقدس سے معلوم ہوتا ہے کہ تہرس میسیڈن یعنے مقدونیہ۔ یونان۔ یہ تینون مغربی دنیا کی باقی حصونسے پیشتر آباد ہوئے ہین۔ اول یہان شکاری اور گڈری تہے بعد انکی ایشیا سے غلام بکثرت لئے آنا شروع کیا سب سے اول قوم پلاسجی نے جو کہ غالباً ایشیا کی رہنے والے تہے یونان مین عظمت اور بزرگی حاصل کی۔ اول مرتبہ انہون نے صوبہ پلوپونیشس مین آرگس شہر [illegible] ارگوس کو قبل مسیح تعمیر کیا۔ انیکس جو کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کا [illegible] تہا۔ سائیکلوپین عمارات کے بہی بانی تہے۔ بعد ازان پلوپونیشس سے [illegible] ایپرس اور تہیسلی اور پلیجس اٹیکا اور بیوشیا اور تہسلی مین آباد ہوئے اور وہان کاشتکاری [illegible] قریب ۱۵۰۰ سنہ تک خوب چمکتی رہی۔ سنہ ۱۵۳۳ قبل مسیح مین قوم ہلینیز اول کوہ پارنا سس واقع صوبہ فوسس مین

Marfat.com

زیر حکم ڈیوکیلین کے آباد ہوئے وہانسے بباعث طوفان کے وہ تہسلی مین جاکر قوم پلاسجی کو نکالکر آباد ہوے
رفتہ رفتہ کل یونان مین پہیلگئے اور قوم پلاسجی صرف ارکیڈیا اور ڈیڈونا پر قابض رہے اور بعض
جزیرہ کریٹ اور اٹلی مین جاکر آباد ہوئی اور ۱۲۰۰ برس بعد تک قوم پلاسجی ارکیڈیا اور اپائرس پر حکمران
رہے ۔ قوم ہلینز کی چار شاخین تہین ۔ ایولین ۔ ایونین ۔ ڈورین ۔ ایکین ۔ قوم ہلینز کی اور
بہی کئی حصے تہے مگر وہ انہین مین سے کسی نہ کسی مین ملحق ہوتے تہے ۔ ڈیوکیلین کے بیٹے کی نام سے تمام
قوم ہلینک کہلاتے تہے ۔ اوسکے تین بیٹے تہے ڈورس ۔ ایولس ۔ زوتہس تہے ۔ اور زوتہس کے
بیٹے آئین ۔ اور ایکیس تہے ۔ ایولس تہسلی مین قوم ایولین کا بانی ہوا ۔ ڈورس ضلع اسٹائیوٹس
مین قوم ڈورین کا بانی ہوا ۔ زوتہس نے اتہنز مین جاکر وہانکے بادشاہ ارکتہوس کی بیٹی کریوسا
سے شادی کی اور اوسے دو بیٹے آئین ۔ اور ایکیس ہوئے آئین نے ضلع اگیلیا پر ۔ اور ایکیس نے پلوپونیسس
کے بڑے حصہ ارگوس اور لکونیا پر قبضہ کیا پہلا قوم ایونین کا ۔ اور دوسرا قوم ایکین کا بانی ہوا ۔ قوم
ایولین نے اپنے تئین مغربی یونان یعنے اکارنینیا ۔ فوسس ۔ لوکرس ۔ اور پلوپونیسس کے
صوبہ ایلس ۔ اور مغربی جزائر مین پہیلایا ۔ اور ڈورین نے اپنے تئین جبکہ اونکو قوم پریہی بین نے
ضلع ہسٹائیوٹس سے نکالدیا تہا ۔ مقدونیہ اور کریٹ مین پہیلایا اونہین سے بعضے پہر ڈورس مین آکر
آباد ہوے ۔ اور یہانسے بسرداری ہرکلیڈی کی پلوپونیسس مین داخل ہوئے ۔ قوم ایونین اٹکا
اور اگیلیا مین مسکن گزین ہوئی ۔ مگر قوم ایکین نے ڈورین کی تسلط زمانہ مین انسے ملک چہین لیا اور
اسکا نام اکایا رکہا ۔ ایکین صوبہ ارگولس اور لکونیا مین آباد ہوئے تہے ۔ مگر جب ڈورینز نے اونکو
نکالدیا تو اونکے پاس صرف اگیلیا رہا ۔ یہہ سب جنگلی اور وحشی تہے جب نصف ۱۶ صدی بلکہ نصف
۱۵ صدی قبل مسیح تک مصر اور فریجیا اور فنیشیا والے یونان مین آکر آباد ہوے تبسے ترقی علم اور شائستگی
اور اخلاق اور فنون مین جاری ہوئی ۔ انمین سے مشہور شہہ یہہ تہے ۔ اول سیسروپس جو سنہ ۱۵۵۶
مصر کے شہر سئیس سے آکر اٹیکا مین بسے ۔ اسنے شادی کی رسمیات اور تربیت کی ابتدائی مسایل کو رواج
دیا ۔ دوم ڈینوس مصری جو کہ بہائی کی عداوت کی سبب بہاگا تہا سنہ ۱۵۰۰ مین ارگوس مین آباد ہوا

Marfat.com

سوم کیڈمس فینیشیا سے بیوشیا مین آکر تہیبس کا بانی ہوا اور علم کو بڑہایا ۔ چہارم پلیپس ایشیا
مین فریجیا سے پلوپونیشیس مین مقیم ہوا شروع مین کچہہ بڑا نہین تہا ۔ لیکن اوسکی اولاد نے آرگاس
اور لیسیڈیمن کی شاہی خاندانون سے رشتداری کرکے ایسا اقتدار حاصل کیا کہ کل پلوپونیشیس کے
مالک ہوگئے اور اپنے بزرگ کے نام پر اسکا نام رکہا اور عدم شائستگی کا باعث یہہ تہا کہ فینیشیا
اور کیریا وغیرہ کے لوٹیرے حملہ کرتے تہے اور شمال سے تہریس کی بہادر عورتین امیزن حملہ کرتی تہین
۔ انکے روک کے لئے یونانیون نے ایمفکٹیئن کے زیر حکم جو کہ ڈیوکیلین کی اولاد مین سے تہا ۔
ایمفکٹیونک لیگ بنایا اور اسکا اثر کل یونان پر ہوا ۔ اور ڈلفی اور تہرموپلی مین کہیلونکی جلسے ہوتے تہے
چونکہ یونان مین اسوقت چور بہت تہے اسلئے انکی حفاظت کیلئے سردار مفصلہ ذیل مقرر ہوئے
پرسیس ۔ ہرکیولیز ۔ بلیرو فون ۔ تہیسیس ۔ کیسٹر ۔ پولکس ۔ بہادری کی زمانہ کی پانچ
باتین مشہور ہوئی ہین ۔ (۱) آرگوناٹ کا عزم (۲) تہیبس کی لڑائی (۳) ٹرای کا محاصرہ
(۴) ہرکلیڈ کی مراجعت (۵) ایونین اور ایولین کی بستیون کا ایشیا کوچک مین قایم ہونا
۔ حملہ آرگوناٹ کا سبب ٹہیک ٹہیک تو دریافت نہین ہوسکتا لیکن یہہ بات معلوم ہے کہ جیسن
نامی تہسلی کی شاہزادی نے یونان کی جوانمردونکو جمعکرکے اس بات پر آمادہ کیا کہ ایک جہاز آرگو نامی
مین بیٹہکر بحیرہ اسود کی مشرقی کنارہ پر لوٹ اور غارت کی ارادہ سے حملہ کرین ۔ چنانچہ اونہون نے
بہت سی لوٹ مار کرکے کولچس مین ایک بستی قایم کی اور جیسن وہان ایک شاہزادی لایا ۔ اس زمانہ کر
یونانیون کے دلونمین جرٴت و شجاعت اور رحم دلی اور شائستگی بڑہنے لگی ۔ اسکے بعد یونان کے
تمام بہادر جنگ ایولیا مین جسکو شاعر لوگ شکار خوک کلیڈونیا کہتے ہین شامل ہوئے اور شمالی
مذہبی تنازع شروع ہوئے بیکس یعنے شراب کے دیوتا کی پرستش تہیبس مین کیڈمس نے
انہین مذہبی گناہونکی باعث سی تباہ ہوا اور انہین سے ایڈی پس بادشاہ مشہور ہوا ہے اور
جب یہہ بادشاہ باعث کسی گناہ کی جلاوطن کیا گیا تو اسکی بیٹی ایٹیوکلیز اور پولینیسز نے سلطنت
پر باین شرط کہ باری باری سے حکومت کیا کرینگین قبضہ کرلیا ۔ لیکن ایٹیوکلیز نے اس عہد

بیوفائی کی اسلئے بلوٹیپیز نے باِمداد چہہ سرداران یونان کے سنہ ۱۲۰۵ قبل مسیح تہیبس کے برخلاف لڑائی شروع کی جسکا نتیجہ یہہ ہوا کہ یہہ دونون بہائی جنگ مین مارے گئے - اور ایٹیوکلیز کی جانشین کریون نے اونمین سے ۵ سردارونکو مار ڈالا - اِسلئے دس برس کی بعد ان مقتول سردارون کی بیٹون نے جنکو ایپیگونائی کہتے تہے تہیبس کو فتح کرکے بادشاہ کو قتل کیا - اس سبب سے باقی یونانی اہل تہیبس سے نفرت کرنے لگے اور جب فارس کے ساتہہ جنگ ہوا تو یہہ فارس والون سے جا مِلے - اِسکی بعد جنگ ٹرائی کا شروع ہوا جسکا ذکر ہم پچہلے باب مین کر چکے ہین -

ساتوان فصل یونان کی اُن بستیونکی بیان مین جو ایشیا مائنر مین جا کر بسین

سنہ ۱۱۸۳ قبل مسیح سے ۹۴۹ قبل مسیح تک

قوم ہلوپیڈ یا ہیلیپیڈ کے دشمن پرسیڈی تہی انکو اپنے بزرگان مفصلہ ذیل کا بڑا فخر تہا - پرسیس یا پرسیڈی - بلیری فون یا بلیروفن - ہرکیولیز یعنے رستم - ہرکیولیز کی نام سے خاندان پرسیڈی کے ایک حصہ کا نام ہرکلیڈی ہو گیا اس فرقہ کو قوم ہلوپیڈ نے تنگ کرکے جلاوطن کرا دیا - پہلے اتہنز والون نے انکی حمایت کی پہر وہ ضلع ڈورس مین چلے گئے جہان اونکے سردار ہلیس کی

حب قوم پیلوپس جنوبی یونان مین خوب طاقت ور ہو گئی تو اونہون نے اپنے بزرگون کی عوض کے لئے فریجیا کی کنارہ پر حملہ کرکے شہزادی ہیوڈارکیز کو گرفتار کیا اور بہت سا روپیہ لیکر اوسکو رہا کر دیا اسلئے اِسکا نام پریام یعنے زرخریدہ ہو گیا - جب پریام ٹرائی کا بادشاہ ہو گیا تو اوسنے اپنی بیٹی پیرس یا سکندر کو بلوپونیشیس مین صلح کے لئے بہیجا - یہہ سپارٹا کے بادشاہ مینلاس کی بیوی ہیلن کو ورغلا کر ٹرائی مین لیگیا - اِسلئے مینلاس نے ایک لاکہہ فوج جو کہ ۱۲۰۰ جہاز مین سوار کئے گئے تہی جمع کی اور اپنے بہائی اگیممنن یا آغا ممنون کو سپہ سالار مقرر کرکے ٹرائی پر حملہ کیا اس وقت ہومر کا بیان ہے کہ ٹرائی ایک قوی دار السلطنت تہی اور اہل ٹرائی نے پچاس ہزار فوج جمع کرکے فصیل کو نہایت مضبوط کیا تہا - آخر دس برس کے محاصرے کے بعد یونانیون نے فریب سے شہر کو فتح کرکے باشندون کو قتل کیا مگر قوم فاتح کا اسقدر نقصان ہوا جسقدر کہ قوم مفتوح کا کیونکہ اس عرصہ مین یونانیون کی بیویون نے دوسرے اشخاص کو شوہر مقرر کرکے ملک تخت بنایا ان بوجہ سے لڑائیان شروع ہوئین ورشائستگی رک گئی (حضرت سلیمان) حاکم کے عہد مین اور ۱۰۴۴ قبل مسیح و

Marfat.com

بادشاہ ایچلیس نے اپنا ولیعہد بنایا۔ اوسکے مرنے کے بعد وہ اکادیس ملک کی ہیرو ہیکلین آملک
قائم ہو کر اونہون نے پلوپونیشیس کی زرخیز زمین پر قبضہ کرنا چاہا مگر جب تک۔ آغاممنون اور
مینلاس زندہ رہے تب تک حملہ کرنیکا مقدور نہوا۔ ٹرای کے جنگ کے بعد اونکے دو حملہ جو خاکنائی
کورنتھ کیطرف سے کئے گئے تھے بیفایدہ گئے اس مصیبت سے عبرت پاکر چنانچہ پھر حملہ کرنیکا ارادہ
کیا مگر شہر نوپیکٹس سے جو خلیج کورنتھ پر واقع ہے جمع ہو کر بمدد قوم ایولین اور ڈورنیس اور شاہ
سپارٹاکو پلوپونیشیس مین داخل ہوئے۔ اور جا اوکی سے اونہون نے لکونیا۔ آرگوس میسینیا۔
ایلس۔ کورنتھ پر قبضہ حاصل کیا۔ صرف صوبہ آرکیڈیا اور اکیلیا سرکش رہے باشندگان ملک کو
غلام ہونا پڑا اور حملہ آورون نے ملک مفتوحہ کو باہم تقسیم کرلیا۔ ارسٹوڈیمس شاہ سپارٹا کو لکونیا
ملا۔ بعد اوسکی وفات کے اوسکی دو بیٹے جوکہ توامان تھے ایک یوری سٹھینیز دوسرا پوروکلیز
ایک ہی وقت مین دونون تخت نشین سپارٹا مین ہوئے تب سے سپارٹا مین دو دو بادشاہ جاری
فرماتے رہے۔ قوم ہلوپیڈ کے رئیس نے ٹسامین اکیلیا پر قبضہ حاصل کیا اور وہان سے قوم
ایونین کو نکالکر اس علاقہ کا نام اکایا رکھا۔ قوم ایونین وہان سے فرار ہو کر اٹیکا مین اور بعدہ
وہان سے ایشیائے کوچک مین جاکر تین آبادیان قائم کین (۱) ایونیا (۲) ایولیا۔ (۳) کیریا۔ جبکہ
قوم ڈورین نے شہر میگیرا پر جوکہ خلیج سرونک پر واقع ہے قبضہ کرلیا تھا اسی باعث سے ما بین
ڈورین اور اہل اتھنز کی سخت لڑائی واقع ہوئی۔ کوڈرس شاہ اتھنز نے اونکے مقابلہ
کی لیکن کچھہ پیشرفت نہ گئی۔ چونکہ ڈورین کے لشکر مین یہہ بات مشہور تھی کہ اگر کوئی اتھنز کا بادشاہ
مارے گا تو ہماری شکست ہوگی اسلئے کوڈرس بھیس بدلکر لشکر مین چلا گیا اور ایک سپاہی
ڈورین اوسکی نعش کو پہچانکر بھاگ گئی چونکہ اہل اتھنز نے انسا نو لینیکر
نہ پایا اسلئے حکومت شخصی کو سنہ ۱۰۶۸ مین یکقلم موقوف کردیا۔ قوم ہلوپیڈ مین سے دو شخصون نے
مین نئی بستیون قایم کرنیکے لیے عرصہ دراز تک سرگردانی کی مگر اونکی مراد بر نہ آئی۔ آخرکار ٹرای
کی فتح ۸۸ برس بعد اونہون نے آبنائے ہلسپونٹ کو عبور کرکے پرایم کی سلطنت مین آبادیان قایم

Marfat.com

گئین یہہ آبادیان سمرنگیس سے لیکر دریاے ہرمس تک پہیلی ہوئی تہین - اور کل ضلع اور جزیرہ لسبوس کا نام ایولیا ہوگیا بادشاہت کے موقوف ہونیکے سبب کوڈرس کے چہوٹے بیٹے نے اہل ایتہنز اور جلاوطن شدہ قوم ایونین کو جمع کرکے جزایر کابوس اور سموس پر قبضہ کیا کہ ایشیا کوچک مین اپنی ایان بستیان دریاے ہرمس سے لیکر اس پوسیڈونِ تک قایم کین اور انکا نام ایونیا کہا - جب [illegible] مین اہل ایتہنز نے شہر میگارا ڈورینز سے چہین لیا تو ڈورینز بہاگ کر جزایر کریٹ اور روڈز مین چلی گئی اور کچہہ کیریا مین جا بسی اور اس ضلع کا نام ڈورس مشہور ہوا - بعد ازان مغرب کیطرف بستیان قایم کی گئین - چنانچہ سسلے اور اٹلی کے جنوبی کنارہ پر یونانی بستیان مقرر ہوئین - *

نوان باب یونانی ریاستو اور بستیونکی تاریخ مین جنگ فارس کی ابتدا تک

پہلی فصل شہر سپارٹا کی بیان مین

شہر سپارٹا جسکو لیسیڈیمن بہی کہتے ہین - پہاڑیون کے سلسلہ پر واقع تہا - اسکی داہنی طرف دریای یورٹس اور مغرب مین پہاڑ ٹیجیٹس تہا - اصل مین اسکی فصیل نہین تہی مگر بلند پہاڑی قلعہ کا کام دیتے تہے اسکے گرد پانچ شہر جو کہ پانچ قومون سے معمور تہے واقع تہے - ان شہرون کے بازار ایک چوک مین آکر ملتے تہے جسمین بہت سے بت اور مندر واقع تہے اسمین مکانات سننٹ - ایفورای اور جہان مجسٹریٹ جمع ہوتے تہے بنے ہوئے تہے - پلٹی کی لڑائی کے بعد ایک عمدہ عمارت بنی ہوئی تہی جسمین بجاے ستونکے فارسیونکی تصویرین تہین اونچی پہاڑی پر منروا کا مندر جسکے گرد باغ تہا بنا ہوا تہا - اسپر ہرکیولیز اور ڈائسکوراے کی مہمات کی تصویرین بنی ہوئی تہین اسکی دہنی طرف جو ہیلن کی تصویر تہی جو سب سے قدیم سمجہی جاتی تہی اور بہت سے مندر اولمپیا کی پہلوانونکی یادگار مین

* چونکہ انکا منشا ملک کو فتح کرنے کا نہین تہا بلکہ تجارت کو بڑہانے کا اسلئے اپنی بستیان کنارون پر قایم کرتے تہے - اور دولت اور طاقت اور تہذیب اور آزادی مین اپنے قرب جوار اور اصلی وطن سے زیادہ تہے -

Marfat.com

بنی ہوئی تہے - باشندون کے مکانات بہت چہوٹے ہوتے تہے - شہر کی [illegible]

یعنے جوانگہ اور بلیتی نشینی یعنے اکہارہ بنے ہوئے تہے

دوسری فصل سپارٹا کی تاریخ ۸۸۰ سے [illegible] قبل مسیح

لائکرگس کے قوانین اور جنگ مسینیا کی بیان مین

قوم ڈورین فتح کے بعد لکونیا کی حاکم بنگئے اور اصلی باشندون کو غلام [illegible]

اہل سپارٹا آرگوس و الونسی لڑتے رہے اور انکی ہان ... خانگی [illegible]

تہا کہ جائداد بڑی طرح تقسیم ہوتی تہی - اور امیر ایکدوسرے [illegible]

طاقت کم ہوتی جاتی تہی اور قوانین کی نادرستی کی باعث [illegible]

صورت مین ضرورت ہوئی کہ نیا قانون جاری ہو [illegible]

بہتیجے کیری لاس کا محافظ مقرر ہوا تہا ۸۸۰ مین سپرد ہوا [illegible]

ان بد انتظامیون کا بندوبست کیا - اسکے قانون تحریر [illegible]

تہین جنکو ابری کہتے تہے - لائکرگس کے قوانین کا اصل منشا [illegible]

اسلئے اسکی قوانین خانگی امورات اور تعلیم جسمانی سے زیادہ متعلق [illegible] قانون انتظام ملکی

وریاست کی - اسنے ایک بادشاہ کو لڑائی کا جنرل اور دوسرے [illegible] بنایا - اسنے ایک

سنٹ یا جروشیا قایم کی جسمین ۶۰ سال سے کم عمر کا آدمی داخل نہین ہو [illegible] ایفورا کے

کالج بنایا جسمین سے ہر سال ۵ آدمی ... منتخب کی جاتی تہی [illegible]

اختیارات حاصل تہے - انکے سوا رعایا کی ایک عام مجمع تہی [illegible]

اپنی رای ظاہر کرنیکا اختیار حاصل نہین تہا - خانگی [illegible]

دریا کی مابین ایک نہر ان دونون کو ملاتی تہی [illegible]

سپارٹا کی پانچ قومین [illegible]

[illegible] کے پاس [illegible] کوئی سکہ سوائے لوہے کی جاری نہ تہا [illegible]

بچے کو مار دیتی تہے اور [illegible]

Marfat.com

(۱) زمین مساوی حصون مین تقسیم کی گئی (۲) عیاشی کے عام اسباب دور کر دیئے خاصکر کے جنگی لوگون کے
(۳) باہم نکاح اور شادی کے رشتہ قائم کئے خصوصاً سپارٹا اور لکونیا کے باہمی تاکہ قوی جوان پیدا ہون
اور غلامی کی رواج کو مستحکم کیا - چونکہ سپارٹا مین جنگی قوم خوب بارہتے اور ہر وقت جنگ کے لئے
تیار رہتے تھے اسلئے یونان مین ان کی امید نہ تھی خانگی اور کاشتکاری کا کام ہلوٹس یعنے غلامونکے
سپرد تھا - پیادونکی فوج سپارٹا مین نہایت مضبوط تھی جو کہ صف باندہ کر لڑتے تھے اور لوٹ
کے طمع سے دشمن کے تعاقب مین بھی صف نہین توڑتے تھے - چنانچہ پہلی لڑائی انکی مسینیا والون سے
ہوئی - اوسکا سبب یہہ تھا کہ مسینیا کی زمین بہت زرخیز اور شاداب تھی بخلاف لکونیا کے - اسلئے سپارٹا
والون نے بغیر اظہار لڑائی کے شہر ایمفیا پر شبخون مارا اور ۷۴۳ء قبل مسیح کے وہان کے
باشندونکو قتل کیا - ۲۰ سال تک ہنگامہ کارزار خوب گرم رہا مگر آخر کار مسینیا والون نے
شکست کہائی اور مجبوراً اپنے ملک کا نصف خراج ۷۲۴ء مین سپارٹا والون کے حوالہ کیا - اس
لڑائی مین سپارٹا والون نے قسم کہائی تھی کہ جبتک اپنے دشمنونکو نہ مارینگے اپنے وطن کو واپس نہین
جائینگے - جب لڑائی کا زمانہ طویل ہوگیا تو سپارٹا کو خوف ہوا کہ سپارٹا والونکی نسل منقطع ہوجائیگی
اسلئے جنہون نے حلف نہین کہائی تھی اونکو واپس بلاکر تمام شہر کی عورتین سوائی تعیین کے اونکی
حوالہ کردین - اور اونسے جو اولاد ہوئی اونکو پارتھینائی کہتے تھے - چونکہ یہہ اولاد خاص اشخاص
کے نہین تھی اسلئے وہ وراثت سے محروم کی گئی اور نہ وہ وہان کے باشندے کہلاتے تھے چونکہ
اہل سپارٹا اونسے نفرت کرتے تھے اسلئے انہون نے غلامونسے ملکر سازش کی مگر وہ کامیاب نہوئی
اور وہ فیلنتس کے ماتحت اٹلی کے جنوب مین جا بسے اور وہان ٹارنٹم کو بنایا - دوسری
لڑائی مسینیا والون نے سپارٹا کی ظلم سے تنگ آکر زیر حکم ارسٹومنیز کے سرکشی کی - ارسٹومنیز
نے فتوحات ایسی جلدی پائین کہ سپارٹا والے تنگ ہوکر حسب ارشاد ڈلفی کے اتھنز والونسے
جنرل کی درخواست کی اور ایک شاعر ٹرٹیئس جو کہ لنگڑا تھا اتہنز والونسے لیکر اوسکی اشعار
کی اثر سے جوش کہاکر ایسی لڑے کہ کامیابی حاصل کی لیکن تاہم ارسٹومنیز گیارہ برس تک

Marfat.com

مقابلہ کرتا رہا آخر الامر شہر میسینی دغا سے فتح ہوا۔ اور وہان کے باشندے ارکیڈیا
مین چلے گئے اور پہر حملہ کرنیکا ارادہ کیا لیکن ارکیڈیا کے بادشاہ نے ۶۶۸ قبل مسیح مین [illegible]
کر دیا۔ اسوقت مین ریجیم کے بادشاہ نے قوم زینکلین کے برخلاف جو کہ اپنا ہی اصلی کو مقابل
کے کنارہ پر شہر زینکل مین بستے تہے اہل میسینیا کو جو کہ ابہی تک سرگردان تہے بلایا میسینیا
والون نے اس موقع کو غنیمت سمجہکر ریجیم والون کو مدد دی اور شہر زینکل کو تاخت و تاراج
کرکے دونون نے ملکر اوسجگہ پر شہر میسینی جو ابتک موجود ہے آباد کیا ارسٹومینز جزیرہ روڈس [illegible]
کے پاس چلا گیا اور وہانسے سارڈس مین جاکر کسی عارضہ سے فوت ہوا۔ اگرچہ سپارٹا کی طاقت بباعث
زیادہ فساد کے گہٹ گئی تہی مگر تو بہی اونہون نے ۵۰۰ مین آرگوس والونسے جنگ [illegible]

تیسری فصل شہر اتہنز کے جغرافیہ مین

اتہنز ایک ایسے مقام مین واقع تہا جو جنوب مغرب کیطرف ۴ میل تک سمندر مین چلا گیا تہا
اور دوسری طرف پہاڑونسے گہرا ہوا تہا سب سے اونچی پہاڑی پر اکیروپولس قلعہ تہا جسکو سیکراپس
نے بنایا تہا اسکے گرد شہر آباد تہا۔ ایک سڑک دروازے پر وہلیا سے جو کہ پریکلیز کے زمانہ مین
تیار ہوا تہا اور جسکے دونون بازونپر دو مندر سنگ تراشی اور مصوری مین نہایت عمدہ معمار
نیسکلیز اور فیڈیز کے بنائے ہوئے تہے شہر سے قلعہ کو جاتے تہی۔ اور اسمین منروا و
نپچون کے مندر بنے ہوئے تہے۔ داہنی طرف پارتہین کا مندر سنگ مرمر کا جو
عمارت مین مشہور تہا تعمیر کیا ہوا تہا۔ یہہ ۱۰۰ فٹ چوڑا اور ۷۰ فٹ اونچا اور مینار ۲۶ فٹ
بلند تہے اور اسمین ایک تصویر منروا کی تہی جسکو فیڈیس نے ہاتہی دانت سے تراشا تہا
۴۰ فٹ بلند تہی اور اسکے ایک ہاتہہ مین برچہی دوسرے مین فتح کی شکل
عام تہا۔ جنوب مین اوڈیم یعنے سرودگاہ اور بکیس شراب کے دیوتا کا مندر تہا۔ ایریوپیگس کی
کچہری اور نکس کی مجلس اسکی تہہ سب واقع تہین اور ایک وادی سیلی واقع تہی اسجگہہ ایک مقام
بنا ہوا تہا جسپر فصیح لوگ اپنا کلام سنایا کرتے تہے۔ جب ۳۰ ظالمون کی حکومت ہوئی تو

یہہ جگہہ توڑ دی گئی تہی ۔ پلمن بالکس کے آگے سریمیکس یعنی بڑا چوک تہا جسکی چارونطرف
عمدہ عمارتین اور تصویرین بنی ہوئی تہین ۔ جنوب کیطرف سنٹ ہال ورس تصویرین تہین
یہان تین مقام تہے جنمین حکیم لوگ لکچر دیا کرتے تہے ۔ اونمین اکیڈیمی اور لیشیم لکچرگاہ پلیٹو
یعنے افلاطون اور ارسطو کے بنے ہوئے تہین ۔ سنو سارگیز جو لیشیم سوا ایک میل کے فاصلہ
تہے انٹستہنز حکیم کے بیٹہک تہے جو کہ فرقہ سینک کا بانی تہا ۔ اتہنز کی گردنواح مین خصوصًا بندرگاہ
پائیروس نہ پیرس کی سڑک پر عمدہ عمدہ عمارتین اور یادگارین بنی ہوئی تہین ۔ تہیمسٹوکلیز
کے عہد مین شہر اور بندرگاہ پائیروس اور فیلروس کی گرد دو فصلین بنائی گئی تہین جو ۸۰ فٹ
لمبی تہین اور اونپر دو گہاریان چل سکتی تہین ۔ اور منکیین نامی ایک اور بندرگاہ تہا اسجگہہ پانی
ڈالا ہوا تہا

چوتہی فصل اتہنز کی تاریخ مین ۱۳ قبل مسیح ... قبل مسیح تک

اتہنز کی تاریخ تہیسس کے زمانہ سے شروع ہوتی ہے جو کہ اپنے باپ ایگیس کے مرنے کے بعد
... مین تخت نشین ہوا تہا ۔ بعض قوانین مثلاً عدالت اریوپیگس کا قایم کرنا ۔ اور
... تین فرقون مین تقسیم کرنا ۔ یوپیٹرڈی یعنے امرا ۔ گی اومری یعنے کاشتکار ۔ ڈمیرگای
یعنے اہل حرفہ ۔ اس بادشاہ کیطرف منسوب کیے گئے ہین مگر سیکروپس مصری کو بہی انکا
... خیال کرتے ہین ۔ لیکن تہیسس کو اسلیئے بانی قرار دیتے ہین کہ اوسنے کل صوبہ اٹیکا کو جو چار
حصص مین منقسم تہا ملاکر اتہنز کو دار الخلافہ بنایا ۔ اور اوسکی جانشینون مین سے ملیس تہوس
... بادشاہی مین منتقل ہوا تہا ۔ اور کوڈرس جسکے زمانہ مین ۱۰۹۰ ق م اس سلطنت کا قلم موقوف ہوا بڑی نامی
گرامی گذرے ہین ۔ بادشاہی کے موقوف ہونے کے بعد کوڈرس کی خاندان مین سے ۱۳
... حکومت کرتے رہے ۷۵۲ قبل مسیح مین دس دس سال کیواسطے آرکن مقرر ہونے
لگے چنانچہ ۶۸۳ قبل مسیح مین سات آرکن مقرر ہوئے اسکے بعد ہر سال ۹ آرکن مقرر کیجاتی جو کہ
... آرکن ... بادشاہ مین یہہ فرق تہا کہ آرکن اپنی حکومت کے جوابدہ ہوتی تہی بخلاف بادشاہ کے جو خود مختار تہا

... جو شخص شہر دیکہنے کی خواہش نہین کہتا وہ بیوقوف ہے جو شخص اسکو دیکہکر اوسکی تعریف نہ کرے ...
... بیوقوف ہے ... بیوقوف ہے جو اوسکو دیکہکر ...

Marfat.com

کوڈرس کے خاندان مین سے نہین تہے - انہین سے اول آرکن کا نام میڈان اور آخر کا نام
ایلکمیون تہا - انہین تین کو بہت طاقت حاصل تہی اور باقی قانون بناتے تہے -
والون کے اسطرح کی تغیر تبدل سے عام رعایا کو کچہہ فایدہ حاصل نہوا - بلکہ سوار لوگونکو
امورات جنگی و ملکی و مذہبی مین بڑا اقتدار حاصل تہا - اور عام رعایا پر غلامون کی طرح ظلم
ہوتا رہا سولن کی عہد تک - اس ظلم سے نجات دینے کے لئے ڈریکو کو ۶۲۱ء مین قانون بنانیکے لئے
منتخب کیا گیا - یہہ شخص نہایت دیانت دار اور حب الوطن تہا مگر سخت بیرحم تہا چنانچہ اسنے تمام
جرایم کے لئے موت کا فتوی صادر کیا اس سببسے اسکے قوانین پر عمل نہوا اور سب لوگ اسکے
دشمن ہوگئے اس باعث سے ڈریکو جزیرہ ایجنیا مین جاکر مرگیا - اس واقعہ کے باعث پہلے سے بہی
زیادہ فساد شروع ہوا - اور امیرونکی طاقت روز بروز بڑہتی گئی چنانچہ ایک شخص مسمی سیلون نے
رعایا کی مدد سے ۶۱۲ قبل مسیح مین بادشاہ ہونیکا قصد کیا اور قلعہ مین محصور ہوکر لڑتا رہا مگر آخر
تنگ ہوکر بہاگ گیا اور اسکی ہمراہی جو کہ منروا کی مندر مین پناہ گزین ہوئے تہے مکر وفریب
اور دغا سے قتل کئے گئے اور خاندان ایلکمیونیڈی اس فساد کے سرگروہ تہے جسکا نتیجہ یہہ حاصل ہوا -
کہ مجرم یومنائڈیز کے مندر مین ہلاک ہوئے - اور اوسیوقت خبر پہونچی کہ صوبہ میگرا کی قوم ڈورین
نے شہر نسیا اور جزیرہ سلیمس کو فتح کرلیا ہے - اور چند روز کے بعد اتہنز مین ایک بانمود ہوئی
جسنے لوگونکو یقین کامل ہوا کہ دیوتے ہم سے ناراض ہوئی ہین - اسیواسطے اہل اتہنز نے کریٹ سے
ایپی نائیڈیز کو جسکو ولی جانتے تہے بلایا اور معافی مانگی اوسنے ۵۹۶ء مین قربان گاہین بنائین
جنسے امن ہوگیا لیکن اوسکی واپس ہونے کی بعد پہر بہی وہی حال بدستور رہا اسلئے ان
کے رفع کرنے کیواسطے سبنے متفق ہوکر سولن کو ۵۹۴ء مین مجسٹریٹ
شہر سلیمس کے فتح کرنیمین بڑی شہرت حاصل کی - اور اس عہد کی بہت لایق اور اتہنز
کے قدیم بادشاہونکے خاندان سے تہا - ابتدا مین تجارت کرتا تہا اور یونان کے سات دانایون
مین سے مشہور تہا - باقیون کے یہہ نام تہے (۱) تہیلس* - ملیٹس یا میلسیا کا رہنے والا

* تہیلس یہہ حکیم نامی منجم تہا اسنے یونان مین فلسفہ کی بنیاد ڈالی اور یہہ پانی کو تمام چیزونکی اصل سمجہتا تہا اور
عہد مین جو سورج گہن ہوا تو اسنے پہلی پہل حساب کرکے بتایا تہا - اور یونان مین سال شمسی مقرر کیا اور مصر کی میناروںکی بلندی

(۲) پٹیکس باشندہ مٹلین واقعہ جزیرہ لسباس (۳) بائس پرین کا (۴) طیولیس
لنڈس کا (۵) چائیلو یا کائیلو ساکن لیسی ڈیمن (۶) میسون یا پری آنڈر ساکن چینا۔ انیکارسس
یہہ شخص سیتہیا کی جنگل سے حکماء مذکورہ الصدر کے خوش تقریری کی تعریف سنکر آیا تہا۔ سولن کی
قوانین کا بڑا مدعا یہہ تہا۔ نہ تو امیرونکی طاقت زیادہ ہوجاوی اور نہ بالکل رعایا کی حکومت ہوجاوے
اول اوسنی ڈریکو کی تمام قوانین سوائی جرائم قتل کے منسوخ کئے۔ قرضداروں اور قرضخواہونکا
عمدہ طور پر انتظام کیا۔ قرض کی عوض مین غلامی اور مقید ہونیکا قانون موقوف کیا۔ اسکو
سلطنت جمہوری سے خوب واقفیت تہی۔ لائیکرگس نے غلطی سی انتظام سلطنت کو تہذیب اخلاق
پر مقدم کیا لیکن اسنے برخلاف اوسکی قانون تجویز کیا۔ جسطرح کل صوبہ ۴ قسمت اور ۰۰ اضلاع میں
منقسم تہا اوسیطرح قائم رکہا مگر رعایا کو بہ لحاظ زراعت و آمدنی کے ۴ حصوں پر منقسم کیا (۱) پینٹی
کوسی میڈمنی جنکی آمدنی سالانہ ۵۰۰ بشل سے زیادہ تہی (۲) نائٹ جنکی آمدنی ۳۰۰ بشل تہی
(۳) زوجٹی جنکی ۲۰۰ بشل تہی (۴) تہیٹیز جنکی آمدنی ۲ سو سے کم تہی۔ سب کو رائی دینکی
استحقاق حاصل تہا مگر مجسٹریٹی پہلی ۳ جماعتو نکو مل سکتی تہی۔ اور آرکن کے عہدہ کو بہی برقرار رکہا
لیکن کوئی آرکن اپنی ایام ملازمت مین فوج کا سپہ سالار نہین ہوسکتا تہا۔ ایک کونسل
۴۰۰ آدمی کی جو کہ اول تین درجون مین سے جو بہ لحاظ نیک چال چلن کے منتخب کئی جاتے تہے
بنائے گئے تہے۔ اور آرکنو نکو ہر ملکی معاملی مین انکی رائی طلب کرنے پرتی تہی اور بغیر اونکی منظوری کے
کوئی امر رعایا کی عام مجلس مین پیش نہین ہوسکتا تہا۔ عام مجلس جسمین چارون فرقون کے
آدمی شامل تہی انکو جدید قوانین کی منظوری نامنظوری اور مجسٹریٹ کی تقرری اور نیز ہر
ملکی معاملہ مین رائی دینے کا اختیار حاصل تہا۔ سولن کی تجویز کی موافق ایریوپیگس کی
عدالت اتہینز کے انتظام کا رکن اعظم ٹہرے اسنے اسکی اصلاح و ترمیم کرکے اوسکے اختیارات
کو بڑہا دیا۔ اس عدالت مین وہ شخص شامل تہے جو پہلے آرکن مقرر ہوچکی ہون۔ اور کل جرائم
سنگین مین اسکا فیصلہ حکم اخیر تہا اور بعد ایام ملازمت آرکنونکی کارگذاری کی نسبت تحقیقات

پٹیکس نے اتہینز والونکو شکست فاحش دی جسکی بعد میٹلین کا بادشاہ مقرر ہوا چنانچہ اوسنی نہایت عمل و انصاف اور ہوشیاری سے
حکومت کی۔ یہہ کہا کرتا تہا حکومت وہ اچہی ہوتی ہے جسمین بادشاہ کو رعایا سے خوف ہو۔ بائس۔ اسنے اپنے شہر پرین کا

Marfat.com

اور جو تجویزین رعایا کے عام مجمع مین منظور ہوتی تہین اونکی ترمیم [illegible] اختیار
بہی اسکو حاصل تہا - انتظام کے بعد سولن اتہنز کا وکیل مقرر ہوکر ڈلفی کی ایمفکٹین [illegible]
بہیجا گیا - چنانچہ اونہی اول جنگ مقدس کیواسطی کونسل مذکورۃ الصدر کو آمادہ کیا انگریزی مین
اس لڑائی کا نام (فسٹ سیکرڈ وار ہے) اِس جنگ کا باعث اور نتیجہ دونون قابل بیان ہین
نتیجہ یہہ ہے کہ ۳۰۰ سو برس کی بعد یونان کے آزادی کی بنیاد بالکل برباد اور منہدم ہوگئی -
اور سبب اسکا یہہ ہے کرساوالون کے قبضہ مین ایک نہایت عمدہ مندر بندرگاہ خلیج [illegible]
ساحل پر تہا اور اسجگہ سے ڈلفی کی جاترینکی آمد رفت رہتی تہی اور کرساوالی ان جاتریون سے [illegible]
محصول لیتی تہی اس سبب سے ڈلفی کی آمدنی مین بہت نقصان ہوتا تہا - آخر کار [illegible]
وغیرہ کی بعد ہنگامہ جنگ شروع ہوا - کرساوالون نے زمین مقدس [illegible] اسکو [illegible]
نہین کیا بلکہ اپولو کی مندر کو بہی لوٹا - ایمفکٹین کونسل [illegible]
انتقام مین بہت سستی کی لیکن سولن نے انکو غیرت دلاکر لڑائی شروع کروائی - آخر الامر [illegible]
بعد کرساوالی بالکل مغلوب ہوگئی - اونکے ریاست ڈلفی کے مندر کے [illegible]
آئی - پہتین کی تماشے جو بند ہوگئی تہے از سرنو شروع ہوئے - سولن کی قوانین [illegible]
فی الجملہ آزادی ہوگئی تہی مگر پسس ٹریٹس کی تسلط سے پہر آزادی مین خلل واقع ہوا [illegible]
شخص اتہنز کے قدیم بادشاہون کی نسل تہا - اور بڑا متمول اور فیاض و سخی تہا - [illegible]
اور فیاضی کے باعث سے لوگون کی دلونکو مسخر کرکے اپنی جان کی حفاظت کی [illegible]
رکہکر ایکروپلس پر قبضہ کر کے ۵۶۰ قبل مسیح مین اتہنز کا بادشاہ بنگیا - سولن [illegible]
ظاہر کرنے کا وعدہ کیا مگر سولن سلیمس مین چلا گیا اور وہان مر گیا - [illegible]
خاندان کا سردار تہا اس صورت سے واقف ہوا تو اوس نے [illegible]
باہر جانا پسند کیا مگر تہوڑے عرصہ کے بعد ایک سردار لائکرگس سازش کر کے اتہنز پر حملہ کر کے
پسس ٹریٹس کو ایکسال کے بعد جلاوطن کیا لیکن میگیکلیز نے لائکرگس سے ناراض ہوکر [illegible]

Marfat.com

پسس ٹریٹس کو اپنا داماد بناکر پہر دوبارہ تخت نشین کردیا - مگر تہوڑی دنون کے بعد پہر داماد اور سسری مین بگاڑ ہوا اسلئے پسس ٹریٹس کو جلاوطن ہونا پڑا - لیکن پہر وہ تہوڑی فوج لیکر تادم زلیست بادشاہ بنا رہا - اگرچہ اسنے غصب سے حکومت حاصل کی تہی مگر اسنے بڑی بلاغت اور رحم اور انصاف کی ساتہہ حکومت کی اور اسکو اہل اتہنز کی ترقی اور عزت اور شان ہمیشہ سے ملحوظ رہی - اسکی عدالت مین بہت سے فاضل اور عالم جمع رہتے تہے - ہومر کے تصانیف اسکی اہتمام سے مرتب ہوئین - خاندان الکمیونیڈی اسکی تیسری فتح کے بعد مقدونیہ مین چلا گیا اور اسکے عہد مین ہمیشہ خاموش رہا ۷۲ھ قبل مسیح مین اسکی وفات کی بعد اسکے دو بیٹے ہپیاس اور ہپارکس جو کہ باپ کے برابر لیاقت نہ رکہتے تہے اوسکے جانشین ہوئے اور ۱۴ سال تک ملکر حکومت کرتے رہے - لیکن اسکے بعد دو جوانون ہارموڈیس اور ایرسٹوگیٹن نے ۵۱۴ھ مین ہپارکس کو قتل کیا - جسکی وجہ یہہ تہی کہ اوسنے ایرسٹوگیٹن کی ہمشیرہ سے کچہہ حرکت ناشائستہ کی تہی - اب چونکہ ہپیس نے اون تمام اشخاص کو جنپر اوسکو اپنے بہائی کی قتل کا شبہہ تہا بہت سخت سزائین دین اسلئے تمام رعایا اوس سے پہر گئی - اور الکمیونیڈی خاندان کی لوگون نے بہی اسکے نکالنے مین کوشش کی - اور روپیہ دیکر رشوت دیکر ڈلفی کی لسان الغیب سے بہی یہہ حکم دلوایا کہ سپارٹا والے پسس ٹریٹس کی اولاد کو اتہنز سے نکال دین - اسلئے سپارٹا والون نے ۵۱۰ھ قبل مسیح مین ہپیس کو شہر سے اسطرح نکالدیا کہ پہر وطن مین آنا اوسکو نصیب نہ ہوا - بعد نکلنے بادشاہ کے خانگی فساد سے رعایا کے دو فریق ہوگئے ایک کا سردار **کلستہنیز** میگیکلیز کا بیٹا تہا اور دوسری کا **عیساغورث** - کلستہنیز جو کہ رعایا کے امداد سے تخت نشین ہوا تہا اسنے رعایا کے بڑہانے کے لئے قومونکی تعداد ۴ سے دس کردی اور کونسل مین ۱۰۰ ممبر زیادہ کردیئے - عیساغورث نے بیرونی ریاستون سے مدد طلب کی چنانچہ سپارٹا اور کورنتہہ اور بیوشیا اور چیلسڈیا اور اجینیا سے فوجین آئین لیکن اِس کی معاونون مین یہہ اتفاق قایم نہ رہا **کلیومنیز** شاہ سپارٹا عیساغورث کا مددگار

Marfat.com

بنا - اور ڈیمیریٹس دوسرے بادشاہ نے رعایا کی طرفداری کی مگر کچھ عرصہ کے بعد ہرایک علیحدہ ہوگیا
جب سپارٹا والونکو ڈلفائی کی پیشگوئی کا جعل معلوم ہوا تو اونہون نے ہپیس کو بہر [illegible]
مگر آخر کو ہپیس مایوس ہوکر شاہ فارس کے پاس چلا گیا - اور ڈیریس (دارا) کو یونان پر چڑہا
لایا ✣

پانچوین فصل فارس کی لڑائی سے پہلی یونانکی چہوٹی چہوٹی ریاستون کے بیان مین ۱۰۰۰ قبل مسیح سے ۵۰۰ قبل مسیح تک

جب تہیبس پر ایپگونائی کا قبضہ ہوگیا تو بیوشیا والون کو تہرسلی والون نے نکال دیا -
اور وہ آرنی مین جو تہسلی مین واقع ہے چلے گئے مگر اہل ڈورس کی نقل مکانی کے زمانہ مین بہر وہ وطن
مین آکر ایولیا کی بعض قومونسے ملگئے - مسیح سے ۱۱۲۶ برس پہلے زنوتہس کے مرنے کے بعد بیوشیا سے حکومت
شخصی موقوف ہوگئی - اور اہل بیوشیا نے ایک اتحاد قایم کیا اور تہیبس کو سب کا افسر بنایا لیکن
اسکو اختیار بہت کم تہا - ان ریاستونکی حکومت ایک طریق پر قائم نہ رہتی تہی - چار چار [illegible]
ایک کونسل ۔ آدمی کی ہوتی تہی جو کہ امن اور جنگ مین انتظام ملکی اور فوجی مین مصروف [illegible]
ایکرنانیا - ایٹولیا - لوکرس کی تاریخ مین کوئی مشہور بات نہین ہوئی - فوسس [illegible]
تاریخ مین بڑا مشہور واقعہ وہ مقدس لڑائی ہے جسکا ذکر پہلے ہوچکا ہے - تہسلی کی ریاستو مین [illegible]
لیریسا کی بادشاہ جو کہ ہرکیولیز کے خاندانسے تہے بڑی مشہور گذری ہین صوبہ ایپائرس [illegible]
ملسوسی قوم جو کہ ایسیڈی کہلاتے تہے اور پرمس کی اولاد سے تہے بڑی زبردست [illegible]
پلوپونیشیس مین سپارٹا سے دوم درجہ پر کورنتہ کی ریاست تہی - جسوقت اہل [illegible]
پر فتح پائی اوسوقت یہانکی تخت پر ایلیٹیز متصرف ہوگیا اور پانچ پشت [illegible]
رہی - ... قبل مسیح مین بیکیس نے بیٹلی سمس کی وفات کے بعد [illegible]
پشت تک اوسکی اولاد مین حکومت قایم رہی - آخر ٹیلیٹیز کی وفات کے بعد [illegible] خاندان کا آخر
بادشاہ تہا - حکومت شخصی جاتی رہی اور حکومت [illegible] قایم ہوگئی اور [illegible]

ہر سال نئے مجسٹریٹ مقرر کئے جاتے تہے مگر بباعث ظلم اور غرور کے جلدی انکا خاتمہ ہوگیا۔
سپ سیلس ایک متمول شخص ۶۵۰ قبل مسیح مین بادشاہ ہوکر ۳۰ سال تک حکمران رہا اوسکے
بعد اوسکا بیٹا **پیری اینڈر** جوکہ یونان کے سات عقلمندونمین شمار کیا گیا تخت نشین ہوا اگرچہ
اسکو طامع اور ظالم اور بیرحم تبلاتے ہین مگر ۴۴ سال تک یہہ سلطنت کرکے بیٹے کے غم مین یاسکے
ہاتہہ سے مارا گیا۔ اور اسکا بہتیجا **سیمیٹی کس** اسکا جانشین ہوا مگر ۳ سال کے بعد ۵۸۱ء مین نکالا گیا۔
ایمبریشیا ایپائرس کے ساحل پر کورنتہہ والونکی ایک نئی آبادی تہی اور آسمین سپ سیلس کی اولاد
حکومت کرتی تہی اسوقت یہان بہی رعایا نے بغاوت کرکے اپنے بادشاہ کو تخت سے اوتار دیا۔ اس انقلاب
کے بعد کورنتہہ مین تاجرونکی حکومت قایم ہوئی جسکے ذریعہ سے ایشیا کا مال اطالیہ مین اور اٹلی کا
اسباب ایشیا مین فروخت ہوتا تہا۔ اسوقت کورنتہہ نے یہہ بستیان آباد کین تہین مغرب مین کورسایرا
۔ ایمبریشیا۔ اپیپی ڈیمنس ۔ لیوکس ۔ سایرکیوز۔ مشرق مین ۔ پوٹیڈیا ۔ کورنتہہ کا اقبال
سپ سیلس کی اولاد ہی تک قایم رہا آخرکو جزیرہ **کورسایرا** جسکو پیری اینڈر نے مطیع کیا تہا باغی ہوا
اور کورنتہہ کا ادبار شروع ہوا۔ مسیح سے ۶۶۰ برس پہلے اہل کورسایرا اور کورنتہہ کی باہم ایک
بحری لڑائی ہوئی جسکے پہلی تاریخ مین بحری لڑائی کا ذکر نہین ہے۔ **سسیئن** ۔ اور اکاڈیا کے
اضلاع مین بہی ایسی ہی انقلاب واقع ہوتے رہے مگر سلطنت جمہوری اوسوقت قایم ہوئی جبکہ
بنی سپ سیلس کورنتہہ سے نکالی گئی آرکیڈیا مین **آرسٹوڈیمس** کے مارے جانے کے بعد سلطنت جمہوری
قایم ہوئی اسمین دو شہر ٹیگیا۔ اور مینٹینا بڑے مشہور تہے۔ ۶۹۴ مین آرگوس کی شخصی حکومت زایل
ہوگئی جسکا حال معلوم نہین ہے۔ **ایلس** مین الفائٹس کے قانون اور اوسکے متبرک زمین کے
باعث سے امن ہا مگر آخر کو دو مجسٹریٹ مقرر ہوئے بعد ازان دس ہوگئے اور ایک سینٹ بہی ۹۰ ممبرون
کی مقرر ہوئی +

چہٹی فصل یونان کے مشہور جزایر کی تاریخ مین

جزایر متعلقہ یونان مین ویسی ہی انقلاب ہوتے رہے جیسے کہ یونان کی ریاستون مین مذکور ہو چکے

Marfat.com

ہین یعنے حکومت شخصی کی جگہہ درجہ بدرجہ حکومت جمہوری ہوگئی جب اتہنز والونکا تسلط [illegible]
ہوگیا تو جزیرونکی آزادی صرف برای نام باقی رہگئی - البتہ اندرونی انتظام مین [illegible]
اختیار حاصل تہا ۷۳۴ قبل مسیح مین کورنتہہ والونکا ایک گروہ بسرداری چرسی کریٹس کے جزیرہ
کورسایرا مین جاکر آباد ہوا اور ایسی ترقی حاصل کی کہ وطن کے لوگ اونسے جلنے لگے اہل کورسایرا
نے ایک بستی اپی ڈیمنس جو پیچہے ڈرکیم کے نام سے مشہور ہوئی مقدونیہ کے مغربی کنارہ پر آباد کی کہ
کورنتہہ والونکو اپنا افسر بنایا اسلئے باہمی اہل کورنتہہ او کورسیرا کی لڑائی واقع ہوئی [illegible] اہل کورسایرا
اسوقت ایسی قوت رکہتے تہے کہ اپنی ذات سے ۱۲۰ جنگی جہاز جمع کر سکتے تہے - ابتدا مین کورسایرا مین [illegible]
اور ڈورین ریاستون کے امرا کی حکومت تہی مگر فارس کی لڑائی کے بعد [illegible]
حکومت جمہوریت کے لئے فساد قایم ہوا - آخر کو خانہ جنگی کے باعث سے یہہ ریاست برباد و تباہ
ہوگئی جزیرہ ایجینا جسکو ابتدا مین اینونی کہتے تہے ۱۲۵۰ برس قبل مسیح مین الویلین کے ایک گروہ
نے تہسلی سے آکر آباد کیا - اور اسکے ۲۰۰ برس بعد ہی ڈورس سے ڈورین کا ایک گروہ آکر آباد ہوا
اور اونہون نے تہوڑی عرصہ مین حسن انتظام اور تجارت مین ایسی ترقی حاصل کی کہ اتہنز کی
ہمسری کرتے رہے اور اقریطش اور پونٹس مین اپنیان بستیان بسائین مگر ۴۵۶ برس قبل مسیح مین
تہمیسٹوکلیز نے اسے مغلوب کیا - جزیرہ یوبیا مین بے اتفاقی کے باعث طریق حکومت [illegible]
اسمین مشہور بستیان یہہ ہین کیلیس - ایریٹریا انمین امرا کی حکومت کا طریق مروج تہا لیکن
یہہ انتظام دایمی نہ تہا - اکثر حکومت شخصی ہی ہوجاتی تہی - فارس کے [illegible]
اسکو کئی خونریز لڑائیون کے بعد فتح کیا - جزایر سایکلیڈیز مین پہلے [illegible]
الیونیا اور ڈورس کے ایگروہ نے اونکو نکالکر خود آباد ہوے آخر [illegible]
سوا اتہنز کے باجگذار تہے - جزیرہ اقریطش بہادری کے زمانہ مین [illegible]
قوانین کی باعث سے مشہور تہا - لائیکرگس نے کئی قانون یہانسے سیکہے تہے - اسمین [illegible]
کی وفات کی بعد جمہوری کی ریاست ہوگئی - اسمین گورٹنا اور [illegible] بڑے مشہور شہر تہے

Marfat.com

اور ملک کا انتظام ایک دیوان اعلے مسمی جیروشیا اور دس مجسٹریٹون مسمی کوسمای کو ملا۔ آخر کو باہم خانہ جنگیان اونکی ذلت اور تباہی کا موجب ہوئین جزیرہ سائپرس (قبرس) اسمین بستی سلیمس سب سے بڑی تہی جو کی بعد مسیح سے ۱۱۰۰ برس پہلے اسکو ٹیوسر نامی ایک شخص نے آباد کیا تہا یہہ جزیرہ نوبت بنوبت اہل فنیشیا اور اہل مصر اور اہل فارس کا تابعدار رہا جب سکندر اعظم نے مسیح سے ۳۳۲ برس پہلے ٹایر (صور) کا محاصرہ کیا تہا تو قبرس کے ۹ بادشاہ اوسکے ساتہہ ملگئے اوسیوقت سے مقدونیہ کے سلطنت مین شامل ہوگیا

ساتوین فصل اون یونانی بستیونکی بیان مین جو کہ ایشیا کوچک مین واقع تہین ۱۲۰۰ قبل مسیح سے ۵۰۰ تک

یونان والونکی بستیان اور سب ملکونکی بستیونسے تعداد اور رونق مین زیادہ تہین تہذیب اور حرفونکے سامان مہیا کرنیمین انسے بڑی امداد ملی اور تجارت کے سبب قومونکی آمدرفت مین بڑی آسانی ہوگئی* اول اونکا ذکر ہوگا جو کہ پلوپونیشس کے فتح کی بعد ایشیا کوچک کے مغربی کنارہ پر ہلسپونٹ سے سلیشیا کی حدود تک ایولیا اور ایونیا اور کیریا والون نے بسائین تہین یہہ بستیان تجارت مین اپنے اصلی وطن سے سبقت لیگئی تہین اور شاعر ہومر اور آلسیوس اور حکیم تہیلز اور فیثاغورث انہین مین پیدا ہوئی تہی۔ جنکا ذکر پیچہے ہوچکا ہے اور انکا تاریخی حال ہم علیحدہ علیحدہ بیان کرینگے۔ جب ڈورین نے پلوپونیشس کو فتح کرلیا تو قوم ایولین نے ۱۱۲۴ قبل مسیح مین ایشیا کوچک مین جاکر میسیا اور کیریا کے ساحل پر متصرف ہوکر وہان بستیان بسائین اور اسکا نام ایولس رکہا اسکے بعد انہون نے جزیرہ لسبوس اور ٹنیڈوس اور ہیکٹونیسی کے جزائر پر قبضہ کرلیا اور انکے تعمیر کردہ ۱۲ شہرونمین سے سمی اور سمرنا سب سے بڑے تہے۔ مسیح سے ۶۰۰ سو برس پہلے لیڈیا والون نے سمرنا کو ویران کیا اور اوسکے ۴۰۰ برس بعد مسیڈونیہ والون نے آباد کیا سائرس (کیخسرو) کے زمانہ مین ایولین کے شہرونمین سے

* خاصکر اون بستیوں نے جو قوم الینی نے ڈورین کے نکلنے کے بعد اور مقدونیہ والونکی یونان پر متسلط ہونیسے پہلے بسائین تہین انکے سوا اہل یونان جنوبی ملک اٹالیہ مین کچھ بستیان بسائین تہین انکی تاریخ بہت مشتبہ ہے مقدونیہ والون نے سکندر کے وفات کی بعد بہتسی بستیان ایشیا کوچک مین بسائین

Marfat.com

خشکی کے تمام شہر فارس والون نے فتح کر لئے - جب اتہنز کا بحری تسلط سب سے بڑہ گیا تو جزیرونکی تمام ریاستین اوسکی تابع ہوگئین اور یہہ بڑی تشدد سے حکومت کرتے رہے - اگرچہ ایولین کے ہر ایک شہر مین جدا جدا انتظام تہا اور سب کے اتفاق سے کوئی کونسل مقرر نہ تہی مگر یہہ بھی شہر مٹی لین جو لسبوس مین واقع ہے سبکا دار الخلافہ سمجہا جاتا تہا اور جو بد انتظامیان نفاق اور خانہ جنگیون سے پیدا ہوتے ہین اونکی رفع کرنیکے واسطے سیم نیٹی ان مجسٹریٹون مین سے پیٹی کس حکیم شہر مٹی لین کا رہنے والا نہایت مشہور تہا یہہ سالفو اور الیسیوس کا ہمعصر تہا اور سنہ مسیح سے ۶۰۰ برس پہلے گذرا ہے - مسیح سے ۱۰۴۴ برس پہلے اہل ایونین یونان سے ایسی بہاری گروہ کے ساتہہ نکلے کہ اوسکے نظیر دنیا مین نہین پایا جاتا - چنانچہ جب اتہنز مین بادشاہت موقوف ہو گئی اور کودرس کی بیٹی بباعث محروم ہونے وراثت کی معہ اون تمام قوم ایونین کی جو پلوپونیشس سے جلاوطن ہوکر نکلے تہی جزائر سائیکلیڈیز مین جاکر وہان بستیان بسائین اور وہان سے ایشیا کوچک مین ایولس کی جنوب کیطرف جاکر کیریا اور لڈیا اور لیکیا جستی تو وہانکے بعد جزیرہ اونکے نکالکر وس ملک جو مابین مائیکل اور کرسوپیلس کے واقع ہے قبضہ کرکے برفاقت [illegible] انہین آپسمین اتحاد تہا اور نام یہہ ہین - ایفی سس - ایری تہری - کلیزومنی - [illegible] میس - ملیٹس - پرین - فوسیا - ٹیوس - سیموس - ٹیوس - کیوس - [illegible]

ملیٹس سب سے بڑے تہی اور جسوقت ایونینز نے اوسپر حملہ کیا اوسوقت اہل ملیٹس [illegible] اونہونے ایسا سخت مقابلہ کیا کہ ایونینز نے سب مردون کو مار ڈالا اور انکی بیبیان [illegible] بیبیان بنا لیا - ایفی سس سب سے زیادہ مشہور تہا اور اوسکو ایونینز نے [illegible] بنایا تہا - اسمین ڈایانا کا ایک معبد رہتا اور وہان کے باشندونکو [illegible] سب سے پیچہے آباد کیا - اسکی بحری تجارت خوب ترقی [illegible]

اور ملیٹس نے [illegible]

[illegible]

شہر مارسیلیز مین جا بسے کولوفون اِسکے سردار نہایت بہادر اور مشہور تہے جو کہ بہادری
مین ضرب المثل ہو گئی - جزیرہ سیموس تجارت اور بحری طاقت مین شہرہ آفاق تہا - پولیکریٹز
کے زمانہ مین جو ۵۳۲ ق م مین تخت نشین ہوا تہا اسکو بڑا عروج حاصل تہا - یہہ بادشاہ بڑا طاقتور تہا
مگر فارسیون کے فریب مین آکر مارا گیا آخر کو یہہ شہر اہل ایتھنز کے جنہون نے وہان حکومت جمہوری
قائم کی مطیع ہوا - کیوس اپنی مرضی سے ایونیا سے آملا اور سیموس کی نسبت طاقت اور دولت مین کم نہین
تہا - اسکے باشندے آزادی کو پسند کرتے تہے اسکو بہی فارس والونکی اطاعت کرنی پڑی مگر اوسنے سب سے
پہلے اپنی گردن سے جوا اوتار دیا اسکے بعد ایتھنز کی سرداری قبول کی مگر برائے نام تہی - ایونیا کے تمام
شہرون اور ایمفکٹیونک کے درمیان اتحاد قائم تہا اور وقت مقررہ پر مختلف اضلاع کے وکیل پنجون کے
مندر مین جمع ہوتے تہے جو بابت اتحاد ایونین کے مشورہ کرتے تہے لیکن وہ ہر ایک کا اندرونی
معاملات مین مداخلت نہین کرتے تہے - یہہ شہر لڈیا والون سے مدت تک لڑتے رہے آخر کو فارس کے
مطیع ہوئے **ڈورین** کی بستیونکا رقبہ چہوٹا اور تنگ اور ملک بنجر تہا اور سوائے ہلی کارنیسس
[illegible] الخلافہ ایپولنٹ کی بادشاہی کا تہا - اور رودز جسکا جہازی کاروبار ترقی پر تہا کوئی ملک بڑا
نہ تہا - اور انکی یہہ ۶ شہر آباد کئے ہوئے تہے ہلی کارنیسس - نائیڈس - کوس - [illegible]
کیمیرس - لنڈس - فارس کی لڑائی سے کچھ عرصہ پیشتر ہلی کارنیسس انکے اتفاق سے
نکالا گیا کا دار الخلافہ بنگیا تہا - یہان [illegible] اور آرٹمیزیا بڑے
مشہور ہوئے ہین - **نائیڈس** جو اصل مین اہل [illegible] نے آباد کیا تہا اور اپولو کی مندر یہان واقع
تہا ڈورین کی پہلی بستی تہی اور اونکے وکیل بہی یہان واسطے عام مشورہ کے جمع ہوتے تہے - آخر کو
اہل ڈورین بغیر کسی قیل و قال کی فارس کے تابعدار ہو گئے ✣

آٹھوین فصل یونانی بستیونکی بیان مین

(جو بحیرہ اسود کے کنارہ تہریس اور مقدونیہ مین آباد تہین)

ان بستیون مین سے کئی جو پروپونٹس کے کنارہ بحیرہ اسود اور بحیرہ ازوف پر ملیٹس کے باشندون نے

آٹھوین اور چھٹی صدی کے مابین بسا مین تہین - یہہ شہر بحری طاقت [illegible]
تہا اور یہہ لوگ جنیوا اور بخارا تک پہونچے تہے - پروپونٹیس پر ایک شہر [illegible] آباد کیا تہا - تہوڑی عرصہ کے بعد ملیٹس والون نے اوسکو بڑی تجارت گاہ بنایا [illegible] نے آباد کیا تہا اور [illegible] مین ملیٹس اور اہل روما کی زمانہ مین اسکو بڑی ترقی حاصل ہوئی - اور میگارا والون نے بای زین شیم یعنے قسطنطنیہ اور کیلی ڈون یعنے سکوٹاری بسائی - بحیرہ اسود کی کنارہ اول یونانی شہر ہرکلیا تہا جو ملیٹس اور میگیرا والون نے آباد کیا تہا [illegible] مین تہلیاکس یہان انکا حاکم ہوا - یونانی بستیون مین سینوپ سب سے زیادہ طاقتور تہے - اصل مین اسکو آرگوناٹ نے [illegible] مین بسایا تہا اوسکے بعد ملیٹس والی آبسے - ایمیسس بڑا مشہور بندر تہا پریکلیز کی زمانہ مین اتہنز والون نے شہر ملیٹس والونسے چہین لیا - ٹریپی زس اسکی مشہور بستی تہی - بحیرہ اسود کی مشرقی کنارہ پر [illegible] ڈائس - کیئورس - فنیگریا - نہایت مشہور بستیان تہین کریمیا مین ملیٹس والونکی یہہ بستیان تہین پینٹی کیپیم جو کہ مہرڈیٹز اعظم کا دار الخلافہ تہا [illegible] کی یہہ بستیان تہین - تہریس مین یہہ تہین سسٹوس - ایگوس - [illegible] - سیلو[illegible] ایبڈیرا - مقدونیہ مین یہہ تہین - ایمفوپولس - کیلسس - اولنتہس [illegible] کنارہ پہ نہایت مشہور بستی قورین تہی جو [illegible] مین جزیرہ تہیرا کے باشندون نے [illegible] قایم کی تہی - اول اسمین حکومت شخصی تہی مگر [illegible] مین جمہوری ہوگئی اور آخرکو مصر کی سلطنت [illegible] ہوگئی +

دسوان باب یونان کی قدیم زمانہ کی تاریخ

ابتدا سے سکندر کی تخت نشینی تک

(پہلی فصل فارس کی اول لڑائی [illegible])

جب ارسٹوگورس نے (۵۰۰ ق م) مین [illegible] جلایا اور اوسکے عوض دارا نے ملیٹس کو لوٹ کر باشندونکو قتل کیا [illegible]

اور ہپئیس کو سپارٹس مین پناہ نہ ملی تو اوسکے بعد دارا نے یونانی ریاستونکے پاس اطاعت قبول کرنیکا پیغام بھیجا اور کہلا بھیجا کہ ہپئیس کو بادشاہ بناؤ - تمام یونانیون نے اوسکی اطاعت قبول کی مگر اتھنز اور سپارٹا والے لڑنیکو طیار ہوئے - چنانچہ سنہ ۴۹۲ ق م مین دارا نے اپنے داماد مارڈونیس کو بھیجا - (مارڈونیس نے تہیس اور میسیڈن کو فتح کیا) لیکن کوہ ایتھوس مین اوسکا جہاز ٹوٹ گیا اور بیس ہزار آدمی مر گئے - دارا نے سنہ ۴۹۰ ق م مین ایک اور بڑا طاقتور زیر حکم ڈیٹس اور آرٹی فرنیز کے بھیجا - اونہون نے سائیکلیڈیز کو فتح کرکے ایریٹریا کو لوٹا اور وہانکے باشندون کو قید کرکے دارا کے پاس بھیجدیا اسکے بعد ہپئیس کی ہدایت سے معہ پانچ لاکھ فوج کے مراتھن کے میدان مین جو اتھنز سے ۲۰ میل کی فاصلہ پر تھا مقیم ہوئی - برخلاف اسکے اتھنز والونکی فوج مین دس ہزار سپاہ اور نو ہزار مسلح غلام تھے اور پلیٹیا کے بادشاہ نے ایک ہزار آدمی اونکی مدد کے لئے بھیجا مگر سپارٹا والے بالکل خاموش بیٹھے رہے اتھنز والون نے اپنی فوجونکو دس جرنیلونکی ماتحت سپرد کیا اور ملٹائڈیز کو بسبب اوسکی لیاقت کے سبکا افسر بناکر مراتھن کی میدان کیطرف روانہ کیا - جب انکو فارس کا لشکر نظر آیا تو جرنیلون نے لڑائی سے انکار کیا مگر ملٹائڈیز نے بہت سی براہین دیکر کیلی مکس یعنے جرنیلون کے افسر کو لڑائی کے لئے آمادہ کیا جب لڑائی تیار ہوگئی تو یہ جرنیل دل و جان سے لڑائی مین مشغول ہوئے — ملٹائڈیز نے اپنے لشکر کو ایک پہاڑ کے نیچے جو پشت اور داہنی طرف سے حفاظت کرتا تھا مقیم کیا - بائین طرف اوسکے ایک دلدل واقع تھی اور آگے کیطرف کچھ فاصلہ تک درخت کٹوا کر ڈلوا دیئے تاکہ فارس والے اوسپر حملہ نکرسکین - اتھنز والونکو داہنی طرف اور پلیٹیا والونکو بائین طرف اور غلامونکو درمیان قائم کیا - ڈیٹس نے اگرچہ اسجگہ کو خوب جان لیا تھا مگر کثرت فوج پر بھروسا کرکے لڑائیکا حکم دیا — یونانیونکی دونون بازؤن نے اپنے مقابلہ والونکی صف کو توڑ دیا مگر غلامون نے شکست کہائی - ملٹائڈیز نے اپنے فاتحونکو حکم دیا کہ مغرورونکو چھوڑ کر فارس کی قلب لشکر پر حملہ کرو - چونکہ مشرقی فوجونمین بے جرنیل موت کا کام دیتا ہے اسلئے فارس والونکو شکست نصیب ہوئی اور وہ اپنی ابتر حالت مین جہازونکی طرف بھاگ گئے مگر یونانیون نے اونکا تعاقب کرکے سات جہاز غارت کئے چند روز کے بعد ملٹائڈیز نے

Marfat.com

نے جزیرہ پیروس پر حملہ کیا مگر کامیاب نہوا آخر رشوت ستانی کے مقدمہ مین ماخوذ ہوا اور منصفوں نے
اوسپر بڑا بہاری جرمانہ کرکے قید کیا اور قید خانہ مین مرگیا - اسکے بعد تہمسٹوکلیز مدبر اور ارسٹائیڈیز
عادل اتہنز مین حکومت کرتے رہے تہمسٹوکلیز نے اون جزایر کو فتح کرکے جو پہلے فارس کی تابع ہوگئے تھے
اتہنز کی دولت اور رسوخ کو بڑہایا - ارسٹائیڈیز نے اپنی دانائی سے ہموطن آدمیونکو خوش کیا یہہ دونو
طاقت حاصل کرنیکے لئے ایکدوسرے کے مخل ہوئے آخرکار ارسٹائیڈیز جلاوطن کیا گیا مگر جب مشکل کیوقت
اوسکی دانائی کی ضرورت پڑی تو اوسکے حریف نے اوسکو واپس بلایا - تہمسٹوکلیز ہمیشہ اسبات کی کوشش کرتا رہا
کہ اتہنز کے بحری طاقت بڑہ جاوے آخرکار اوسنے یونان کی آس پاس کے سمندرونکی سرداری دلادی -
فارس کے پہلے اور دوسری لڑائی کی مابین کوئی مشہور بات واقع نہین ہوئی سپارٹا کے بادشاہ کلیومینیز
نے سازش کرکے دوسری بادشاہ ڈمیریٹس کو جلاوطن کرادیا اوسنے فارس مین جاکر پناہ لی مگر چند روز
کے بعد کلیومینیز نے خودکشی کی اور دونونکی جگہہ لیوٹک آئڈیز اور لیونیڈس بادشاہ ہوئے

دوسری فصل فارس کی دوسری لڑائی کے بیان مین

سنہ ۴۸۰ سے ۴۷۹ قبل مسیح تک

مراتہن کی لڑائی کے ۹ برس بعد دارا گستاسپ کے بیٹے زرکسیز نے یونان کی فتح کرنیکا ارادہ کیا اور معہ لشکر
کثیر کے جب ابنائے ہلسپونٹ کو عبور کیا تو تہیبس اور تہسلی سے اطاعت کے پیغام پہونچے جب وہ تہرموپلی
پہونچا تو لیونیڈس نے جو کہ آٹھہ ہزار فوج لیکر کھڑا ہوا تہا مقابلہ کیا - اسجگہ زرکسیز کے لشکر نے حملہ کیا مگر
مین معہ نقصان کثیر کے پسپا کیا گیا آخر ایک شخص یونانی ایفالٹیز نامی نے فارس کے بادشاہ
کو ایک پشت کا رستہ بتادیا - اسوقت لیونیڈس نے مایوس ہوکر اپنے تمام …
اور خود معہ ایک ہزار سپاہ کے وہان ٹہیرا رہا - آخر رات کو وہ اور اونکا لشکر
بہادری کے بعد مارا گیا - اور زرکسیز نے اب اتہنز کی فتح کرنیکا ارادہ کیا مگر …
راس آرٹمیشم پر جو جزیرہ یوبیا مین ہے فارس کی بیڑی پر ایک فتح پائی جبکہ اسوقت …
کہ فارس والے تہرموپلی پر متصرف ہوگئے ہین اسلیئے تہمسٹوکلیز نے اونکو یہہ صلاح دی کہ اتہنز کی

Marfat.com

پہنچکر وہ کہاتے نکالکر سلیمس کے قریب کہڑا کرین - راستہ مین یہہ تدبیر کی کہ ایوبیا کی پہاڑونپر یہہ کہدوایا کہ
ای ایشیائی یونانیون تمہنے اپنے والدین کی خلاف ہتیار نہ اوٹہانا ان سے فارس والونکی دلمین شک پیدا ہو گیا
اسلئے زرکسیز نے ایشیا کے یونانیون سے کچہہ مدد نہ لی - فوسس مین پہونچکر زرکسیز نے ڈلفائی کو لوٹنے کی لئے
لشکر کا ایک حصہ بہیجا - مگر پہاڑ پر چڑہتے وقت انپر ایک ایسا خوفناک طوفان آیا جسے یونانیون نے بہت سے
فارسیونکو تہ تیغ کیا - اس واقعہ جانکاہ سے مخلصی پاکر زرکسیز تہسپیا اور پلیٹیا کو لوٹتا ہوا اتہنز
کی طرف چلا - اتہنز والے تہمسٹوکلیز کی صلاح ہی سے اپنے شہر کو خالی کرکے جزیرہ سلیمس مین چلے گئے - زرکسیز نے
شہر کو خالی پاکر جلا دیا اور یونانی بیڑے پہ حملہ کرنیکا ارادہ کیا اوسوقت یوریبائڈیز سپارٹا کا رہنے والا
یونانیون کی بیڑے کا سپہ سالار تہا - اسنے یونانیون کو یہہ صلاح دی کہ تمام لشکر کو کورنتہہ پر پلوپونیسس کے
حفاظت کے لئے مقیم کرنا چاہئے مگر تہمسٹوکلیز نے بڑی قوی دلایل سے اوسکو فارس کی ساتہہ لڑنے پر آمادہ
کیا اور ایک جاسوس زرکسیز کے پاس بہیجا کہ وہ اوس سے بیان کرے کہ یونانی لوگ بہاگنا چاہتے ہین
زرکسیز نے جاسوس کے کہنے پر سلیمس کی طرف اپنا بیڑا روانہ کیا جب اسبات کی خبر ارسٹائیڈیز کو پہونچی
تو وہ فورًا ایک کشتی پر سوار ہوکر اپنی قوم اور تہمسٹوکلیز کو اطلاع کرنیکے لئے چلا کہ فارس والون نے ہمارے
بیڑے کا محاصرہ کیا ہوا ہے اسکے بعد دونونکے* درمیان کسی قسم کی دشمنی نہ رہی - اسوقت سپارٹا والی جو لڑنے سے
تامل کرتے تہے فارس کے بیڑے کے آنے کی خبر سنکر اور کوئی گریزگاہ نہ دیکہکر لڑنے پر مستعد ہوئے - آخر سلیمس کی دونون
بیڑونکا مقابلہ ہوا اسوقت زرکسیز ایک بلند مکان **ایگی لیوس** پر جو اٹیکا کی کنارہ پر واقع ہے بیٹہا ہوا
تماشا دیکہہ رہا تہا - تہوڑی دیر کی بعد اوسکا تمام عالیشان بیڑا تباہ ہوگیا - اور ہیلی کارنیسس کی
ملکہ **آرٹیمیشیا** کے سوا کسینے کچہہ بہادری نہ دکہلائی چونکہ اسجگہ سے سمندر کچہہ وسیع نہین تہا اسلئے
جب اگلی جہاز شکست کہاکر بہاگی تو پچہلے بہی رفو چکر ہوئے اسوقت اتہنز والون نے سبکو چارون طرف
سے گہیر کر مثل مچہلیونکی جال مین پہنساکر تباہ کر دیا - اب زرکسیز نے لڑائی کیواسطے ۳ لاکہہ فوج زیر حکم **مارڈونیس**
کے چہوڑکر خود واپس جانیکا ارادہ کیا - چونکہ تہمسٹوکلیز نے اوسکو ماخوذ ہونیکی اطلاع دی اسلئے فورًا ابنائے
ہلسپونٹ پر پہونچا اور جب پل کو ٹوٹا ہوا پایا تو ناچار ماہی گیرونکی کشتی مین سوار ہوکر پار اوتر گیا - مارڈونیس نے

* یعنے تہمسٹوکلیز اور ارسٹائیڈیز کے درمیان

Marfat.com

جاڑے کا موسم تہسلی میں بسر کیا - اور دوسری لڑائی سے پہلے شاہ مقدونیہ کی ہاتھ اتہنز والون کو
یہہ پیغام بہیجا کہ اگر تم یونان کی اور ریاستون سے علیحدہ ہو جاؤ گے تو شاہ فارس تمکو ہر بات کی
اجازت دیگا - اتہنز والے اس بات پر راضی نہوئے - مگر جب سپارٹا والون نے جو بڑی خودغرض تھے لڑنے
سے انکار کیا تو مارڈونیس نے اتہنز میں پہنچکر شہر کو آگ لگائی اور قتل کرنا شروع کیا - اسوقت سپارٹا
والے خاموش ہو بیٹھے مگر جب یونانیون نے اونکو بہت ملامت کی تو اونہون نے تہوڑی سی فوج
پوسینیس کی ماتحتی میں بہیجی - کل یونانی ریاستون کا لشکر پلیٹیا شہر کے پاس [illegible]
مقابلہ پر جمع ہوا - تہوڑی دنون تک تو ہلکی ہلکی لڑائی ہوتی رہی مگر [illegible] شکست [illegible]
اسی مقام سے ہٹکر دوسرے مقام کی تلاش میں [illegible]
اسلیئے مارڈونیس نے اپنی سپاہ کو اونکے تعاقب کا حکم دیا - آخر پلیٹیا کے قریب دونون میں لڑائی ہوئی [illegible]
فارس والون نے شکست کہائی اور اونکی فوج میں صرف ۴۰ ہزار آدمی جو کہ تحت آرٹی بیزس [illegible]
رہے اور ۲ لاکہہ آدمی کام آئے - یونانیون کو [illegible] فتح حاصل ہوئی - اور اسی روز [illegible] مقام مائیکیل پر
جو ایشیا کوچک کی کنارے پر واقع ہے اونہون نے ایک بڑی فتح پائی اس لڑائی میں یونانیون کی فوج
ول زین تہیپس اتہنز کا اور لیوٹی کائیڈیز سپارٹا کا - جنرل فارس والون نے یونانیون کو دیکہکر
جہازونکو کنارے پر کیا اور ۶۰ ہزار آدمی حفاظت کے لیئے متعین کیئے لیکن یونانیون نے حملہ کرکے جہازونکو
تباہ اور فوجکو تہ تیغ کیا اور کل مال اسباب لوٹ لیا - یونانیون کو لوٹ کے سوا یہہ فایدہ ہوا کہ [illegible]
سے فارس والونکا تسلط اوٹھہ گیا - اور وہان کے جزیرے اونکی حکومت سے آزاد ہو گئے [illegible]
بستیان جو ایشیا کی مغربی کنارہ پر واقع تہین یونانیونکو چاہتین تو آزاد ہو سکتی تہین [illegible]
سوائی آیونیین کے فارس کی حکومت کو پسند کرتے تہین - [illegible]
اتہنز کا اقبال دن بدن زیادہ ہوتا گیا - اور دنیا کی تمام [illegible]
آخر سپارٹا والونکو اوسکی ترقی دیکہکر حسد ہوئی اسلیئے سپارٹا والی مانع تعمیر فصیل اتہنز کے ہوئے
مگر تہمسٹوکلیز نے اونسے ایسی چال اختیار کی کہ فصیل بالکل تیار ہو گئی یعنی جب تک فصیل تیار نہ ہوئی

Marfat.com

تہی تب تک تہمسٹوکلیز خود ایلچی بنکر سپارٹا مین چلا گیا تہا اور اوسکی خبر دینے مین سنٹ کو تاخیر کرتا
رہا تا وقتیکہ اتہنز والون نے فصیل بنالی - جب یہہ خبر سپارٹا کی سنٹ کو پہونچی تو وہ تہمسٹوکلیز سے
بدلہ لینے پر مستعد ہوے لیکن اوسنے سپارٹا والونکو اس خبر کے تحقیق کرنیکے لئے وکیل بہیجنے کی ترغیب دی یہہ وکیل
جب اتہنز مین پہونچے تو اتہنز والون نے ان وکیلونکو بطور کفیلونکی گرفتار کیا - اسلئے سپارٹا والون نے
گہبراکر تہمسٹوکلیز کو چہوڑ دیا - جب تہمسٹوکلیز اتہنز مین واپس آیا تو اوسنے صرف فصیل کی تعمیر کو پورا
نہین کیا بلکہ بندر پیریس کو بہی ایک دیوار سے مستحکم کرکے اتہنز سے ملا دیا - اسوقت سپارٹا کا جنرل
پوسینیس یونان کی فوج کے ساتہ ملکر ساحل بحیرہ ایجین کے کنارے کنارے فارسیون کے مقابلہ پر لڑائی مین
مصروف تہا - اوسنے تہوڑے ہی محاصرے کے بعد بائی زین ٹیم کو سنہ مین فتح کرکے بہت سے
امرا اور رشتہ دار بادشاہ کو مقید کیا - پوسینیس نے دفعۃ بہت سی دولت کے ہاتہہ آجانے کے باعث سے
یونان کا بادشاہ بننا چاہا مگر اپنے ہی رفیقون سے تکبرانہ اور قاتلانہ طور پر پیش آیا اسلئے اونہین جاکم
آئیونیہ والے سپارٹا والون سے برگشتہ ہوکر اتہنز والون سے جا ملے - جب سپارٹا والونکو یہہ خبر پہونچی
تو اونہون نے اسکو واپس بلاکر ججون کے حوالہ کیا اگرچہ یہہ اول بسبب ثبوت دینے کے چہوٹ گیا
لیکن دوسرے دفعہ ملزم ٹہرایا گیا - آخر منروا کی مندر مین پناہ گزین ہوا - لیکن فاقہ کشی کے باعث سے
اوسیجگہہ ہی مرگیا - سپارٹا کی وہ عزت جو سمندر مین اوسکو حاصل تہی بباعث ظلم پوسینیس کے جاتی
رہی اور کل اہل سمندر نے اپنے بیڑے کا امیر البحر اتہنز والونکو قرار دیا - ارسٹائیڈیز سب ریاستونکا
خزانچی مقرر ہوا - اوسنے تاکہ کسیکی شکایت نہو جزیرہ ڈیلوس کو جہان کہ اپالو کا مندر تہا مخزن معین
کیا - سپارٹا والون کی افترا پردازیسے تہمسٹوکلیز کو بہی پوسینیس کے ساتہ جرم مین شریک جانکر
دس سال کے لئے جلاوطن کر دیا - آخرکار تہمسٹوکلیز فارس کے بادشاہ آرٹی زرکسیز (اردشیر)
کے پاس چلا گیا - اگرچہ شاہ فارس نے اسکی عزت اور توقیر کی مگر تہوڑے عرصہ کے بعد زہر کہا کر مر گیا
اس زمانہ کے قریب ارسٹائیڈیز بہی عمر طبعی کو پہونچکر مرگیا - اسنے خزانہ کا نہایت دیانت اور
ایمانداری سے کام کیا - اسکے بعد ملٹائیڈیز کا بیٹا سائمن ریاست جمہوری اتہنز کا افسر

مقرر ہوا - یہہ بہی فارس والون کے ساتہہ بڑی بہادری اور دلیری سے لڑتا رہا اور اوسنے [illegible]
مین بلکہ ایشیا کی کنارے کی تمام قلعی اور کہی شہر چہین لئے آخر کار سنہ ۴۰۰ [illegible]
فتح بحری جزیرہ سائپرس مین فارس والونپر حاصل کی اور اوسیروز خشکی مین بہی [illegible]
پر فارسیونکی لشکر کو حیران کر کے تباہ کر دیا۔[1] فارس کی لڑائی [illegible]
اتہنز کا بحری اقتدار اور تجارت برابر بڑہتی گئی لیکن سوقت یونانی [illegible]
جو مصریون کی امداد کیلئے بہیجا گیا تہا اور نیز ہلاکت سائمن سے جو [illegible]
آئے تہے تبدیل ہو گئی تہے - اور چونکہ اہل فارس کی تجارت مین بڑا خلل واقع ہوا تہا [illegible]
بہی اونکے تصرف سے نکل گیا تہا اسلئے آرٹی زرکسیز بہی ۴۴۹ ق م مین [illegible]
مین بہت خوش ہوا - (۱) تمام وہ شہر جو یونانی ایشیا کے کنارہ پر آباد تہے فارس کی [illegible]
ازاد رہین (۲) فارس والونکو کوئی جہاز بنانے قسطنطنیہ تک آنا پایا (۳) فارس کی [illegible]
بحر سے ہمیشہ تین منزل پر دور رہے (۴) اتہنز والے جزیرہ سائپرس سے اپنا تصرف [illegible]
واضح ہوتا ہے کہ یونانی غالب ہے اگر سارڈس سے جلا نیکو اتنا [illegible]
۱۵ سال تک رہی

تیسری فصل پلوپونیشیس کے پہلی لڑائی کے بیان مین ۴۳۱ سے ۴۲۱ قبل مسیح تک

چونکہ فارس کی لڑائی مین اتہنز کی شان بڑہی اور بہت دولت حاصل ہو جانیکے باعث [illegible]
حسد پیدا ہوا اسلئے وہ خفیہ لڑائی کا سامان کرنے لگے - لیکن لڑائی کے پہلے [illegible]
جنہون نے سب کچہ بہلا دیا - (۱) ایک ایسا سخت زلزلہ سنہ ۴۶۴ مین آیا جسمے [illegible]
اور ایک لاکہہ بیس ہزار آدمی مر گئے (۲) ہلوٹس یعنے غلام اور اہل [illegible]
ہو گئے - اگرچہ اہل اتہنز اونکے مددگار رہے تاہم سپارٹا [illegible]

[1] اس لڑائی کی تفصیل یہہ ہے کہ سائمن نے اپنی تمام فوج کو ہتیار [illegible] اہل فارس [illegible]
سمجہا کہ یہہ ہمارا ہی لشکر ہے اسلئے وہ بیخوف ہو کر [illegible]

Marfat.com

اور انکو تسلیم کرنا پڑا کہ باغی لوگ بمعہ عیال و اطفال کے پلوپونیشیس سے چلے جاوین - اور یہہ باغی لوگ
اتہنز والون کے نوپیکٹس بستی مین خاطرداری سے جاکر آباد ہوئے - چونکہ جنگ فارس مین آرگوس والون نے
یونان کی مدد نہین کی تہی اسلئے اکثر ریاستین انسے ناراض ہوکر باغی ہوگئی تہین چونکہ مانٹی نیئی کے سواے باقی
ریاستون کی سپارٹا والے مددگار رہے اسلئے آرگوس والون نے اوسپر قبضہ کرلیا اور باقی آزاد ہوگئین - اسی
وجہ سے تہیبس کے حکومت بوشیا کے شہرون سے جاتے رہے مگر اس معاملہ مین اتہنز والے تو باغی ریاستون کی اور
سپارٹا والے تہیبس کے حامی ہوئے - اب پیریکلیز کے عمدہ انتظام سے اتہنز کا اقبال اوج پر تہا انہین ایام جبکہ
سپارٹا والے انکی پاسداری کرتا تہا جلاوطن کرادیا ایریوپیگس اور امیرونکی طاقت کی اختیارات کو گہٹادیا
اور اریسٹوکریٹک) یعنے امیری اہلکاری اختیار اپنے شہر کو نہایت آراستہ و مستحکم اور مزین کیا - اخراجات
کے لئے اتہنز کے مددگار ریاستون پر فارس کی جنگ کے بہانہ سے محصول زیادہ کردیا - خزانہ کو ڈیلوس سے
اتہنز مین منگوالیا - اسنے ایک فوج باغیونکی امداد کے واسطے بوشیا مین روانہ کی اس فوج نے پہلی دفعہ تو مقام
ٹناگرا پر شکست کہائی مگر دوسرے سال اوسی مقام پر ۴۵۶ ق م مین فتح نمایان حاصل کی - اسکے سوای ایک بحری
فوج کا بیڑا پلوپونیشیس کے کنارہ لوٹ مار کرتا تہا جسسے سپارٹا والے تنگ ہورہے تہے - مگر جب سامین جہاز اتہنز
مین پہنچ گیا اور اہل اتہنز نے اپنے سردار ٹولمائیڈس کی بیوقوفی سے شکست کہائی تو ۵ سال کے لئے ۴۵۵ ق م مین
صلح کرلی اور یقین تہا کہ اگر سائمن سیٹیم کی محاصرہ مین نہ مارا جاتا تو صلح قائم رہتی - اس میعاد کی ختم ہوتے
روما مین جانا پڑا - جگرتہا نے روما کے امیرونکو رشوت دیکر اپنی طرف کر لیا اور سنٹ نے یہ فیصلہ کر دیا کہ جگرتہا اور ایڈہربل نصف نصف سلطنت کے مالک ہین جگرتہا نے اپنے رشوت کا نتیجہ دیکھکر اپنے بہائی پر حملہ کیا اور اوسکو مروا ڈالا سنٹ نے اس ظلم پر بہی کچہہ توجہ نکی اور ابکی دفعہ بہی جگرتہا صاف نکل جاتا اگر میمیس ٹریبیون علم رعایا کی مجلس کے روبرو امیرونکی رشوت ستانی کو ظاہر نکرتا - اس مجلس نے کیشیس کو افریقہ مین اس غرض سے بہیجا کہ جگرتہا کو روما مین لائے تاکہ اون لوگونکی نام معلوم ہون جنہونے رشوت لی تہی - جب جگرتہا روما مین آیا تو میمیس نے اوس سے استفسار حال کیا مگر بیبیس ٹریبیون جسنے اسیواسطے رشوت لی تہی بادشاہ کو جواب دینے سے منع کر دیا اور جگرتہا کو معلوم ہوا کہ سنٹ میرے بہائی میسوا کو تخت پر بیٹہایا چاہتی ہے اسیواسطے اوسنے اوسکو بہی قتل کروا ڈالا - اسلئے (۱۰۹ ق م) مین جگرتہا کو یہہ حکم ہوا کہ اٹلی سے فوراً نکل جائے - اور البائنس کونسل کے زیر حکم ایک فوج اسکے برخلاف بہیجی گئی البائنس اپنے بہائی اولس کو چہوڑکر خود اٹلی مین چلا آیا - اولس نے نیومڈیا پر حملہ کیا مگر جگرتہا نے اوسکو گہیر کر مطیع کر لیا سنٹ نے میٹلس کو جو نہایت لئیق اور بہادر امیر تہا افریقہ کی فوج کا جرنیل مقرر کیا - میٹلس نیومڈیا کی فتح کو پورا کرنا چاہتا تہا کہ رعایا کی مجلس نے اسکے نایب کیس میریس کو جو نہایت کمینہ مگر شجاعت مین یکتا تہا اور رعایا کی طرفداری کرتا تہا میٹلس کی جگہہ مقرر کر دیا - اسکے برخلاف کونسل نے یہہ حکم دیا کہ میٹلس دوسری سال بہی کونسل رہی - میریس نے سنٹ کی حکم پر کچہہ التفات نکر کے افریقہ مین فوج لیکر اوسیوقت پہونچا جبکہ میٹلس نے جگرتہا کو ایسا عاجز کر دیا تہا کہ وہ اپنے خسر موریٹینیا کے بادشاہ بوکس کے پاس (۱۰۶ ق م) مین بہاگ گیا تہا - میریس نے نیومڈیا کی شہرون اور قلعونکو فتح کر لیا اور جگرتہا اور بوکس کے لشکر کو شکست دی - آخر بوکس نے جگرتہا کو سلا کے جو میریس کا نایب تہا حوالہ کیا اور جگرتہا جیلخانہ مین بہوکا مر گیا - اس اثنا مین اقوام سمبری نے روما والونکو گال مین شکست دی اس لڑائی مین قریباً ۸۰ ہزار آدمی مقتول ہوئی جسسے ملک مین بہت خوف پیدا ہوا - اور رومیون نے

میریس کو اگرچہ اونکے قانون کے بخلاف تہا دوبارہ کونسل مقرر کیا ۱۰۱ ق م [illegible] میریس [illegible]
ان اقوام کو مقام ایکوی لوٹی پر ایک بڑی شکست دی جسمین قریب ایک لاکہہ کے [illegible]
جبکہ میریس [illegible] لڑائی کر رہا تہا تو جزیرہ صقلیہ مین سلا لڑ رہا تہا اور وہان بہی ایک لاکہہ آدمی
[illegible] والون نے اٹلی کے باشندون سے بیرحمی سے سلوک کیا تہا اسلیے ایک بڑی
[illegible] جسمین سب یا [illegible] اور ان ریاستون مین مارسی لوگ
سب [illegible] لڑائی کو مارسی کی لڑائی [illegible] تین برس تک یہہ لڑائی جاری رہی
اور [illegible] ہزار کے آدمی مارے گئے آخرکار روما والون نے اپنے ملک کے حقوق ان ریاستون کو
[illegible] ق م امن بالکل امن ہو گیا۔ اب روما کی فوج کا مقابلہ ایشیا کوچک کی فوج [illegible]
[illegible] تہوڑی عرصہ مین ایشیا کوچک اور اوسکی طرف کے جزیرون کا مالک ہو گیا۔ میریس [illegible]
[illegible] لڑائی مین افسر مقرر ہو جاوے مین آخرکار سلا کامیاب ہوا اور میریس جلاوطن کیا گیا
سلا فوج [illegible] کو روانہ ہوا مگر اسکے پیچہے کونسل سنا نے میریس کو واپس بلا لیا اور [illegible]
[illegible] ق م مین شروع ہوئی۔ میریس بڑی لوٹ مار کرتا رہا اور مر گیا میریس کو شکست [illegible]
[illegible] شروع کیا اور اپنے دشمنون کو قتل کرکے خود کونسل بنا لیکن [illegible]
[illegible] اور پہر سلا نے اونا [illegible] کو شکست دیکر [illegible]
[illegible] سلا ہی باعث مدعہ سا سب جنگ [illegible]
[illegible] اٹلی مین جا [illegible] جنگ کرے جب [illegible] اونکو [illegible]
[illegible] کونسل [illegible] لڑائی کی تیاری کی لیکن سنا کی فوج کے ہاتہ سے مارا گیا [illegible]
لڑنیکا نہین تہا اسلیے سلا فتحمند ہو کر ۸۳ ق م مین روما مین داخل
ہی [illegible] اور کونسل کا [illegible] کو مغلوب کرکے خود ہمیشہ کیلئے ۸۱ ق م [illegible] اور [illegible]
سال کے بعد زاہد بن بیٹا مگر ۷۸ ق م [illegible] مر گیا۔ اسکے بعد لیپی ڈس کونسل بنا
تہا مگر تمام لوگ اسکے دشمن ہو گئے اسلیے وہ معدوم ہو گیا۔ پہر سپانیہ مین [illegible]

[illegible] ایشیا [illegible] [illegible] مفصل [illegible]

کے فرقہ سے سرٹوریس نام (۷۶ ق م) مین لشکر کثیر لیکر روما پر حملہ آور ہوا- روما والون نے پومپی
کو جسکو پہلے اعظم کا خطاب دیا گیا تہا کونسل بنایا- سرٹوریس اگرچہ بڑا بہادر تہا اور کئی دفعہ شکست
بہی پومپی کو دی چکا تہا مگر آخرکار پومپی نے (۷۳ ق م) مین مطیع کیا اور (۷۲ ق م) مین فریب سے مروا ڈالا
اور ابہی تک ہسپانیہ کی لڑائی ختم نہین ہوئی تہی کہ سپارٹکس اٹلی مین (۷۳ ق م) مین سرکش ہوگیا- یہہ
باغی نے ۷۰ ہمراہیون کے ساتہہ بہاگ کر ارادہ کیا کہ لڑائی مین مارا جاؤن مگر اسنے رومیون پر دو فتحین
پائین جس سے اوسکا نام مشہور ہوگیا- اور روما کی سب غلام اپنے مالکون کو چہوڑکر اسکے جہنڈے کے نیچے
آجمع ہوئے جسّے اسکے فوج قریب دس ہزار کے ہوگئی یہہ ہر روز فتح پاتا ہوا اور رومیونکی حاکمونکو شکست
دیتا ہوا بڑہتا گیا چنانچہ اوسکی فوج قریب ایک لاکہہ بیس ہزار کے جمع ہوگئے اور اوسکو ایسا حوصلہ
ہوگیا کہ مین روما کا بادشاہ ہوجاؤنگا لیکن آخرکار کریسس نے اسکی بغاوت کو فرو کیا اور سپارٹکس
(۷۱ ق م) میدان مین مارا گیا اور اوسکی ہمراہی مقتول ہوئی- اب کریسس اور پومپی کونسل مقرر ہوئی
چونکہ دونون سب سے اعلے حکومت کرنی چاہتے تہے اسلئے کریسس نے تو اناج اور روپیہ تقسیم کرنا
شروع کیا اور پومپی نے سلا کے قوانین کو منسوخ کرنا چاہا- اسطرح پومپی لوگونین اسقدر مشہور ہوگیا
کہ جب بحری لڑائی قزاقون کی شروع ہوئی تو لوگون نے اسکو سپہ سالار مقرر کیا اور اسیوقت
(۶۵ ق م) مین متہرڈیٹس کا بہی انتظام اسکی سپرد ہوا- اور سنیٹ یہہ نہین جانتا تہا کہ یہہ شخص
ہمارا دشمن ہوجائیگا- پومپی نے متہرڈیٹس کو فتح کیا اور اہل روما کی حکومت کو ایشیا مین دور تک
پہیلا دیا جبکہ پومپی مشرق مین فتح حاصل کر رہا تہا تو شہر مین (۶۳ ق م) مین غدر واقع ہوا جسکا بانی
کیٹی لائن تہا- اسیواسطے اس فساد کو کیٹی لائن کا فساد کہتے ہین جسکی تفصیل یہہ ہے- یہہ جوان
امیر خاندانون سے تہا مگر بڑی جرمون اور بدمعاشیون سے پر تہا اور یہہ چاہتا تہا کہ مین بہی روما کا مالک
ہوجاؤن اسلئے بہت سے بدمعاشونکو اپنے ساتہہ کرلیا مگر فضول خرچی نے اسکو قرضدار کردیا اسکے
خیالات مین ایک شخص سسرو نے جو ملکی ریاست مین ہوشیار و فہیم تہا نقصان ڈالا-
اور سازشیون نے یہہ تجویز کی کہ اول سسرو کو مار دیا جاوے مگر سسرو کو خبر ہوگئی آخرکار کیٹی لائن فساد کا

Marfat.com

اشتہار دیدیا اور مدد کے لئے فرانس مین قاصد روانہ کئے مگر ان قاصدون نے سسرو ... باتین برخلاف
اسکے بیان کین جسے یہہ تجویز ٹہری کہ کیٹی لائن کو مارنا چاہیے پس سسرو نے کیٹی لائن کی فوج ...
و یکر گال کے رستہ مین اوسکو قتل کیا اسلیئے لوگونے اسکو ابو الملک کا خطاب دیا - جب پومپی ... کو
واپس آیا تو وہ فساد جو ایتھین اور کریسس مین تہا بر پا ہوا مگر جولیس قیصر نے جو کہ نہایت
لیق اور مدبر تہا ان دو حریفون کو اپنے ساتھہ کرلیا اور کہا کہ حکومت کو آپس مین بانٹ لین اس حکومت
کا نام ٹرائیم وریٹ یعنی تین شخصون کی حکومت (۶۰ ق م) مین مقرر ہوا - کلوڈیس نے
ان تین شخصون کے لئے مدد کی کہ انکے ذریعہ سے سسرو سے انتقام لے کیونکہ سسرو نے ایک فوجداری
مقدمہ مین اسکے برخلاف شہادت دی تہی - اپنا انتقام لینے کی غرض سے اوسنے ... سے
نام کٹاکر پلبین مین درج کرایا اور اسوقت ٹربیون شپ بننے کی درخواست کی جو کہ ... منظور
ہوگئی اور اسکی سعی سے سسرو شہر سے نکالا گیا مگر ایک سال کے بعد بڑی عزت سے بلایا گیا اور اسکی
جایداد اوسکو واپس دیگئی - آیندہ سال کے لئے پومپی اور کریسس کونسل مقرر ہوئے ...
کو چلا گیا - اور کریسس (۵۴ ق م) مین سیریا کو روانہ ہوا اور اونکو دلمین یہہ خیال تہا کہ ...
دولت لوٹ کر لائیگا مین اس اثنا مین جولیس قیصر نے فرانس مین فتح پائی اور فن جنگی مین ...
ہمجنسون پر فائق ہوا - ان تین شخصونکی حکومت مین مسمات جولیا کے مرنے سے جو کہ قیصر کی ...
اور پومپی کی عورت تہی نزاع پیدا ہوئی - یہہ عورت بہت دبدبہ والی تہی شوہر اور باپ کو جب ...
چاہتی تہی متوجہ کرلیتی تہی مگر تینون کی افتراق کا یہہ باعث تہا کہ کریسس جو پارتھیا مین ...
ہوا تہا (۵۳ ق م) مین اوسیجگہ مر گیا - اور قیصر آٹھہ سال تک ...
تک فرانس مین لڑتا رہا اور اس عرصہ مین کل ملک جوکہ ...
مین لایا اور جرمنی والونکو بہی ... کرکے انگلنڈ مین جا پہونچا - ... پومپی قیصر کی مدد ...
رہا اوسکے لئے فوج بہی بہیجتا رہا ... نتیجہ یہہ معلوم ہوتا تہا کہ ان دونون
مابین سوائے جنگ کے ... فساد کی بنیاد یہہ تہی قیصر نے کہا جب ...

Marfat.com

بہی کونسل بنا رہون اور لوگونکو رشوت دیکر اپنی طرف کرلیا۔ (۵۱ ق م) مین کیوریونے
سنٹ مین یہہ تجویز پیش کی کہ پومپی اور قیصر سے استعفا لیا جائی۔ آخر کار جنوری [illegible] مین یہہ
حکم صادر ہوا کہ قیصر اپنے فوج سے علیحدہ ہوجائے ورنہ دشمن سمجہا جائیگا۔ مگر چونکہ دو شخصون
انٹونی اور کیسیس نے اس حکم کے برخلاف رای دی تہی اسلئے ان دونون کے لوگ دشمن سمجہے گئے
اسواسطے وہ بہاگ کر قیصر سے جاملے۔ جب قیصر کو یہہ خبر پہونچی تو اوسنے یہہ ارادہ کیا کہ اب مین
اٹلی مین جاکر پومپی سے لڑونگا۔ جب روما مین یہہ خبر پہونچی کہ قیصر دریای روبی کن سے پار
اتر گیا ہے تو پومپی اور سنٹ کی بہاری شہر اور خزانہ چہوڑکر یونان کیطرف بہاگ گئی۔ [illegible] دنون
اوسنے اٹلی کو فتح کرکے جزیرہ سارڈینیا اور سسلی پر بہی قبضہ حاصل کیا۔ پس قیصر نے تہوڑے
عرصہ کے بعد سپانیہ پر چڑہائی کرکے مقام آلرڈا پر شکست دیکر فتح پائی اور کل سپانیہ پر قبضہ کیا۔
مگر اسوقت اوسکی نائب نے افریقہ مین شکست کہائی اور جب روما مین واپس آیا تو ڈکٹیٹر بنایا
گیا۔ اور پومپی کی برخلاف یونان مین لڑنے گیا۔ چونکہ قیصر بحری لڑائی کم جانتا تہا
اسلئے اوسکو یونان تک پہونچنے مین بڑی تکلیف ہوئی آخر کار مغربی یونان مین پہونچکر ایک
سخت لڑائی لڑا۔ اور مقام تہسلی مین دونون فوجونکا مقابلہ ہوا آخر کار ۲۰ جولای [illegible]
مین فارسالیا کے جنگ مین قیصر نے فتح پائی اور پومپی بہیس بدلکر بہاگ گیا اور سریا مین پہنچا
وہان سے مصر مین گیا اور اپنی بیوی کارنلیا کو اپنے ساتہہ ہی لیگیا۔ چونکہ پومپی شاہ مصر
کے باپ کا بڑا دوست تہا اسلئے وہ امید رکہتا تہا کہ وہ ضرور مدد کریگا۔ مگر بادشاہ کے
نوکرون نے پومپی کی مارنے کا ارادہ کیا اور سپٹمیس اور ایکیلاس کو اس کام پر
مقرر کیا۔ اونہون نے پومپی کو مار کر سمندر مین پہینک دیا۔ اسکی بیوی جو سمندر پر
جہاز مین تہی اوسنے یہہ حال دیکہا تو اونہون نے جہاز کو کنارہ سے ہٹالیا
[illegible] لاش کو نکالکر دفن کیا بعض کہتے ہین کہ مصر مین اور بعض کا مقولہ
[illegible] گیا +

Marfat.com

فصل ساتوان سلطنت روما کے قایم ہونے تک

(۴۸ ق م سے ۳۰ ق م) تک

جسب پومپی کی خبر روما مین پہونچی تو اوسکی دوستون مین نزاع واقع ہوی بعض نے یہہ ارادہ کیا کہ قیصر سے معافی مانگین چونکہ اسکی بیوی کا زمانہ قیصر سے نہین ڈرتی تہی اسلئے وہ اٹلی مین واپس آئی اور کیٹو پومپی کے دو بیٹون کو لیکے مصر مین گیا اور یہہ انسی نیوٹ جا کے بادشاہ سے جا ملا قیصر اپنے دشمن کے پیچہے پہرتا رہا اور جب سکندریہ مین پہونچا تو مصر کے بادشاہ کا ایلچی پومپی کا سر اور اوسکی انگوٹہی قیصر کے پاس لیکر آیا قیصر بہت غصہ ہوا اور حکم دیا کہ اسکے سر کو بڑی شان اور شوکت سے دفن کرکے اوسپر ایک مقبرہ بناؤ اور خود مصر کے بادشاہ مقرر کرنے مین مشغول ہوا چونکہ شہزادی کلیوپیٹرا نہایت حسین تہی اسلئے اوسکے حسن پر فریفتہ ہوکر اوسکی طرفداری کرنے لگا جسکے سبب سے لڑائی شروع ہوگئی۔ اسوقت قیصر کے پاس تہوڑی سی فوج تہی اور شہر مین سخت لڑائی قایم ہوئی اور قیصر نے مصر کی بیڑی کو آگ لگادی جسمین سکندریہ کا کتب خانہ بہی جلکر خاکستر ہوگئین۔ اسی اثنا مین شام اور ... سے بہت سی فوج آپہونچی ... فتحیاب ہوکر مصر سے متہرا ڈیٹز کی لڑائی کے برخلاف لڑنے گیا اور بہت ... روما کیطرف روانہ ہوا جب فارنیسش کے ساتہ لڑنے گیا تو ... کے ملک کو اس ... سے فتح کیا جو کہ ان تین الفاظ مین بیان کیا گیا ہے وینی ویدی ویسی (مین آیا ... دیکہا ... فتح کیا) اور وہان پہونچکر دیکہا کہ ملک مین ابتری ہورہی ہے جسکا باعث ... کا باہمی نفاق تہا۔ قیصر نے آپسمین صلح کرادی اور افریقہ کی جنگ کی ... برخلاف تیاری کی جب افریقہ مین پہونچا تو ... دیکہا کہ ... آسانی سے ... ہوگی آخر کار تہپسس پر لڑائی ہوئی جسمین قیصر فتحیاب ہوا اور وہان سے یوٹیکا ... دشمن کیٹو تہا ... اوسے علیحدہ ... اسلئے ...

Marfat.com

اور پومپی کی لڑکونے ہسپانیہ مین فوج کشی کی اور پانچ مہینہ مین افریقہ کی لڑائی ختم ہوئی اور قیصر (۴۵ ق م) مین فتح پاکر روما مین داخل ہوا اسکے آنے سے سنٹ نے بڑی خوشی کی اور اسکو دس سال کیلئے ڈکٹیٹر مقرر کیا اور تین سال کے لئے اخلاق کا ناظر مقرر ہوا اور اوسکی تصویر جیوپیٹر کے مقابل بناکر رکہی گئی - اسکے بعد روما سے پومپی کے بیٹون کے ساتھ لڑنے کے لئے ہسپانیہ مین (۴۵ ق م) کو آیا اور مقام منڈا پر بڑی بہاری لڑائی ہوئی اور اول اول امید تہی کہ قیصر کو شکست ہوگی مگر آخر کو قیصر نے فتح پائی اور بڑا بیٹا پومپی کا مارا گیا اور چہوٹا بیٹا سکسٹس کوہستانی پہاڑ پر جا چہپا - جب قیصر نے سب پر فتح پائی تو وہ چاہتا تہا کہ اپنی سلطنت کو بڑہائے اور خوب انتظام کرے اور پارتہیا والون سے کریسس کا بدلہ لے اور بہت سی تعمیرات وغیرہ کرائی لیکن چونکہ اسنے بادشاہ بننا چاہا تہا اسلئے لوگ اسکے دشمن ہوگئے اور بروٹس اور کیسیس نے مشورہ کرکے ۱۵ - مارچ (۴۴ ق م) مین مارڈالا - جب قیصر مارا گیا تو مارک انٹنی نے ایک ایسی برجستہ تقریر سے عام لوگون کو برانگیختہ کیا کہ اونہون نے تمام مفسدین کو شہر سے نکالدیا اور اوکٹیویس قیصر جو بہتیجا اور وارث مقتول قیصر کا تہا انٹنی سے بدگمان ہوکر سنٹ والون سے ملگیا اور اینٹنی کی سس الپائن گال مین لڑکر فوج جمع کی اور ریاست جمہوری کی فوج کے ساتھ جنگ مین مشغول ہوا جسمین کہ دونون کونسل مقتول ہوئی - اسکے بعد انٹنی جنگ مین شکست کہاکر ہسپانیہ مین لیپی ڈس کے پاس بہاگ گیا اور لیپی ڈس باہم عہد پیمان کرکے ۲ نومبر ۴۳ سنہ مین دوسری ٹرائیم وریٹ کہلانے لگے پس انہون نے بادشاہ ہوتے ہی اپنے دشمنونسے انتقام لینا شروع کیا چنانچہ تمام شرفاء روما کو قتل کیا جسمین سسرو فصیح بہی مارا گیا اور بروٹس اور کیسیس کے مارنے کی درپے ہوئے چنانچہ یونان مین [illegible] دونون کے ساتھ (۴۲ ق م) مین بمقام فلپی لڑائی ہوئی تینون بادشاہ ہونیکے فتح پائی اور کیسیس پہلے مارا گیا اور بروٹس پیچہے اس فتح کے بعد انٹنی یونان اور ایشیا میں مطیع کرکے مصر کیطرف چلا گیا مگر وہان جاکر انٹنی کلیوپیٹرا پر عاشق ہوکر ایسا غافل ہوا کہ پارتہیا کے [illegible] ہونیکا اور تمام عام کامون کو بہول گیا - جب اوکٹیویس [illegible]

۳ [illegible] کی بعد انٹنی اور اوکٹیویس

مین مشغول تہا تو اوسوقت انیٹی کا بہائی لوشئس اور فلوویا اوسکی بیوی نے اوکٹیولیس سے لڑائی قایم کی مگر اوکٹیولیس فتحیاب ہوا اور ۴۱ ق م مین پیروسیا کی وسیلے سے کل [illegible] ہوگیا - جب انیٹی کو خبر پہونچی کہ اوسکے بہائی نے شکست کہائی اور اوسکے دوست بہاگ گئے ہین اور اوکٹیولیس نے فرانس پر قبضہ کرکے تمام فوجکو اپنے قبضہ مین کرلیا ہے تو انیٹی کی آنکہہ کہلی جلدی سے اٹلی مین آیا اور بیوی کو غصہ ہوا جسسے اوسکی بیوی غمناک ہوکر مرگئی لیکن انیٹی نے اوسکے مرنیکے بعد اوکٹیولیس سے ظاہرا دوستی کرکے اوسکی بہن اوکٹیویا سے شادی کرلی اسوقت روما کی سلطنت مین نئی طرح تقسیم واقع ہوئی سکسٹس پومپی نے پلوپونیشیس اور چند مشہور جزایر قبضہ حاصل کرلیا مگر ٹرائم وریٹ نے تہوڑی دیر کے بعد باہمی اتحاد کو فسخ کردیا - اوکٹیولیس نے سکسٹس پومپی کو سسلی سے مشرق کیطرف نکال دیا جہان وہ مارا گیا اور لیپیڈس کو بہی بیدخل کردیا جب انیٹی نے دیکہا کہ میرا حریف بہت طاقتور ہوتا جاتا ہے اور چونکہ پارتہیا کی لڑائی مین ذلت بہی اوٹہا چکا تہا اسلئے سب کچہہ چہوڑکر کلیوپیٹرا کے دروازہ پر آن پڑا - اور اوسکی بیوی اوکٹیویا مشرق کیطرف آئی کہ اپنے شوہر کو اوسکے دام سے نکالے مگر جب اوسکی پاس پہنچی تو انیٹی نے کہلا بہیجا کہ یہان سے تم چلی جاؤ مگر جب وہ زیادہ درپے ہوئی تو انیٹی نے اوسکو طلاقنامہ لکہکر بہیجدیا - اس سے انیٹی کے دوست بہت ناراض ہوکر روما مین چلے آئے اور اسکے باعث سے دونون مین لڑائی واقع ہوئی - انیٹی نے بہت سی فوج جمع کی مگر اوکٹیولیس کی فوج تعلیم یافتہ اور قواعددان تہی - آخرکار کلیوپیٹرا نے اوسکو ملامت کرکے لڑائی [illegible] اور مقام ایکٹیم پر ۳۱ ق م مین دونون فوجونکا ۲ ستمبر کو مقابلہ ہوا - [illegible] منتظر ہوکر ایک جہاز مین سوار ہوکر یونان مین بہاگ گئی [illegible] اپنے ہمراہیونکو چہوڑا اور اوسکے پیچہے بہاگ گیا - مگر فوج [illegible] ساحل [illegible] باعث سے فوج اوکٹیویا [illegible] کے [illegible] انیٹی [illegible] سالار [illegible] ملوکی [illegible] اوکٹیویا [illegible]

مایوس ہوکر سات روز کے بعد اوکٹیویس کے مطیع ہوگئے انٹنی اور کلیوپیٹرا یہہ مصر کو واپس آئے
جب وہ خاکنائی سویز پر پہونچی تو کلیوپیٹرا چاہتی تھی کہ مین خزانہ لیکر بحر قلزم پار چلی جاؤن مگر جب
وہان پہونچی تو اہل عرب نے اونکے جہازونکو آگ لگادی اسلئے اوسنے مصر کو آکر لڑائی کا قصد کیا
کلیوپیٹرا نے اور بادشاہون سے مدد مانگین اور بہت بہادری کررہی تھی مگر اوسکی عاشق نے
نامردی دکہلائی سپاہی تو اوسنے اپنے آپکو ایک مکان مین بند کرکے چھپایا اور جب تہوڑی
دیر کے بعد نکلا تو عیاشی مین مبتلا ہوا۔ اس اثنا مین اوکٹیویس کے فوج نے اسکا محاصرہ کیا
اور اسکے سپہ سالار کارنیلیس گیلس نے پارٹونیم کا ملک چھین لیا۔ انٹنی غصہ کہاکر اوسکی فتح کرنیکے
لئے گیا مگر شکست کہاکر اور جہاز چھوڑکر واپس آیا۔ مشرق مین پلوسیم بھی اوکٹیویس کے ہاتھ
آیا اور سکندریہ کا محاصرہ کیا۔ انٹنی اِسکے روکنے کو نکلا مگر سپاہیونسے مار کہاکر واپس چلا آیا اور
یہہ کہتا تہا کہ کلوپیٹرا نے مجھکو مروا ڈالا اور مین نے اوسکی پیچھے سب کچہہ چھوڑ دیا جب کلیوپیٹرا
نے یہہ بات سنی تو اوس قبر مین جو اپنے مرنے سے پہلے بنوا چکے تھے روپوش ہوئے اور یہہ کہا کہ
انٹنی کو کہو کہ وہ مر گئی ہے۔ انٹنی نے یہہ خبر سنتے ہی اپنے گلے مین چھری ماری مگر جبکہ
نیم بسمل تہا تو اوسکو خبر پہونچی کہ وہ زندہ ہے تو اوسنے حکم دیا کہ مجھکو اوسکی قبر کے پاس لیچلو تاکہ
مین اوسکی سامنے مرون اسکے بعد کلیوپیٹرا نے اوکٹیویس کے ساتھہ محبت پیدا کرنی چاہی مگر جب اوسنے دیکہا
کہ یہہ میری فریب مین نہین آتا اور میری خوبصورتی اوسپر غالب نہین ہوئی اور یہہ مجھکو پکڑکر روما
مین لیجائیگا تو اوسنے ایک آدمیکو رشوت دی کہ مجھے ایک ٹوکرا انگورونکا لادی اور اوسکے نیچے ایک
سانپ کو اپنی چھاتی پر رکھکر مر گئی ہے۔ اوکٹیویس کل مصر کو فتح کرکے چنانچہ مصر روما کا ایک
صوبہ بنگیا اور یکم جنوری (۳۰ ق م) کو روما والون نے اوکٹیویس کو اگسٹس کہا یہ لام استقبال
کیا۔ سب مال اور خزانہ لیکر (۲۹ ق م) مین روما کو واپس آیا ✤

ص سانپ بھی ٹھالا جب ۱۱ ہ ۱۰ بات اوس سے

سولھوان باب سلطنت روم کے حالات اور جغرافیہ کے بیان مین

پہلی فصل یورپ کے ملکون کے احوال مین

عموماً روما کے سلطنت کی حدود اربعہ یہہ ہین - مغرب مین بحر ظلمات دریاے رائن اور دریاے ڈینوب یورپ مین - ایشیا مین دریاے فرات اور کوہ قاف [illegible] صحراے شام - اور افریقہ مین صحراے [illegible] کلان اسمین ممالک مفصلہ ذیل شامل تھے اول ہسپانیہ روما کے زمانہ مین [illegible] والی آئبیریا کہتے ہین - اسکے تین بڑے قدرتی حصہ یہہ تھے اول لوسیٹینیا [illegible] یا الٹیریر تیسرا ٹیرکونینسس یا سٹیریر - لوسیٹینیا مین دریاے [illegible] تھا - بیٹیکا دریاے بیٹس یعنے گوڈیل کیور سے موسوم ہوا تھا [illegible] مغرب مین دریا ایبرو دو غیر مساوی حصون پر تقسیم کرتا ہے [illegible] نام شہر [illegible] ہوا تھا - منورکا اور مجورکا اسکے خاص جزائر تھے ؀

فصل دوم جغرافیہ گال یعنے فرانس کے بیان مین

فرانس کی شمال و جنوب مین سمندر ہے اور مغرب [illegible] مشرق مین دریاے رائن اور وار - اسکے تین حصہ ہین - بیلجیا - اکوٹینیا اور [illegible] فرانس خاص مین یہہ قومین آباد تھین کوماٹی جو لمبے بال رکھتے تھے [illegible] پاجامہ پہنتے تھے تیسرے لوگاٹی وہ لوگ جو فراخ [illegible] پہنتے تھے - اکوٹینیا کی مین وسط مین دریاے گرونا بہتا [illegible] پرینیز ہے اور شمال مشرق مین دریاے لائر [illegible] اکثر سلٹک قومین جنمے مشہور ہلوٹیز [illegible] خاص شہر [illegible] اور بڑدیگلا یعنے بوردو ...... بلجیکا کے شمال اور مشرق مین [illegible]

اور مغرب مین دریاے ارار جنوب مین دریاے روڈینس (رون)

اسپین ہین اور ہلویشیا کے صوبے شامل تھے - مشہور شہر یہہ تھے ویسنٹیو ویرڈوم

انگیر بینیا یعنے کالاین - ارجنٹوریٹم جسے سٹراسبرگ کہتے ہین - فرانس کا مذہب برٹن

کیطرح ڈروئڈ یعنے بت پرست تہا ہیسریا ایسس کو خدا جانتے تہے اور شاہ بلوط کا درجہ

متبرک سمجہتے تہے خصوصاً اگر اس درخت پر مزلٹو یعنے عنبہل پائی جاوے تو اور بہی متبرک جانی تہے

اور اونکے رسومات بہت سخت تہین - آدمیونکو قربانی کرتے تہے اور بعضے دفعہ امیر بہی اپنے

آپ کو قربان کرنا چاہتے تہے - جب تک روما والے فرانس کو قبضہ مین نہین لائے تہے تب تک مندر

تعمیر نہین ہوئے تہے مگر اوسے پیشتر چہوٹے چہوٹے دیوتاؤنکی پرستش جاری ہو چکی تہی اور یہہ

سب قبیلے متفرق رہتی تہین مگر دشمن کے آنیکے وقت سب ایک جگہہ جمع ہو جاتی تہین - روما

والون نے اس ملک مین بہت سی ترقی کی اور بڑے بڑے مکانات بنوائے جنکی نشان اب تک بہی

باقی ہین - گال جیسی تہذیب روما کے عہد مین کسے اور ملک مین نہین پہیلی تہی چنانچہ سڑکین اور پل

اور عمارات تعمیر ہوئین اور آبپاشی کے لئے نہرین جاری کی گئین +

فصل سوم برٹن کلان کے جغرافیہ کے بیان مین

برٹن بہت سے جزائر کا نام ہے سب سے جزیرہ کلان کو البین کہتے تہے اوسکے جنوبی حصہ کو

انگلینڈ کہتے تہے اسکو پہلے پہل گال والون نے آباد کیا - مشرقی اور شمالی صوبجات جرمن کی

اولادون سے تہے اوس زمانہ مین ۲ اقوام رہتی تہین - ڈمنونای - ڈورو ٹراجز - وغیرہ جب

روما والے اول دفعہ جولیس قیصر کے عہد مین فتحیابی سے برٹن مین آئے تو اوس وقت لوگ آسودہ

اور مویشی والی تہے انکے مکان فرانس کیطور پر تہے اور کپڑے کم پہنتے تہے اور اپنے بدن پر

رنگ آمیزی کرتے تہے ہر ایک کا علیحدہ علیحدہ بادشاہ تہا مگر مصیبت کیوقت سب جمع ہو جاتے

تہے اور بڑی عمدہ مشہور عمارت سنگ کی ستون ہنج تہے جو ولٹشائر مین واقع ہے مذہب ڈروئڈ

کا سا کہتے تہے شہر لانڈینیم (لنڈن) اب تک بہت عمدہ مشہور شہر ہے +

اہالی انگلستان اسکو سٹونہنج کہتے ہین

فصل چہارم روما کی سلطنت کی شمالی صوبجات کی بیان میں

چونکہ سسلی اور اٹلی اور یونان اور مقدونیہ کا بیان ابواب گذشتہ مین ہوچکا ہے [illegible]
اون ملکون کا بیان کیا جاتا ہے جو دریاے ڈنیوب کے جنوب مین واقع ہین (۸) وینڈیلیشیا جسکے
شمال مین دریاے ڈنیوب مشرق مین دریاے ایس (ان) مغرب مین ہلویشیا (سوئزرلنڈ) جنوب
مین ریشیا واقع تہی - اسمین مشہور شہر تہی - اگسٹا وندلیکورم (اگس برگ) بریگنٹیا - دریا
اور لائیکس مشہور تہے (۹) ریشیا جسکے شمال مین وینڈلیشیا مشرق مین دریاے ایس جنوب
مین سلسلہ کوہ ایلپس مغرب مین لاکس وربانس (لاگو میگیوا) سے لاکس [illegible]
سٹینٹن) تک ہلویشیا (سوئزرلنڈ) واقع ہے - اسمین مشہور شہر [illegible]
ولڈینیا - (۱۰) نوریکم جو کسی زمانہ مین سلطنت کیطرح دریاے ڈنیوب [illegible]
واقع تہا - اسمین بڑا حصہ اسٹریا کا اور سالسبرگ [illegible]
اسمین نوریکم - جو ودم - لینشیا وغیرہ (۱۱) پنونیا جو [illegible]
کرواشیا - وندسک - اور اسٹریا کا حصہ واقع ہے [illegible]
ڈنیوب جنوب مین سیوس تہے - مشہور شہر اسکے سیشیا - ایمونا [illegible]
ٹارونم ایک مشہور قلعہ ہے (۱۲) میسیا جو [illegible] دریاے [illegible]
محدود تہا میسیا اعلے مین وہ ممالک شامل تہے جو آجکل [illegible]
قریبًا وہ ملک تہا جو آجکل بلگیریا کہلاتا ہے مشہور شہر [illegible]
(۱۳) ڈیشیا جسکی شمال مین مونٹس کارپتہای [illegible]
مشرق مین ہیراسس (پروتہہ) جنوب مین [illegible]
-مال ڈیویا - ولیکیا شامل تہے (۱۴) تہرس جو [illegible]
البیریکم اوس ملک کا نام تہا جو بحیرہ ادریاٹک کی شمال مشرق [illegible]
اور جو الپین ایلپس سے لیکر دریاے ڈرینس یعنے ڈنیوب [illegible] مشرق [illegible]

Marfat.com

سیوتک پہیلا ہوا تہا - اسکے مشہور شہر یہہ تہے - سلونا - اپی ڈورس - سکوڈرا -

فصل پنجم ایشیا اور افریقیہ کی صوبجات کے بیان مین

الی ٹوریا مین روما والون کی مفصلہ ذیل صوبجات تہی (۱) ایشیا یہہ نام روما والون نے اوسملک کا رکہا جو بحیرہ ایجیین کے مشرق مین پہلے پہل اونکی قبضہ مین آیا (۲) بہتنیا معہ پیفلی گونیا حصہ پونٹس کے (۳) سلیشیا معہ پسڈیا - جن ایام مین ایشیا کوچک روما والون کی تابع تہا اوسوقت وہان نہایت امن چین تہا - شام - فنشیا - کنعان - کماجین چونکہ انکی مختلف حصون کا بیان جو حکومت کے لئے تقسیم کی گئی تہی باسانی نہین ہو سکتا اسلئے مختصر طور پر ذکر کیا گیا ہے - آرمینیا اور مسوپوٹیمیا اگرچہ ٹراجن کے عہد مین فتح ہو گئی تہی اور عرب کا کچہہ حصہ بہی برائے نام اوسکا تابع ہو گیا تہا مگر اوسکے جانشینون کے عہد مین یہہ مقام اونکی ہاتہون سے نکل گئے (افریقیہ مین یہہ صوبے تہے) (۱) مصر جو ایکٹیم کی لڑائی کے بعد مفتوح ہوا (۲) سرینیکا جو مصر کی فتح کے بعد قبضہ مین آیا اس سلطنت مین کریٹ بہی شامل کیا گیا تہا (۳) نیومڈیا اور افریقیہ خاص جنکو اخیر مین جولیس نے فتح کیا (۴) مارٹینیا جسکا بادشاہ (۱۴ ق م) مین معزول ہوا تہا - روما والون نے ایشیا اور افریقیہ مین تجارت کی بڑہانے کی چندان ترقی اور کوشش نہین جسکا خاص باعث یہہ تہا کہ روما مشرقی سمندرون سے بہت دور واقع تہا +

فصل ششم روما کی خاص قومون کے بیان مین جو انکی حکومت کی حد پر رہتی تہین

جرمنی اوس ملک کو کہتے ہین جو دریا رائن اور ڈنیوب کی شمال مین واقع ہے - پولنڈ اور روس والو نکو سنتہیا کہتے تہی - قدیم جرمنی مین تین مشہور فرقہ رہتی تہے (۱) سمری اور سکسن جنکو رومی ٹیوٹن کہتے تہے (۲) چوٹے (۳) مارکومنائی - ایشیا مین روما کی سرحد پر کالیشس اور آرمینیا اور پارتہیا والے رہتے تہے - اور جنوب کیطرف عرب والے جنہون نے مصر کو فتح کیا تب ہندوستان اور اوسکی جزائر کا حال اونکو معلوم ہوا +

Marfat.com

فصل ہفتم شہر روما کے بیان میں

شہر روما کو پیلی ٹائن پر ابتدا مین مربع کیطور پر بنا ہوا تہا جہانسے اوسکا نام روما کوادریٹا مقرر ہوا
جب روما کی بنیاد قایم کی گئی تو پہلے ہل سے کوشش کی گئی تھی کہ پومیریم جو ایک متبرک جگہ شہرپناہ کے
باہر واقع تہی اور جسپر قانونکی روسے عمارت کا بنانا ممنوع تہا علیحدہ کیجاسکے پہلے ایک ہل جوت کر شہر کے
گرد ابنایا گیا جہان وہ ہل ٹہرا وہان دروازہ قایم ہوا جسکا نام لیٹن والو ... [illegible] شہر مین
ایک کوتوالی بنائی گئی - ٹارکوین اول کے عہد مین یہہ شہر سات پہاڑون پر بنا ... [illegible]
ونس پہاڑون پر بنایا گیا - پہر روما مین عالیشان عمارات تعمیر ہوئین چنانچہ وہ بڑی نہر ... [illegible]
سیراب ہوتا تہا اسیکے عہد مین بنائی گئی مگر سب سے عمدہ اہکو اگسٹس نے بنایا تہا جو فخر ... [illegible]
اینٹو لکا شہر لیا اور سنگ مرمر کا چہوڑا تقی کے دنون مین شہر روما کا محیط ... [illegible]
چارون طرف دیوارین بنی ہوئی تہین علاوہ اسکے روما کی اوسکانات بہی نہایت وسیع تھے - ... [illegible]
۳۰ دروازے تھے - بڑی مشہور عمارتین اس شہر مین یہہ تہین - اکہاڑے - کیپی ٹولا ... [illegible]
سنیٹ ہال - فورم (چوک) جہان عدالت کی قانون مرتب ہوتے تھے ایک اکہاڑے کا نام
سرکس میکسیمس تہا جسکو ٹارکوینس پرسکس نے تعمیر کیا تہا مگر بعد ازان یہہ مکان ... [illegible]
کہ اوسمین دو لاکہہ آدمی بیٹہہ سکتا تہا - اس مطلب کے لیے ویسپیشن کے عہد ... [illegible]
عمارت تعمیر ہوئی جسکے کہنڈرات کلوسیم کہلاتے ہین - تماشا گاہ ... [illegible]
بنوائے تھے کیپی ٹول کوہ سٹرپینا پر بنا ہوا تہا - جیوپیٹر کیپی ٹولینس ... [illegible]
کیا اور سیوی لیس نے ختم کیا روما والون کا قومی معبد سمجہا جاتا تہا ... [illegible]
کی لڑائی ہوئی تہی اوسوقت یہہ مندر زمین کے ساتہہ ملا یا گیا ... [illegible]
ویسپیشن اور ڈومیشن کے عہد مین یہہ مندر گرایا گیا لیکن ... [illegible] بنایا - کیپی ٹل ... [illegible]
بڑا قلعہ تہا لیکن منولیس کے عہد مین اسکی عوض کنوری نل قلعہ ... [illegible] ہوا - پیلاٹائن اور کیپی ٹولائن کے
پہاڑون کے درمیان فورم (چوک) بنا ہوا تہا اسکے گرد اگرد کئی مندر اور عدالت خانہ اور ... [illegible]

نما تہ واقع تہے اور انمین بڑی بڑے بہادرونکی تصویرین بنی ہوئی تہین - اسمین ایک جہیل جسکا نام کرٹیئن ہیباعث کودیرنے سوار کرٹیس کے مشہور ہوا تہا واقع تھی - فورم مین جینس کا نہایت عمدہ مندر ہو جو دوسرا پایست سے نیوما کے عہد مین بنا تہا آٹہہ سو برس مین یہہ تین دفعہ بند ہوا تہا - اسکے پاس ایک مندر موسومہ بہ کان کارڈ تہا اسمین سنٹ جمع ہوا کرتے تہے - اوسکے پاس وسٹا کا مندر تہا جسمین ہمیشہ آگ جلتی رہتی تہی - سنٹ ہال کوٹلس ہوسٹیلیس نے بنایا تہا - اسمین تمام فصحا و بلغا جمع ہوتے تہے اسکی قریب کمیٹیان ہوتی تہین اور تماشا گاہین اور حمام اسکی نزدیک بنی ہوئی تہے اور فوج کا ملاحظہ اور مردم شماری کمفس مارشیئس مین ہوتی تہی اور اسمین امیرونکی لڑکے بہی ورزش کرتے تہے مارکس اگریپا نے مارشیئس کی قریب پن تہین یعنے تمام دیوتاؤنکا مندر نہایت عالیشان عمارت سے جو ابتک موجود ہے تعمیر کیا - روما کی آبشار جسسے وہ سیراب ہوتا تہا عام عمارات سے کم درجہ پر نہ تہے - روما مین جب وہ اپنی عروج پر تہا ۴۲۰ مندر ۱۵ تماشا گاہ - ۲ نصف دائرے ۲ دائرے - ۱۶ حمام سنگ مرمر کے - شاہی محلون اور سرکاری مکانات اور ستون و دیگر عمارات کا تو کچھہ شمار ہی نہین تہا - انکے سوائے جو وقتاً فوقتاً شہنشاہ جدید فتحیابی کے محراب تعمیر کرتے رہے - سلطنت روما کی مختلف حصون خصوصاً اٹلی مین سڑکین بے اندازہ صرف کثیر سے بنی ہوئی تہین - انمین روبیان کی سڑک روما سے برنڈوسیم تک جو ۳۵۰ میل لنبی تہی سب سے عمدہ تھی و عمارت کی خوبصورتی مین روما ایتہنز کا رشک نہین کر سکتا تہا لیکن اور کامون مین اوس پر سبقت رکہتا تہا ✢

سترہوان باب روما کے بادشاہون کے بیان مین

فصل اول خاندان قیصریہ مین

(۳۰ ق - م) سے (۶۹ ب - م) تک

اکٹیم کی لڑائی کے بعد جب اوکٹیویس آگسٹس کا خطاب حاصل کرکے تخت نشین ہوا تو بہی اسکے فرزند و ... وہ پہلی دہہ اپنے عہدہ سے مستعفی ہونا چاہتا تہا مگر اگرپا اور میسی ناس کے مشورے

Marfat.com

بحال رہا چونکہ یہہ فوج کی مدد سے تخت نشین ہوا تہا اسلئے فوج کے ساتہہ محبت کرتا تہا اسکے پاس
۱۷ ارجمنٹین ممالک یورپ مین تہین ۸ دریائے رائن پر ۴ ڈنیوب پر ۳ ہسپانیہ مین [illegible]
اور مقدونیہ مین اور انکے علاوہ ۸ ایشیا اور افریقہ مین تہین کل فوج اسکی ایک لاکہہ ستر ہزار تہی دس ہزار
سپاہ روم مین رہتی تہی - ۲ جہازی بیڑے تہے ایک روینا پر دوسرا میزینم پر - سلطنت کی
آمدنی ۴ لاکہہ سٹرلنگ تہے مگر بہت روپیہ مکانات کی آراستگی پر خرچ ہوتا تہا اسیوقت ہسپانیہ اور
گال مین غدر ہوگیا تہا اسلئے بادشاہ کو کوہ ایلپس اور پیری نیز پہاڑ اور دریا [illegible] اور
اور کنیبڑی والونکو فتح کیا اس ملک مین بہت سی شہر مضبوط بنائے اور جب بادشاہ [illegible]
بیماری کے مقام کر رہا تہا تو سنتہیا اور ہندوستان - اور [illegible]
سے ایلچی آئے - جب بیماری سے اچہا ہوا تو [illegible]
لئے اپنی مشرقی سلطنت مین دورا کیا - اور جب [illegible] مین واپس آیا تو [illegible]
ٹیبیریس اور ڈروسس نیرو اپنے لڑکون کو ان [illegible]
وندیلی ایشیا - رشیا اور نارکم کو فتح کیا - مگر [illegible]
ختم ہوا تو آگسٹس اعظم چاہتا تہا کہ [illegible]
لڑکا جو اوسکا جانشین ہونیوالا تہا [illegible]
کہلاتے تہے اسلئے اوگون نے اسکے منت کی [illegible]
اپنے لڑکی جولیا کی بدچلنی سے اوٹہائی اور روم مین اوسکی خبر پہونچی [illegible]
جلا وطن کردیا اور بعضونکو مروا ڈالا - جب کل سلطنت مین امن ہوا [illegible]
شماری ہو - اور جینس کا مندر بند کیا جاوے [illegible]
اور اسوقت جرمنی والون نے سرکشی کی چونکہ [illegible]
آرمینیس قوم کیٹی کے شاہزادہ نے تمام ہموطنون کو اپنے ساتہہ [illegible]
رومانے شکست دی جسکے [illegible]

Marfat.com

سنہ ۱۲ء مین مقام نولا پہ صوبہ کمپنیا مین واقع ہے اوسے غم سے دفعۃً مرگیا۔ اکثر لوگ یہہ کہتے تہے
کہ اسکی بیوی لویا نے انجیر مین زہر ملا کر دیدیا۔ اس امید پر کہ ٹایبیرس اسکا بیٹا تخت نشین ہو اور جب
ٹلبیریس کلاڈیس نیرو بادشاہ بنا تو اسنے اپنا نام آگسٹس ٹایبیرس سیزر رکہا اور جب تخت نشین ہوا
تو اسنے اگریپا کو مروا ڈالا۔ اور اوسنے کوشش کی کہ جرمینی کس کو کہ جسکو آگسٹس بادشاہ بنانا چاہتا
تہا دوست کر لیوے جرمنی کی فوج نے اس ارادہ سے غدر کیا کہ جرمینی کسنکو بادشاہ بناوین مگر
اسبات سے ٹایبیرس بڑا غصہ ہوا اور ارادہ کیا کہ اس کو ضرور قتل کرنا چاہیے جب جرمینی کس نے جرمنی
مین فتحین پائین تو ٹایبرس نے اسکو ایک بہانہ سے روم مین واپس بلایا اور ٹایبیرس یہہ چاہتا
تہا۔ کہ اس کو بالکل برطرف کردے مگر اسکی حلیمی اور نیک چلنی سے ڈر کر اسکو مشرق کیطرف
حاکم بنا کر بہیجدیا اور اوسوقت اسکے بیوی ملیان سینیا اور پائیسو کو بہی سدیا مین بہیجدیا اور
انکو یہہ سکہلادیا کہ جو کام جرمینی کس کریگا تمنے اوسکے برخلاف کرنا انہون اس بری حکم کے
پیروی کی۔ چنانچہ جرمینی کس نے انکی ہاتہہ سے بڑا رنج اوٹہایا جسنے وہ بیمار ہوکر ۱۹ء مین مرگیا
اور اوسکی بیوی اوسکے لاش کو روما مین لیگئی اگرچہ وہ دلسے خوشی تہی مگر لوگونکے خوشی کا لباس
چہوڑ کر ماتم کا لباس پہنا ٹایبیرس۔ اپنے راج کے شروع مین اگوسٹس کی طرح
مہربانی کرنی لگا مگر پہر وہ جلدی بیرحیم ہوگیا اور بہت سی امیرونکو غدر کے بہانہ سے قتل کیا۔
بادشاہ کا وزیر اوس سے بہی بدمزاج تہا اور کہتے ہین کہ اسنے بادشاہ کی لڑکے ڈروسس کو
مروا ڈالا۔ اور اسنے جرمینی کس کی بیوی اور اسکی لڑکون کو مارنے کی کوشش کی بڑی تجویز اسکی
کامیابی کی یہہ تہی۔ کہ بادشاہ کو اسنے روم سے یہہ صلاح دیکر دور کیا کہ اگر کمپنیا مین جلا جائیگا
تو وہان اپنے بری خواہشون کو پورا کریگا۔ بادشاہ جزیرہ کپری مین جا رہا اور وہان ہر ایک
قسم کی خرابی کرنے لگا اور اسکا وزیر روما مین امراء کو قتل کرنے لگا مگر ٹایبیرس کو جلدی سوجہہ گئی
کہ اسکا وزیر اسکے برخلاف تہا اور یہہ بہی خبر اسکو ملی کہ وہ میری تخت کے اوتارنے پر ساعی
ہے بادشاہ نے پہلے کچہہ اختیارات اس سے چہین لئے اور جب دیکہا کہ لوگ اس سے

Marfat.com

خوش ہوتے ہین فوراً وزیر کے قتل کا حکم بہیجا - اور لیا اسکی دولت [illegible]
ایک اوسکے لڑکے اگرچہ بیگناہ تہے قتل ہوئے اور ٹائبیریس کی بہی [illegible]
گنا ہو گئی - اور جبکہ کوئی وزیر اسیر ہوتا تہا اوسیوقت قتل کیا جاتا تہا [illegible]
مختار تہے مگر اسکے برائیونکو نہ روک سکے - اور آخر اسکے برائیون کا بہت [illegible]
اور اپنی بیماریون کو چہپانے لگا تاکہ اسکا عیب نا ظاہر ہووے - مگر جب دیکہا کہ اسکی موت
نزدیک ہی تو اوسنے اپنی سلطنت اپنے [illegible] کے نام کر دی جب [illegible]
مین مرگیا - اسکی عہد سلطنت سنہ [illegible] مطابق [illegible] جب کیس ملقب [illegible]
تخت نشین ہوا - تو لوگون کو بڑی خوشی ہوئی - اول [illegible] شاہی اسیرون کو رہا کر دیا -
اور بدمعاشون اور ظالمون کو موقوف کر دیا - ان کامون سے اسکی بڑی شہرت
ہوئی - مگر وہ بہت جلدی بیمار ہوگیا - جسسے کل شہر مین اسکی بیماری کا افسوس ہوا [illegible]
آدمی ہر ایک مندر مین اسکے لئے قربانی گذرانتا تہا - چونکہ اسکے دماغ مین بیماری سے خلل آگیا
تہا اسلئے جیسا وہ خدا ترس تہا ویسا ہی بیرحم ہوگیا - اول اول اپنے بیٹے [illegible] کو مروا ڈالا
اور قیدیون کو جنگلی جانورون کے آگے ڈلوا دیا وہ اسقدر سخت ہوگیا کہ مارنے سے راضی نہ
ہوتا تہا بلکہ لوگون کو اپنے سامنے تڑپتے ہوئی دیکہکر خوش ہوتا تہا اور جب دیکہا کہ
میری خرابیون کو کوئی نہین روکتا تو خدا کہلانے لگا - اور ایک مندر اپنی پرستش کے
لئے بنوایا اور بذات خود بیوقوفی سے جرمن والون پر حملہ آور ہوا اور بڑی حماقت کی بات
تہی کہ اپنے گہوڑے کو اپنے ساتہ کہلاتا تہا اور کونسل کا خطاب اوسکو دیا آخر کار [illegible]
ایک کپتان [illegible] مین اوسکو قتل کرکے اوسکے لڑکون کو بہی قتل [illegible]

کلاڈیس جو [illegible] کا بہائی تخت نشین ہوا یہ بہی دیوانہ تہا - پہلے پہلے اوسنے ان لوگونکو
قتل کیا جو کیلیگولا کے برخلاف تہے اگرچہ یہہ بزدل تہا تو بہی برٹانیہ مین لڑنے کے لئے گیا
چونکہ یہہ عورت کا بہت مطیع تہا اسلئے اوسکے کہنے سے کئی آدمیون کو قتل کر دیا اور اوسکی

Marfat.com

عورت بد معاش نے بہت سا روپیہ اپنے یارون کو کہلا دیا آخرکار اوسنے سیلیس کے
ساتہہ بادشاہ کی زندگی مین شادی کرلی تب بادشاہ نے دونکو مروا دیا - اوسکی بعد اپنے
اگریپیا اپنا سے شادی کی جس سے ایک لڑکا پیدا ہوا جو کہ تاریخ مین بنام نیرو مشہور ہے
اگریپیا اپنا بادشاہ پر ایسی غالب تہی کہ اوسکی ساتہہ سنٹ مین جاتی تہے اور باقی کامون
مین بہی اوسکی تخت نشین ہوتی آخرکار اوس سے یہہ اقرار لیا کہ نیرو تخت نشین ہو
پہر اگریپیا نے ایک بادشاہی حکیم سے بادشاہ کو زہر دلوا دیا اور لشکر کے سپہ سالار سی ملکر جب تک
اسکے بیٹے نے کل ریاست پر قبضہ نہ کرلیا تب تک اوسکی موت کا اظہار نہ کیا - اسکے بعد
نیرو کلاڈیس ۱۷ سال کے عرصہ مین ۵۴ء مین تخت نشین ہوا - اور یہہ وہ یہہ سمجہتا تہا
کہ بادشاہت کو ذریعہ سی اپنی خواہشون کو پورا کرونگا لیکن وہ اپنی والدہ کے ہاتہہ سی تنگ
ہوگیا - اور جب اگریپیا نے دیکہا کہ مجہسے مستغنی ہے تو اوسنے کہا کہ مین تمہاری دوسرے بہائی
کو تخت پر بٹہا دونگی - اس بات کو سنتے ہی اوسنے اوسکو مروا ڈالا - ایک بدکار عورت پوپا
سیبا نیا جو اپنے خاوند کو چہوڑکر بادشاہ کی ساتہہ رہتی تھی اور اوسی سے بڑی بڑی گناہ کرواتی تہی اوسکو
ترغیب دی کہ جب تک تیری مان جیتی ہے تب تک مین تیری پہلی بیوی اکٹویا کو دور
کرسکتی ہون اور نہ تیری ساتہہ بادشاہی کرسکتی ہون پس ہر روز اوسکو اوسکی مان کی قتل کی ترغیب
دیتی رہی - نیرو کا ہی یہہ منشا تہا مگر وہ روما کی لوگون سی جو سبب جرمینی کس کے اوسکی بڑی عزت
کرتے تہے خوف کہاتا تہا جب وہ اوسکو مخفی نہ قتل کرسکا تو اوسنے ایک فوج بہیجکر گہر مین سوتے ہوئے
قتل کروا دیا - ایک عذر نامہ سینیکا سے لکہوا کر چہپوا دیا جسمین اپنے مان کی قتل کا سبب
لکہا تہا - اسوقت برس سپہ سالار بہی مرگیا - معلوم نہین کہ موت سی مرا یا زہر سی پس اسکے
بہت خرابیون مین پڑگیا - اوسکے بعد ٹیجی لینس کو سپہ سالار اور وزیر مقرر کیا - سینیکا کو
سبکدوش کروا دیا اور اکٹویا کو طلاق دیدیا اور سیبا نیا سے ظاہرا شادی کرلی - اٹلی کا دورہ کرکے
جب روما مین واپس آیا تو ایک بڑی آتش شہر کو لگ گئی جو کہ ۹ روز تک برابر رہی لوگون کو

Marfat.com

یقین تھا کہ نیرو نے لگائی ہے۔ کیونکہ مکانات کے جلنے کی جگہہ میں [illegible]
بنوایا۔ اور آگ لگانا عیسائیوں کے ذمہ لگا کر اونکو سخت بیرحمی سے قتل کرنا شروع کیا۔ بادشاہ [illegible]
عیش اور فضول خرچی اور شہر کی آراستگی سے کل خزانہ برباد کیا [illegible] کل بادشاہت [illegible]
ہوگئی۔ آخرکار [illegible] کے ساتھ لوگوں نے اوسکی مارنیکی تجویز کی [illegible] یہہ بات کھلی [illegible]
بادشاہ نے سینیکا اور [illegible] لوکن اور [illegible] وغیرہ کو مروا دیا اور [illegible]
اولمپک کے میلہ پر نیرو نے اپنا [illegible] راگ رنگ دکھانیکا ارادہ کیا [illegible] یونان کیطرف [illegible]
خوشامد کرنیوالوں نے اوسکی تعریف کی۔ اسوقت ایک [illegible] میں شروع
جسمیں یہودی برباد ہوگئے۔ [illegible] کا حاکم [illegible] یروشلم کے محاصرہ میں جب کامیاب نہ
تو یہہ لڑائی ویسپاسین کے سپرد ہوئی۔ جب بادشاہ روما میں واپس آیا تو اوسوقت [illegible]
سرکشی ہوئی اول اول جولیس ونڈکس فرانس کے حاکم نے جھنڈا سرکشی کا کھڑا کیا۔ ہسپانیہ میں
[illegible] گالبا کو بادشاہ بنا لیا اور اوتھو اوسکا مددگار مقرر ہوا۔ ورجینیس نے ونڈکس کو شکست
دی لیکن گالبا مغلوب نہوا۔ جب امراء اور وزراء نے بادشاہ کو چھوڑ دیا تو وہ روما سے بھاگ گیا
اور سنہ [illegible] میں قتل ہوا۔ اسکے سلطنت میں مختلف صوبوں میں اکثر سرکشیاں ہوتی تہیں [illegible]
برٹن کی ملکہ بھی سرکش ہوئی اور بہت رومیوں اور اونکے دوستوں کو قتل کیا۔ سوٹونیس پالینس
اس سرکشی کو دبایا۔ اور جزیرہ انگلسی کو قبضہ میں لایا۔ [illegible] کا خاندان قیصریہ ختم ہوا

دوسری فصل جولین کے برباد ہونے سے فلیوین کی خاندان تک [illegible]

نیرو کی وفات کے بعد سرویس سلپی سس گالبا مقرر ہوا یہہ [illegible] خاندان [illegible]
سال کا تھا۔ [illegible] نے اوسکی [illegible] کے سبب [illegible]
بدنامی حاصل کی تھی اسلئے سپاہ نے اوسکو قتل کیا۔ گالبا [illegible] اول رحمدل تھا مگر اوسنے تخت پر
بیٹھتے ہی ظلم کرنا اور لوگوں کو لوٹنا شروع کیا۔ اسکے [illegible] سلطنت [illegible] سرکش [illegible]

گالبا نے پیسو پائیسو کو جسنے اوتہو کو بہت دق کیا تہا اپنا ولیعہد مقرر کیا جسسے اوتہو بہت خفا ہوا
اور اسیواسطے وہ سپاہ کو اپنے قابو مین کر کے بادشاہ بن گیا اسلئے اونکی مابین بری لڑائی ہوئی
جسمین گالبا سنہ ٦٩ء مین مارا گیا اور پائیسو بہی مقتول ہوا اور اوتہو بادشاہ ہوگیا یہ بادشاہ سپاہی
کے ساتہ ملکر بڑی عیش وعشرت مین مشغول ہوا اسی اثنا مین اوسنے جلد ہی معلوم کیا کہ وتیلیس جرمنی کا
حاکم سلطنت کا دعوی کرنیکا چنانچہ ویلنس اور کیسینا اوسکے بڑی مدد لیکر اٹلی مین آگئے اور مقام
بیڈریکم پر جو دریا پو کے کنارہ پر واقع ہے بڑی لڑائی ہوئی جسمین جرمنی کا حاکم بباعث بہاگ جانے
اوتہو کی فوج کے فتحیاب ہوا - اوتہو نے صرف تین ماہ سلطنت کرنیکے بعد اپنے آپ کو خفیہ مار ڈالا —
اسکے بعد وتیلیس سپہ سالار بادشاہ ہوا اسنے سلطنت مین اپنے عیاش دوستونکو دیکہکر عیش
اختیار کی اور ۹۰ لاکہہ روپیہ ۴ ماہ مین صرف کیا - جب یہہ روما مین عیش مین مشغول تہا تو ویسپیشن
یہودیا مین فوج کشی کر رہا تہا اور وہان کی فوج کے حمایتسے یہانکا حاکم بننا چاہا اور اوسکو لوگ
بہی چاہتے تہے چنانچہ جب وہ روما کیطرف جاتا تہا تو الیریکم اور مینونیا والے اسکو آملے اسلئے کل
صوبے اوسکی مدد کو آئے اور اب سوائے افریقہ کے وتیلیس کے پاس کوئی صوبہ باقی نہ رہا —
پریمس اور وارس جو الیریکم کی فوج کے سردار تہے دیرنا پر قابض ہوگئے پریمس نے وتیلیس
کی امدادی فوج کو کریمونا کے پاس ملکر اوسکو تباہ کردیا اور کریمونہ طوفان کے سبب ہاتہ آیا
جب ہر طرفسے یہہ خبر آتی تہی تو بادشاہ کو یقین نہین آتا تہا جب یہہ خبر پختہ ہوگئی تو گہبراکر
لڑائی کا سامان کیا مگر فوج اور رعایا نے اوسکو چہوڑ دیا - جب دیکہا کہ فوج اور سنٹ اوسکو
مدد نہین کرتے تو آخر کو بادشاہت چہوڑدی اور سنہ ٦٩ء مین مرگیا اور اسکا بہائی لوشیس و
ٹیلیس بہی مارا گیا - جب وسپیشن روما مین پہونچا تو روما مین بڑی خوشی ہوئی اور تمام
طرف امن ہوگیا پہلے اوسنے فوج کی درستی وغیرہ کی اور اوسکی بعد سنٹ کی اختیارات کو درست
کیا اور کار عدالت مین بہی عمدہ انتظام کیا - وسپیشن کی خوبیون اور نیکیون کے باعث روما
مین ترقی ہوئی - اسکی عہد مین یہودیون کی لڑائی ختم ہوئی - اور یروشیلم کی دیوارین اور اوسکا

ہیکل منہدم کیا گیا اور سیوقت سے یہودی تمام روی زمین پر تتر بتر ہوئے اور فرانس و جرمنی مین
بیٹیوین کی لڑائی جسکا روما والونکو بہی اندیشہ تہا ختم ہوئی اور برٹانیہ کیطرف
اور جزیرہ انگلسی کے فتح کرنیکے لئے روانہ کیا گیا - اوسنے جاکر جزیرہ انگلسی کو فتح کیا - اور برٹن والونکو
روما کے طریقے اور اداب وغیرہ سکہائے اور رسومات قبیحہ کو دور کیا مگر ساتہہ اسکی عیاشی بہی ہو گیا
اگرچہ روما والون نے کلیڈونیا والونپر حملہ کرکے اونکو شکست بہی دی مگر برٹانیہ کی شمالی حصہ کو بہی
فتح نہ کر سکے - آخرالامر وسپیشین کو بہی تخت سے اوتار دینے کی تجویز ہوئی مگر اوسنے اونکو گرفتار کرکے
خوب سزا دی لیکن آخرکار بیمار ہو کر ۷۰ سال کی عمر مین ۷۹ء مین مر گیا - اسکے بعد اوسکا بیٹا
ٹائیٹس تخت نشین ہوا اوسنے اپنی بیوی بیری نس کو جو یہودیہ کے بادشاہ اگرپا کی بیٹی تہی طلاق
دیدیا کیونکہ اوسنے یہہ سمجہا کہ اس باہر کی شادی سے لوگ اور سنیٹ ناراض ہوتے ہین -
یہہ بادشاہ بہت نیک نیت اور رحم دل تہا اور جاسوسون اور مخبرون کو بہی سزا دیتا تہا
اسکی سنہ جلوس کی اول سال مین کوہ وسوئیس کوہ آتش فشان سے ایک ایسا شعلہ پیدا ہوا جسکے
باعث سے شہر ہرکیولینیم اور پومپی برباد ہوگئے اور کیا زنانہ بہی تباہ ہوگیا - اسکے بعد روما مین
تین روز تک آگ لگی رہی جس سے مکانات جلکر خاکستر ہوگئے - ٹائیٹس ۸۱ء مین مر گیا چنانچہ کل
سلطنت مین ماتم ہوگیا - اسکے بعد اسکا بہائی **ڈومیشین** تخت نشین ہوا یہہ بڑی
اور عیاشی اور بزدلی مین بہت مشہور تہا - مگر تیر انداز اسقدر عمدہ تہا کہ دو انگلیون مین تیر نکالتا تہا -
اپنے امرا اور وزرا کو بہت انعامات دیئے اور یہہ حکم دیا کہ کوئی خون نہ کیا جاوے یہانتک
کہ بیل وغیرہ کی قربانی کو بہی منع کر دیا اور سپاہ کی تنخواہ بڑہا دی اور ٹائیٹس
ختم کیا - دوسرے سال جرمنی والونکی کیٹائی فرقہ کے ساتہہ لڑائی ہوئی
گیا مگر ناامید ہوکر چند دہقانون کو قید کر لیا اور کہا کہ فتح کر آیا ہون تب یہہ سنیٹ نے اوسکو خوشی
سے شہر مین داخل ہونیکی اجازت دیدی - چونکہ اصل بات چہپی نہین رہتی اور اوسکی فتح کی ایگری
کولا کی فتوحات کے آگے کچھ قدر نہ ہوئی اسلئے اوسنے ایگری کولا کو برٹانیہ سے واپس بولا لیا -

اور ظلم پر کمر باندھکر ہر ایک شخص کو قتل کرنے لگا اور خوشامدی بہر آظاہر ہوئی اور تہوڑی سی بات پر آدمی قتل ہوتے تہے - اور جب لوگ اوسکو وحشی سمجھنے لگے تو اپنے آپ کو خدا کہلانے لگا - دسی بلس کے ماتحت ڈیسی سائی اور گیٹی نے رومیوں پر حملہ کرکے اونکو دو لڑائیوں میں میں شکست دی - ڈومیشین خود کو آڈای اور مارکومنائی کی ساتہ لڑنے گیا مگر شکست کہا کر واپس آیا اور سالیانہ خراج دینی کا ارادہ کیا - ڈومیشین کے ظلم سے تنگ آکر لوشس انٹونیس حاکم جرمنی اعلے نے بغاوت اختیار کی مگر شکست کہا کر مارا گیا جس سی بادشاہ اور بہی ظالم ہو گیا اور حکم کیا کہ حکما رفلاسفہ کو نکالدو اور علوم وفنون نہ سکہلائے جاویں - اوسنی عیسائیوں کو بسبب پرستش نکرنے اوسکی بت کی سنہ ۹۵ء میں قتل کرنا شروع کیا - ڈومیشین کی یہہ عادت تہی کہ جنکو قتل کرنا چاہتا تہا اونکا اول نام رجسٹر میں درج کرتا تہا - ایکدفعہ کسی لڑکے نے ایک کاغذ جسکا اوسکی جیب سے نکالکر اوسکی بیوی ڈومیشیا کو دیدیا - اوسکی بیوی دیکہتے ہی حیران ہو گئی کیونکہ اوسمیں اوسکا اور دیگر امرا کا نام درج تہا اسلئے سنہ ۹۶ء میں اونہوں فوج کے ساتہ صلاح کرکے اوسکو بستر سے پر لاٹیوں سے مارڈالا - اسکے زمانہ حکومت میں ایک بڑا حکیم جسکا نام اپولونیس ٹائینیس تہا جو بہت سختی سے اپنی زندگی کو پورا کرتا تہا اسواسطے وہ بہت مشہور ہو گیا تہا کہ اونی ایک نیا مذہب جاری کیا تہا جو کہ اوسکے مرنیکے بعد جاتا رہا اور تہوڑی کورس (فیثاغورث) کیطرح بہت دور تک سفر کیا +

تیسری فصل خاندان فلیوین کی بربادہونے سی انٹونائن کی بربادی تک سنہ ۹۶ء سے ۱۹۲ء تک

ڈومیشین جو کہ دوازدہم قیصر تہا اسکے بعد مارکس کوشیئس نروا بادشاہ مقرر ہوا - یہہ امبریا کی صوبہ نارینا کا باشندہ تہا اور اسکا خاندان جزیرہ کینڈیا یا کریٹ سی آیا تہا اور اجنبی پہلا شخص تہا جو بادشاہ ہوا - ۶۶ برس کی عمر میں تخت نشین ہوا اگرچہ ضعیف تہا لیکن ملک کی انتظام میں بڑی کوشش کرتا تہا اسنے غمازوں اور ظالموں کو خوب سزا دی اور محصولات کم کردئی اسمیں یہہ عیب تہا کہ وہ رحم دل تہا جس سبب سے امرا اپنی عیش میں مشغول ومصروف رہا اور وقت

Marfat.com

پریٹورین شاہی گاردونے سرکشی کرکے اون اشخاص کو قتل کیا جو کہ ڈومیشین کی موت کا بدلا لینا چاہتے تھے۔ نروا نے جب یہ کہا کہ بباعث ضعیفی کے میری حمایت کی جاتی ہے تو اوسنے الیس ٹریجن کو جو اوس زمانہ مین بڑا لایق آدمی تہا اپنا ولیعہد مقرر کیا۔ اس تقرری کی خبر سے لوگ اور سنٹ بہت خوش ہوئے اور فوج بہی درست ہو گئی تہوڑے عرصہ کے بعد نروا بعارضہ بخار کے ۱۶ ماہ کی سلطنت کے بعد ۹۸ء مین مرگیا۔ لوگون نے اوسکو دیوتا سمجہا اور ٹریجن نے اوسکی یادگار کے لئے روما اور دیگر صوبجات مین مندر عالیشان بنوائی۔ ٹریجن ہسپانیہ کا باشندہ تہا۔ اور اوسکا خاندان شاہی خاندان سے کچہہ تعلق رکہتا تہا۔ اور وہ بڑا ذی رعب اور جید حاکم اور سپہ سالار تہا اور کل عیوب سے بغیر مے نوشی کے معرا تہا۔ پہلے اوسنے جرم [illegible] بند کرنے کی بابت کوشش کی۔ اور قوانین قدیم جہانتک کہ بادشاہت سلطنت کے ساتہ بحال ہو سکے پہر جاری کئے۔ اور خود قسم اوٹہائی کہ مین قانون کے مطابق چلونگا۔ اور جو قانون سنٹ کے انتخاب کے لئے مقرر تہا اوسکو پہر جاری کیا۔ اور سنٹ اور مجسٹریٹون کو گفتگو وغیرہ کی آزادی دی۔ اور ڈسی بالس نے وہ خراج جو ڈومیشین نے ادا کیا ہوا تہا طلب کیا۔ ٹریجن نے انکار کیا اور فوج جمع کرکے اوس سے لڑنے کو روانہ ہوا۔ وہ بہی دریائے ڈینوب کے پار ہوا۔ کئی دن لڑائی ہوئی آخر رومیون کو فتح حاصل ہوئی مگر طرفین سے اسقدر مقتول و مجروح ہوئے کہ زخم کے باندہنے کے لئے کپڑا بہی موجود نہ تہا۔ پس بادشاہ نے ڈسی بالس کو تعاقب کرکے اوسکو مطیع کیا۔ کچہہ عرصہ کے بعد ڈسی بالس پہر فوج جمع کرکے آیا مگر ٹریجن دریائے ڈینوب پر پتہرونکی پل بنواکر ڈسی بالس کے ملک مین جا گہسا اور ۱۰۶ء مین اوسکے ملک کو فتح کیا۔ ڈسی بالس نے مایوس ہوکر خودکشی کی اور رومیون کی حکومت وہان قائم ہو گئی

مین سریا کے حاکم نے عربستان کو فتح کیا ان فتوحات کے سبب سے ٹریجن کا حوصلہ بڑہ گیا اسواسطے اوسنے پارتہین سے لڑنے کا قصد کیا۔ آرمینیا کو فتح کرکے وہانسے عراق عرب کو جاکر دریائے دجلہ پر پل بنوائی اور پرانی شام کو فتح کیا اور پارتہین کے شہر سلوکیا اور

ٹیسی فون (مدائن) کو فتح کیا اور وہان بڑہ کر خلیج فارس مین رومیون کا جہنڈا گاڑکر کے وہان سے
جنوبی عربستان کو چلا گیا۔ اوسکا ارادہ تہا کہ ہندوستان کو جاوے مگر رستہ کی مصائب سے آگے
نہ بڑہا۔ لیکن اوسکو ان فتوحات سے کچہہ فائدہ مرتب ہوا کیونکہ جب بادشاہ وہانسے لوٹا تو اقوام
مفتوحہ نے سرکشی کرکے رومائی سپاہ کو مار ڈالا۔ یہودیون نے جہوٹے نبیون کی ترغیب سے ان
تمام صوبون مین جہان کہ وہ آباد تہے جہنڈا بغاوت کا کہڑا کیا مگر بادشاہ نے سبکو فتح کرکے
سخت سزا دی۔ جب بادشاہ اپنے ملکون کو پہر حاصل کرنیکی تیاری کر رہا تہا تو رعشہ اور استسقا
کی بیماری نے اوسکو آگہیرا اسلیئے وہ اٹلی کو روانہ ہوا مگر ابہی وہ سلیشیا ہی کے مقام سلینس پر
پہونچا تہا کہ بیماری نے بہت زور کیا پس ۱۱۷ء مین ۲۰ سال کی سلطنت کے بعد مر گیا۔ اوسکی لاش
وہانسے روما مین لاکر عزت سے دفن کی گئی اس بادشاہ مین صرف یہہ عیب تہا کہ اوسنے عیسائیونکو
تکلیف دی۔ اوسکے بعد اوسکا بہتیجا ایڈرین بادشاہ مقرر ہوا یہہ بادشاہ صلح جو تہا چنانچہ جو ملک
اسکے بزرگون نے ایشیا اور یورپ مین فتح کیئے تہے چہوڑ دیئے اور دریائے ڈنیوب اور دجلہ کی پلونکو
کو توڑ ڈالا۔ جب روما مین واپس آیا تو سپاہ اور محصول کو کم کر دیا۔ اور یہودیون اور عیسائیون کو
نہایت بیرحمی سے ستاتا تہا اور غمازی سنتا تہا اوسنے کل بادشاہت کا دورہ شروع کیا وہ
فرانس اور جرمنی اور برٹن مین گیا۔ برٹن والے اب شائستگی مین ترقی کرتے تہے مگر وحشی کلیڈونیا
والونسے لڑنیکے قابل نہ تہے اسلیئے وہان دریائے ایڈن سے دریائے ٹائن تک دیوار بنوائی جو کہ اہل
روما کی پہلی دیوار ہے۔ دو دفعہ ایشیا مین گیا اور حکم دیا کہ اورشیلم مین ایک رومائی نوآبادی
بنائی جاوے اور اوسکا نام ایلیا کیپوٹولائن کہا جاوے جب ۱۳۱ء مین اس نوآبادی کے باعث
سے شہر مین بت پرستی پہیل گئی تو یہودیون نے سرکشی کی اور ۳ سال تک بڑی سخت لڑائی ہوکر
جب تین بڑی خونریزی کے بعد یہودیون کو شکست فاحش ہوئی۔ جب ایڈرین مشرق مین
تہا تو سرونیس جولین ایک مشہور مقنن نے قوانین کی ایک کتاب بنائی جسکے سبب سے اصول قانون

[illegible]

کرکے بہت سی عمارتین جو ناتمام تہین اونکو پورا کیا اور کئی نئی بنوائین - اوسکی یادگار مین ایک [illegible] بنایا
گیا تہا اور اوسپر یہہ لکہا ہوا تہا کہ یہہ اوس شخص کی یادگار ہے جسنے دنیا مین [illegible]
جب وہ روم سے روما مین واپس آیا تو بیمار پڑ گیا - اور کموڈس ویرس کو اپنی جگہہ کے لیے مقرر کیا -
مگر پہر اس بات کو اوس سے ہٹا لیا کیونکہ ویرس بڑا عیاش تہا اور لوگ اوسکے برتاؤ سے
بہت تنگ آگئے تہے اسلیئے ایڈرین نے ویرس کی وفات کے بعد ٹائیٹس انٹونائنس کو اپنی جگہہ
اس شرط پر مقرر کیا کہ مارکس آریلیس اور ویرس جو کہ پہلے منتخب کا بیٹا تہا انکو اپنا جانشین مقرر کرے
اور خود وہان سے آب ہوا کی تبدیلی کے لیے مقام بائی کو گیا - اور وہان ۱۳۸ء مین مر گیا - اور
اوسکے بعد انٹونائنس تخت نشین ہوا اوسنے اپنی لڑکی فاسٹینا کی شادی مارکس آریلیس سے کی
اور سنٹ سے اوسکو پروکونسل کا خطاب دلوایا اور اوسکو بادشاہت مین شریک کیا [illegible]
جو کہ نہایت بد تہذیب تہے ہوئے تہا - رومی تواریخ مین اس بادشاہ کی سلطنت سب سے [illegible]
اور امن مین رہی اوسنے عیسائیون کو تکلیف دینا گوارا نہ سمجہکر [illegible]
ستایا جب گا جسکا نام بائبل خدا پرست ہو گیا - اور دور ملکون کے بادشاہ [illegible]
کرتے تہے اور غیر ملکون کے لوگ اوسکو منصف مقرر کرتے تہے اور کئی جہگڑون مین فیصلے [illegible]
روپیہ خرچ کرنے کی جگہہ مدارس اور مندر اور منڈیون کے بنانے مین خرچ کیا - سال [illegible]
کے بعد ۱۶۱ء مین بعارضہ بخار مر گیا اوسکے وقت مین کوئی لڑائی نہین ہوئی - رومی لوگ
اس عمدہ بادشاہ کو بڑی عزت کے ساتہہ یاد کرتے ہین - تئیس برس تک [illegible]
تہا وہ اپنی شہرت کے لیئے یہہ ضرور سمجہتا تہا کہ اپنے علم کے ساتہہ اس [illegible]
اسکے بعد مارکس آریلیس تخت پر بیٹہا - اور لوشس ویرس [illegible]
اسکے ساتہہ آریلیس نے اپنی لڑکی کی شادی کر دی اور آریلیس نے [illegible] کے خلاف لڑنے
کے لیئے ویرس کو سپہ سالار مقرر کرکے بہیجا - ویرس وہان جاتا ہی عیاشی مین پڑ گیا - اور اپنی
فوج نائبون کی سپرد کی جنہون نے بڑی دیانت سے کام کرکے آخر فتح پائی ویرس جب واپس [illegible]

روما کا نام بدنام کر رہا تہا تو آریلیس نے کل روما کے باشندونکو اپنے حسن انتظام سے خوشی اور ر
امن مین رکہا۔ جب ویرس واپس آیا تو اوسکی فوج اپنے ساتہ وبا آخر بدلائی چنانچہ جہان جہان
سے وہ فوج گذری وہان بیماری پہیل گئی جو کہ سات برس تک رہی۔ اسوقت ایک جنگ عظیم مارکومنائی
سے جرمنی کی سرحد پر شروع ہوا۔ اس لڑائی کی شروع مین ویرس ۱۶۹ء مین مارا گیا۔ اول رومیونکو
شکست ہوئی مگر آریلیس پہر فوج جمع کر کے اونکے ساتہ سخت لڑا اور فتحیاب ہوا۔ پہر قوم کواڈائی کے
ڈینیوب کی پار اوتر کر لڑنے گیا جہان کہ فوج باعث تشنگی کے نہایت ابتر حالت مین ہو گئی مگر
باعث طوفان کی نجات پا کر فتح پائی چنانچہ اس فتح کے سبب سے جرمنی کی قومون نے صلح کر لی۔
اسوقت شرق مین اویڈیس کیشیس بادشاہ بن بیٹہا مگر اونے اپنی سپاہ کو ناراض کر دیا۔
جسنے اوسکو مار ڈالا۔ لیکن آریلیس نے باغیون کو قتل کیا اور کیشیس کے خاندان کو اپنی حفاظت
مین لیلیا۔ آریلیس کو روم مین واپس آئی تہوڑی دن ہوئے تہے کہ دریائی رائن اور ڈینیوب پر
بڑی لڑائی برپا ہوئی یہہ حملہ ایسا بڑا تہا کہ بادشاہ کو خود اوسکی روکنی کے لئے جانا پڑا۔ جب بہت سے
فتوحات ان قومون پر حاصل کر کے اونکی انتظام کے درپئے ہوا تب اوسکو بخار نے ایسا گہیرا
کہ مقام وائینا پر ۱۸۰ء مین مر گیا۔ اوسکے بعد اوسکا بیٹا کموڈس تخت نشین ہوا۔ اسکی مان
فاسٹینا نے اسکو ایسا خراب کیا جو سب سے عیاشی مین بڑہ گیا اگرچہ جسمی طاقت بڑی رکہتا تہا
مگر لڑنے سے ڈرتا تہا۔ اوسنے کواڈائی اور مارکومنائی سے صلح کر لی اور وہ ملک جو اوسکے باپ نے فتح
کئے تہے پہیر دیئے۔ اس بادشاہ کی قتل کا اقدام کیا گیا تہا مگر وہ بچ رہا۔ اور اوسی دنسے سخت بے رحم
ہو گیا۔ اسکے بعد ایک اور مصیبت پیش آئی۔ میٹرنس سپاہی نے فرانس مین چورونکی
گروہ دان کو جمع کیے اور ہر ایک ملک کی بدمعاش بلا کر لوٹ مار کرنی شروع کی۔ اور پہر اٹلی مین
آکر بادشاہ کی قتل کا منصوبہ باندہا مگر بادشاہ کو یہہ راز معلوم ہو گیا اسلئے وہ گرفتار ہو کر مارا
گیا۔ اسکے بعد روما کے باشندون نے وزیر کلینڈر کے ہاتہ سے تنگ آکر سرکشی کی کموڈس نے
فساد سے ڈر کر اپنے وزیر کو مار ڈالا۔ جب بادشاہ تہیٹر سے محل کو جاتا تہا تو اوسکی بیوی نے کچہ ہیجین

Marfat.com

کی اس سبب سے وہ خفا ہوا اور اوسکے مارنیکا ارادہ کیا جب اوسکو یہہ معلوم ہوا تو اوسنے کموڈس کو جوابدیدہ پاکر ۱۹۲ء میں مار ڈالا +

چوتھی فصل تجارت کی بیان مین جو انٹونائن کے وقت مین ترقی پائی

جیسا آگسٹس کیوقت مین رومیون کی شان شوکت نے ترقی پائی تہی ویسا ہی انٹونائن کیوقت مین تجارت کو عروج حاصل ہوا - اس کیوقت مین خاصکر ہندوستان کی ساتہہ رابطہ تجارت کا ہوگیا پالمائرا جو دریائے فرات سے ۵۰ میل کی فاصلہ پر تہا بحیرہ میڈیٹرینین سے ۱۰۰ میل یہان آکر سوداگری کرتے تہے اور اکثر لوگ دریائے اوکسس (جیحون) اور کیسپین سے آکر قسطنطنیہ پر تجارت کیا کرتے تہے وہانکی سوداگر بحیرہ اسود سے گذر کر اینٹولیا سے اور دریائے فرات سے پار ہوکر اکبطانہ (ہمدان) کو پہنچتے تہے وہانسے جرجان اور دمگان مین آکر وہانسے ہرات کو جاتے تہے اور بعضی بلخ کو جاتے تہے بلخ سے ہندوستان کیطرف دو رستے ہین ایک رستہ شمالی ہندوستان جو کوہ ہمالہ کے اوپر ہی اور جسکو کوہ ہندوکش کے رستے جاتے تھے اوس رستہ کو ہندوکش کہتے ہین - اور دوسرا رستہ چین کی سرحد سے ہوکر کوہ بلور تاغ سے جاتے تہے اور اس رستہ کا نام چہل ستون تہا چونکہ یار تہیا والے اسکو لوٹ لیا کرتے تہے اسلئے انٹونائنس نے یہہ کوشش کی کہ چین والونسے بحری رستہ بہم پہنچی مگر اسکا نتیجہ معلوم نہین اور بیان سابقہ سے واضح ہوتا ہے کہ مصر اور ہندوستان مین ٹولمیونکے عہد مین کسیقدر سوداگری ہوئی جسکے بعد جہازرانی موقوف ہوئی مگر اس سے ۱۰ برس بعد ہاپلس باب المندب کی رستہ سے ایک جہاز ہندوستان کو لیگیا اور ساحل مالابار مین لنگر کیا مصر کی اشیار تجارتی کشتیونمین دریائے نیل پر سمندر کیطرف لائی جاتی تہین اور وہان سے ہندوستان کو روانہ کیجاتی تہین - سوداگر لوگ اکتوبر مین مال ہندوستان لیجاتے تہے اور دسمبر مین واپس آتے تہے - بڑی اشیا سوداگری ہندوستان کی یہہ ہین مصالحہ - جواہرات - ململ - اور چین کا ریشمی کپڑا - اور باہر سے یہہ آتی تہین - پشمینہ - کتان - شیشہ - شراب - وغیرہ کموڈس نے وسط افریقہ مین سوداگری شروع کی اور افریقہ سی بہت سا فلہ

مصر مین آتا تہا بحیرہ ہود کی سوداگری یونانیون کیوقت بہت تہی - اور رومیون کیوقت کم
ہوگئی - اور کوئی سوداگر بحر اطلانٹک سے مال نہین لیجاتا تہا - قلعی کی سوداگری دریائی ڈیوب کے کنارہ سے
ہوتی تہی اور سمور ستہیا والون سے خریدا جاتا تہا ✽

پانچوین فصل خاندان لیوپا کی زوال سے سکندر سیویرس کی قتل کے بعد جنگی تسلط کے قائم ہونے تک ۱۹۲ء سے ۲۳۵ء تک

پریٹوریین گارڈ (فوج خاصہ) نے پہلے ہیلویس پرٹینکس کو اپنا شہنشاہ قرار دیا لیکن وہ اس سے
خوش نہ تہے - ممبران سنٹ نے اوسکو بڑی گرمجوشی اور خوشی سے منظور کیا اوسنے حرم سرا کے
کی مصارف مین بہت تخفیف کی سا اور اوس جائداد کو جو بادشاہان سابق نے ضبط کی ہوئی تہی مستحق
وارثون کا بحال کر دیا - اون لوگون کو جنہون نے کموڈس کو تعدی اور ظلم پر ورغلایا تہا سزا دی -
ان اصلاحون سے پریٹوریین گارڈ نے برفروختہ ہو کر تین ماہ کی بعد شہنشاہ کو قتل کیا اور اوسکی بعد
پریٹوریین گارڈ نے یہہ اعلان دیا کہ بادشاہت اوسکی ہاتہہ فروخت کیجائیگی جو سب سے زیادہ
قیمت ادا کریگا چنانچہ اونہون نے ڈیڈیس جولینس کو جو روما کا بڑا بہاری متمول آدمی تہا بادشاہ
بنایا مگر جب کبہی وہ باہر نکلتا تہا تو روما کی عوام الناس اوسپر بڑی لعن طعن کرتے تہے -
